بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# SENATE DEBATES
# SENATE OF PAKISTAN

*Sunday, the 15th December, 1985*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (State Bank Building), Islamabad, at 10.00 a.m. with Mr. Deputy Chairman (Makhdoom Muhammad Sajjad Hussain Qureshi) in the Chair.

*(RECITATION FROM THE HOLY QURAN)*

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

إِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِينًا ۙ لِّيَغۡفِرَ لَكَ اللّٰهُ
مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنۢبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ
نِعۡمَتَهُۥ عَلَيۡكَ وَيَهۡدِيَكَ صِرَاطًا مُّسۡتَقِيمًا ۙ
وَيَنصُرَكَ اللّٰهُ نَصۡرًا عَزِيزًا ۝ هُوَ الَّذِيٓ
أَنزَلَ السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ الۡمُؤۡمِنِينَ
لِيَزۡدَادُوٓا إِيمَانًا مَّعَ إِيمَانِهِمۡ ۗ وَلِلّٰهِ
جُنُودُ السَّمٰوٰتِ وَالۡأَرۡضِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ
عَلِيمًا حَكِيمًا ۙ لِّيُدۡخِلَ الۡمُؤۡمِنِينَ
وَالۡمُؤۡمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا
الۡأَنۡهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَا وَيُكَفِّرَ عَنۡهُمۡ
سَيِّـَٔاتِهِمۡ ۚ وَكَانَ ذٰلِكَ عِندَ اللّٰهِ
فَوۡزًا عَظِيمًا ۙ

ترجمہ: شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔
بے شک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح فرما دی تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ
بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کرے

اور تمہیں سیدھی راہ دکھا دے اور اللہ تمہاری زبردست مدد فرمائے۔ وہی ہے
جس نے ایمان والوں کے دلوں میں اطمینان اتارا تاکہ انہیں یقین پر یقین بڑھے اور
اللہ ہی کی ملک ہیں تمام لشکر آسمانوں اور زمین کے۔ اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔
تاکہ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں لے جائے جن کے نیچے
نہریں رواں ہمیشہ ان میں رہیں اور ان کی برائیاں ان سے اتار دے۔ اور یہ اللہ
کے یہاں بڑی کامیابی ہے۔"

## Questions And Their Answers

جناب ڈپٹی چیئرمین: وقفہ سوالات، سوال نمبر ۲۵۰ جناب ملک صاحب!

### POSTS OF EDUCATION ATTACHES AND ASSISTANT EDUCATION ATTACHES

250. ***Haji Malik Faridullah Khan :** Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) the total number of posts of Education Attaches and Assistant Education Attaches, separately, for posting abroad, indicating also the name of countries where these are located ;

(b) the break-up of the said posts filled up on provincial/regional quota basis as at present ; and

(c) whether it is a fact that no Educational Attache has ever been selected from the FATA ; if so, the reason therefor and the measures proposed to be adopted to ensure fair representation in the said service to FATA ?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo** (Answered by Rai Mansab Ali Khan): (a) There are 5 posts of Education Attaches and 1 post of Assistant Education Attache in the following Countries :

*Education Attaches*

1. U.S.A.
2. U.K.
3. Saudi Arabia.
4. Abu Dhabi.
5. Turkey.

*Assistant Education Attache*

1. Saudi Arabia.

(b) No. provincial/regional quota is prescribed for these posts in the relevant recruitment rules of these posts. The selection is made purely on merit basis.

(c) it is a fact that no Education Attache has ever been selected from FATA because of non-availability of suitable candidate from FATA who fulfilled the conditions of qualifications and experience as prescribed in the relevant recruitment rules.

جناب شاد محمد خان : جناب والا! میں پوچھ سکتا ہوں کہ اس میں کوٹہ کیوں مخصوص نہیں ہے۔ حالانکہ بقایا سروسز میں ہے لیکن ایجوکیشن میں نہیں ہے؟

رائے منصب علی خان : اس سلسلے میں گذارش ہے کہ کوئی ریجنل یا پروونشل کوٹہ مقرر نہیں ہے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ تمام پاکستان بنیادوں پر چناؤ ہوتا ہے اور یہ اہلیت اور قابلیت کی بنا پر ہوتا ہے۔

جناب شاد محمد خان : جناب والا! کیا آئندہ کے لئے کوٹہ مقرر کرنے کے لئے کوئی ایسا معاملہ زیر غور ہے تاکہ سارے صوبوں کو نمائندگی ملے؟

رائے منصب علی خان : فی الحال تو ایسی کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : ضمنی سوال جناب! کیا وزیر محترم یہ بیان فرمائیں گے کہ سعودی عرب اور ابوظہبی میں اتاشیوں کی کتنی تعداد ہے؟

رائے منصب علی خان : جناب چیئرمین! یہ جواب تو میں نے دے دیا ہے۔ ایک امریکہ میں دو برطانیہ میں اور ایک ایک یہ مقرر کئے گئے ہیں۔ سعودیہ میں ایک آدمی مقرر ہے اور ایک اسسٹنٹ کی پوسٹ سعودی عرب میں ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا حکومت کے زیر غور تجویز ہو سکتی ہے کہ ان صوبوں کو نمائندگی دی جائے خصوصاً پسماندہ علاقوں سے؟

رائے منصب علی خان : میں نے عرض کیا ہے کہ یہ جو ایجوکیشن اتاشی ہیں

ان کا قابلیت اور اہلیت کی بنا پر چناؤ کیا جاتا ہے اور پاکستان کے تمام علاقوں کو اس میں نمائندگی دی جاتی ہے لیکن اس میں کوئی کوٹہ مقرر نہیں ہے ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Next. question.

ENCOURAGEMENT OF AUTHORS BY NATIONAL BOOK COUNCIL

253. ***Mir Ali Nawaz Khan Talpur :** Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the National Book Council has launched a scheme to assist authors and publishers, by purchasing 250 copies of every new book by the National Book Council ;

(b) whether it is also a fact that this scheme is confined to the works in English and Urdu only ; and

(c) whether Government intends to instruct the National Book Council to include *Punjabi, Pushto, Sindhi and Baluchi* works in the said scheme ?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo** (Answered by Rai Mansab Ali Khan): (a) Yes. The National Book Council of Pakistan has launched a scheme to collect original manuscripts of books written by Pakistani authors and it will guarantee the purchase of 250 copies at agreed price on printing of accepted manuscripts to provide support to authors and publishers.

(b) Yes.

(c) No. If the scheme attracts reasonable number of scholarly manuscripts in Urdu and English a similar scheme will be contemplated also for manuscripts in regional languages.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا وزیر موصوف ان مصنفین اور ناشرین کے نام بتا سکیں گے؟

رائے منصب علی خان : اس کے لئے تازہ نوٹس چاہیئے ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Next. question.

UNIVERSITY GRANTS COMMISSION

254. ***Mir Ali Nawaz Khan Talpur** (Put by Syed Abbas Shah) Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) whether it is a fact that there is no entry in the Federal as well as Concurrent Legislative List, as enumerated in the Fourth

Schedule to the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973 authorising the Federal Government to create the University Grants Commission ; and

(b) if so Constitutional basis for the setting up of the University Grants Commission ?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo** (Answered by Rai Mansab Ali Khan):(a) No. It is not a fact as the Federal Legislative list includes national planning and co-ordination of scientific and techonology research and the Concurrent Legislative List in the 4th Schedule to the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973 provides for the provision of Curriculum, Syllabus, Planning, Policy, Centres of Excellence and standards of Education. In order to perform the functions as envisaged in the Federal and Concurrent Legislative List, the University Grants Commission was established by an Act of parliament in April, 1974. The Commission is entrusted with the task of promotion and coordination of university education, the determination and maintenance of standard of teaching, examination and research in universities the orientation of university programmes to national need.

(b) Not applicable.

جناب شاد محمد خان : کیا یہ درست ہے کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے وجود میں آنے کے بعد نئی یونیورسٹی کے cases جو وہاں آتے ہیں وہ سرد خانے میں دب جاتے ہیں ان پر کوئی عمل درآمد نہیں ہوتا اس لئے کام میں رکاوٹ پڑ جاتی ہے؟

رائے منصب علی خان : نہیں جناب یہ درست نہیں ہے۔

**Mr. Deputy Chairman :** Next 255.

## Admission Quota Reserved for Backward Citizens in Educational Institutions

255. ***Mir Ali Nawaz Khan Talpur :** Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) whether it is a fact that under sub-clause (b) of clause 3 of Article 22 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan no

[Mir Ali Nawaz Khan Talpur]

citizen shall be denied admission to any educational institution receiving aid from public revenues on the ground only of race, religion, caste or place of birth and clause 4 of the same Article allows deviation only for the advancement of socially or educationally backward class of citizens ;

(b) whether it is also a fact that in violation of sub-clause (b) of clause 3 of Article 22 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan certain quotas has been reserved but there is no quota fixed for the advancement of socially or educationally backward class of citizens ; and

(c) if so, whether Government intends to reserve quota for Kolhis and Bhils who are educationally and socially backward classes for admission to educational institutions ?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo** (Answered by Rai Mansab Ali Khan): (a) Yes.

(b) No. quota reserved for Minorities includes Kolhis and Bhils.

(c) No. special seat or quota for Bhils and Kolhis is under consideration of the Government as the quota reserved for minority communities, includes Bhils and Kolhis.

**Mir Ali Nawaz Khan Talpur :** What is the percentage of quota for the minority community Sir ?

**رائے منصب علی خان :** minority کے لئے مختلف صوبوں میں مختلف پوزیشن ہے صوبہ سرحد میں ان کی پوزیشن یہ ہے کہ انجنیئرنگ یونیورسٹی میں ۳ ، پشاور یونیورسٹی کے لئے چار ، گومل یونیورسٹی کے لئے ۳ ، ایگریکلچر کے لئے ایک ، اور دوسرے کالجز میں ۵ فیصد کوٹہ مقرر ہے۔ بلوچستان میں انجنیئرنگ کے لئے ایک سیٹ ہے ۔ دوسرے صوبوں میں پنجاب میں بھی کوٹہ مقرر ہے۔ دوسرے ایڈمشن میرٹ پر ہوتے ہیں۔ سندھ میں بھی یہی صورت ہے۔

**Mir Ali Nawaz Khan Talpur :** Sir, supplementary question ; I would like to say that minority is always deprived on the basis of merit Sir, would you like to throw some light on that ?

رائے منصب علی خان : میں سمجھا نہیں سوال ذرا دوبارہ کریں ۔

میر علی نواز خان تالپور : جناب مینارٹی کو آپ میرٹ کی سیٹ دینے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔؟

رائے منصب علی خان : یہ غلط بات ہے ، ایسا کیسے ہو سکتا ہے ۔ مینارٹی کو ہم تو صحیح دیتے ہیں ؟

انجینئر سید محمد فضل آغا : پوائنٹ آف آرڈر سر ، ابھی محترم وزیر صاحب نے فرمایا کہ بلوچستان میں انجینئرنگ کالج کے لئے ایک سیٹ رکھی گئی ہے کیا بلوچستان کے انجینئرنگ کالج نے کام شروع کر دیا ہے ؟

رائے منصب علی خان : سیٹ اس کے لئے مخصوص کی گئی ہے جب وہ قائم ہو گا تو سیٹ دے دی جائے گی ۔

**Mr. Deputy Chairman:** Yes. Mr. Jabbar Question No. 256.

INTERNATIONAL YEAR OF THE YOUTH, 1985

256. ***Mr. Javed Jabbar** (put by Prof. Khurshid Ahmed): Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the majority of programmes, schedule for implementation during the International Year of the Youth, 1985 for the period January–October, 1985 have not been implemented ;

(b) if the answer to (a) above be in the affirmative, the reasons therefor ; and

(c) the measures being adopted to ensure that the funds allocated, but un-utilised up to the end of 1985 will be put to good use before the end of the year ?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo** (Answered by Rai Mansab Ali Khan): (a) No. The actual situation is that most of the programmes have been implemented. However, some of the programmes were planned to be implemented in two phases. Programmes of phase I have been completed while the

programmes of phase II are so planned that their implementation would require a few months during 1986. The programmes were not planned for the period January to October, 1985 only because the organizations to whom the funds were released were free to schedule their activities without disturbing their academic programme. As such implementation has not been delayed.

(b) Not applicable.

(c) No funds shall lapse because the programmes are ir operation.

**Mr. Deputy Chairman**: Privilege Motion.

**جناب شاد محمد خان** : جناب والا! Point of Privilege دوبارہ آپ کے توسط سے پریس کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ پریس کے نمائندے جو یہاں موجود ہوتے ہیں وہ کسی خاص خیال کو اجاگر کرنے کے لئے بیٹھے ہوئے ہیں یا وہ سب ممبروں کے ساتھ کما حقہ انصاف کریں گے کہ کم از کم میں آپ کی وساطت سے اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ نام تک اخبار میں درست نہیں آتا۔ لہذا میں آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ آپ ان کو حکم دیں یا طریقہ کار ایسا وضع کریں کہ وہ سب کے ساتھ یکساں سلوک کریں اور ایک مکتب فکر کو اجاگر کرنے کے لئے اخبارات کو استعمال نہ کیا جائے۔

**پروفیسر خورشید احمد** : ہمیں شاد صاحب سے پورا اتفاق ہے یہ کسی مکتب فکر کا سوال نہیں ہے ہر ایک کا نام درست آنا چاہیئے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** : مگر یہ کوئی پرویلج تو نہیں بنتا۔ اس معاملے میں پریس بالکل آزاد ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جمہوریت کے لئے اور قوم کے لئے یہ قابل فخر ہے لیکن میری سمجھ میں یہ کوئی پرویلج نہیں بنتا۔

**سید عباس شاہ** : وہ غلط نام نہ لکھیں، کم از کم صحیح نام لکھیں۔

**جناب اقبال احمد خان** : جناب چیئرمین! آپ یہ ہدایت تمام پریس کے دوستوں کو فرما دیں کہ وہ رپورٹنگ میں احتیاط کیا کریں، اور یہ درست بات ہے کہ اکثر ناموں میں غلطی ہو جاتی ہے تو وہ مہربانی فرمائیں اپنی رپورٹنگ

کو درست کریں۔ اس سے کافی غلط فہمیاں بھی پیدا ہو سکتی ہیں۔ میرے خیال میں پریس کے دوستوں کے لئے آپ کی ہدایت کافی ہو گی، اور وہ اپنے آپ کو درست کر لیں گے۔

پروفیسر خورشید احمد : یقیناً یہ بھی کریں لیکن تمام افراد کے ناموں کی لسٹ پریس والوں کو فراہم کر دی جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : فہرست تو فراہم کر دی جائے گی، مگر اس معاملے میں، میں سمجھتا ہوں ہم انہیں کوئی ڈائریکشن یا ہدایت، نہیں دے سکتے۔ یہ ان کی اپنی صوابدید پر ہے۔

جناب اقبال احمد خان : میں نہایت ادب و احترام سے عرض کروں گا کہ ناموں کی درستگی کی آپ ہدایت دے سکتے ہیں کہ نام جو ہیں وہ درست شائع کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : وہ تو میں نے گزارش کی ہے کہ فہرست اگر ان کے پاس نہیں ہے تو وہ ان کی خدمت میں پیش کر دیں گے۔ اچھا جناب، پریولج موشن نمبر ۲۷، مولانا کوثر نیازی صاحب؟

مولانا کوثر نیازی : جناب چیئرمین! وہ آپ کی خدمت میں پیش ہو چکی ہے اور حسب وعدہ چار دن پورے ہو چکے ہیں۔ تو وزیر صاحب اس پر کچھ روشنی ڈالیں۔

جناب اقبال احمد خان : جناب والا! میں معزز سینیٹر کا شکر گزار ہوں میری ایک دفعہ پھر آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں استدعا ہے مجھے ایک دو دن کا اور موقع دیا جائے یہ کافی آئینی مسئلہ ہے میں پوری طرح وقت نہیں نکال سکا اس پر غور کرنے کے لئے، اور انشاء اللہ ایک دو دن کے اندر میں گورنمنٹ کا جو موقف ہو گا وہ پیش کر دوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ایک دو دن کی بجائے ابھی تو دسمبر کا مہینہ چل رہا ہے۔

جناب اقبال احمد خان : اسی سیشن کے دوران، اگر اجازت ہو تو میں

[Mr. Iqbal Ahmed Khan]

خود عرض کر دوں گا اور ان سے مشورہ کرنے کے بعد میں خود عرض کر دوں گا مگر آج اسے take up کر لیں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** مولانا صاحب یہ درست ہے۔

**مولانا کوثر نیازی :** جی مناسب ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** شکریہ۔ Privilege Motion No. 35 محترم میر علی نواز خان تالپور صاحب، یہ بھی پریس رپورٹنگ پر ہے۔

## PRIVILEGE MOTION *RE:* MISREPORTING OF THE SPEECH OF A SENATOR BY A.P.P.

**Mir Ali Nawaz Khan Talpur :** Sir, I ask for leave to raise a question of Privilege namely, that the privilege of the undersigned has been breached by the gross misreporting of my speech on Thursday the 12th December, 1985 in the Senate on the resolution concerning the repatriation of *Beharis,* by the Government controlled Associated Press of Pakistan as published in 'Jang' Karachi on 13th December, 1985.

Whereas the record of my speech in the Senate will show, I called for a fair and equitable resettlement of our *Beharis* brothers from Bangladesh in all Provinces of Pakistan to avoid placing additional burden on Sind Province, the A.P.P. reported wrongly the alleged fact which implied that I simply supported their repatriation.

By omitting my special emphasis on resettlement in all four Provinces the A.P.P. report has created serious misunderstanding and resentment amongst the people of the interior of Sind. Therefore, this question be discussed at the first opportunity so that the Senate may resolve that the Government controlled News Agency A.P.P. be directed to clarify the omission so that my views on this important question are correctly conveyed to the nation in general and to the province, which I represent, in particular.

**Mr. Hamid Nasir Chattha :** Sir, I have teleprinter release here issued by the A.P.P. on the subject and I will quote. "Mir Ali Nawaz Khan Talpur supporting the resolution, said that the Muslim brothers living in Bangladesh should be shifted to Pakistan. He said those brothers should be settled in all the four Provinces and added that the people of Sind will wellcome them open heartedly." This is the release of the A.P.P. Mr. Chairman, the daily 'Jang' has said that people of Sind will welcome them open-heartedly. Now, Sir, if 'Jang' Karachi has not given the news correctly, 'Jang' being a private newspaper is entirely and fully responsible for the news and views

published in that paper. It is not the responsibility of the Ministry of Information. Both these august Houses are being clamouring and rightly so about the freedom of press. We have given them that freedom and they are fully responsible for exactly what they print in that.

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you.

**Mir Ali Nawaz Khan Talpur :** Sir, my point is that the news given in the headlines is given by APP, Sir.

جناب اقبال احمد خان : جناب والا! ہیڈ لائن تو اخبار والے خود دیتے ہیں سوال یہ ہے کہ APP نے خبر دی اس کے مطابق جس طرح ابھی محترم وزیر صاحب نے بیان کیا کہ "جنگ راولپنڈی میں بالکل اسی طریقے سے شائع ہوئی ہے جس طریقے سے News ریلیز ہوئی ہے۔ اب یہی APP کی ریلیز کراچی پہنچی۔ اب اخبارات والے خود دیکھتے ہیں کہ کس کو ہیڈ لائن لگائی جائے یہ ہر ایک اخبار کی اپنی پالیسی اور طریقہ ہے۔ APP کی ذمہ داری صرف خبر پہنچانا ہے۔ APP کی بعض نیوز ایسی بھی ہوتی ہیں جس کو اخبارات چھاپتے بھی نہیں۔ یہ ان کی اپنی پالیسی اور طریقہ کار ہوتا ہے۔

نواز کی Privilege Motion جس سے انہوں نے زور اس بات پر دیا ہے کہ APP نے خبر اس طرح سے create کی ہے۔ جناب وزیر متعلقہ نے خبر پڑھ کر سنا دی ہے۔ اس طرح انہوں نے صحیح بھیجی ہے جس طرح آپ نے یہاں بیان دیا تھا۔ اب اخبار کی اپنی مرضی ہے کہ کس طرح سرخی لگاتے ہیں کس طرح نہیں لگاتے۔ اس میں کسی نیوز ایجنسی کی ذمہ داری نہیں ہوتی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : درست ہے۔ درست ہے۔

میر علی نواز خان تالپور : اخبارات والے جناب نام تک صحیح نہیں لکھتے میرا نام میر علی احمد تالپور لکھا گیا ہے۔

جناب حمزہ خان پلیجو : سر یہ APP کی جو خبر پڑھی گئی ہے اس میں یہ کہا گیا ہے کہ میر صاحب نے اس موشن کو سپورٹ کیا ہے۔ حالانکہ اس

میں ایسی کوئی بات ہی نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میری یہی گذارش ہے کہ اس معاملے میں Inadequate اور non-reporting رپورٹنگ پر breach of privilege نہیں بنتا۔ یہ میں گذارش کر چکا ہوں۔

**Mr. Javed Jabbar :** May I submit, Sir, it is not inadequate reporting or incomplete reporting. Sir, it is mis-interpretation of the honourable Senator's remarks and he has a genuine point of privilege. Sir, his constituency of people belonging to this area have been flooding him with calls reportedly becasue of this mis-interpretation. So, perhaps, a request from yourself will do a great deal in re-assuring the press as to what the Senator meant, so that such a misunderstanding is avoided in future.

**Mr. Hasan A. Shaikh :** Sir, probably, Mr. Javed Jabbar does not believe in the freedom of press. He wants........*(interruptions)*

**Mr. Deputy Chairman :** How can I direct the press ; how can I issue a directive ?

**Mr. Javed Jabbar :** Point of Order, Sir, I am not requesting you Sir, to direct the press. I am pointing out that in the Senate Secretariat there is no mechanism for clear instructions or identification of Senators to be provided to the press. There is no mechanism for accurate versions of what the Senators speak to be provided to the press every day. There should be a briefing mechanism so that if there is any misunderstanding it can be clarified. The only opportunity that Senators get to clarify these issues is through raising privilege motions or adjournment motions, and as to whether one believes in the freedom of Press, I do not wish to dignify the comment made by my colleague. I belong to the communications media ; I have upheld the freedom of press long before I was elected to the Senate and I shall continue to do so. While other people support systems and governments which enforce the press and publications of Ordinances in this country.

**Mr. Hasan A. Shaikh :** It is very clear.

جناب ڈپٹی چیئرمین : تو میں محترم میر صاحب کی خدمت میں گذارش کروں گا اس پر بحث ہو چکی ہے۔ اس کو آپ اب پریس تو نہیں کریں گے؟

**Mir Ali Nawaz Khan Talpur :** Any assurance.

جناب ڈپٹی چیئرمین : پریس اتنا ذمہ دار میڈیا

ہے - یہاں بحث ہو جانا بھی میں سمجھتا ہوں ------ (مداخلت)

**Mir Ali Nawaz Khan Talpur :** I don't know but I will not press it.

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you. adjournment motions.

No. 47 – Maulana Kausar Niazi Sahib.
No. 48 – Mr. Ahmed Mian Soomro.

## ADJOURNMENT MOTION *RE*: BANNING ENTRY OF POLITICAL LEADERS IN SIND

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! میں ایک دفعہ پھر متعلقہ وزیر صاحب کے حافظے کو تازہ کرنے کے لئے اپنی موشن پڑھ دیتا ہوں۔

"ایک خبر کے مطابق ایم آر ڈی کے ممتاز رہنماؤں نوابزادہ نصراللہ خان، عبدالولی خان، مسٹر غوث بخش بزنجو، اور مولانا فضل الرحمان کو سندھ میں داخل ہونے سے روک دیا گیا ہے نوابزادہ صاحب اور بزنجو صاحب کراچی پہنچ چکے تھے انہیں واپس بھیج دیا گیا ہے۔ ایئر مارشل ریٹائرڈ اصغر خان پر ایسی پابندی لگ چکی ہے۔ یہ صورت حال ملکی امن وامان، استحکام اور بحالیٔ جمہوریت کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے کے مترادف ہے میں تجویز کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر صورت حال پر بحث کی جائے۔"

جناب اقبال احمد خان : جناب والا! مجھے کچھ اس طرح یاد پڑتا ہے کہ جناب احمد میاں سومرو صاحب سینیٹر نے یہ استدعا کی تھی کہ وہ شاید ایک دو دن کے لئے رخصت پر ہوں گے اور اس ایوان میں نہیں ہوں گے۔ اس لئے انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ ایڈجرنمنٹ موشن نمبر ۴۸ بھی اسی موضوع پر ہے انہوں نے کہا تھا کہ میرا انتظار کر لیا جائے۔ غالباً اس بنا پر کہ جناب وزیر داخلہ نہیں آئے، کیونکہ ایک پروگرام ملتا ہے اس کے مطابق یہ طے پاتا ہے کہ کون سی ایڈجرنمنٹ موشن کس روز آئے گی۔ آج چونکہ وہ یہاں تشریف نہیں رکھتے۔ اور جناب سینیٹر احمد میاں سومرو بھی نہیں ہیں تو میری یہ درخواست ہوگی کہ اگر آپ

[Mr. Iqbal Ahmed Khan]

اس کو کل پہ ملتوی کریں تو اس صورت میں احمد میاں سومرو صاحب نے ہاؤس کے اندر استدعا کی تھی کہیں یہ تصور نہ کیا جائے کہ ان کے کہنے کے باوجود ان کی موشن پر پہلے ہی فیصلہ ہو جائے میں اپنے واجب الاحترام دوست کوثر نیازی صاحب سے استدعا کروں گا کہ یہ دونوں کل لے لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : حضرت درست ہے؟

مولانا کوثر نیازی : جناب چیئرمین ! بات یہ ہے کہ مجھے خان اقبال خان کے over burdened ہونے کا بہت احساس ہے اور یہ تنہا لڑ رہے ہیں۔ اور واقعتاً یہ نہ ہوں تو شاید حکومت collapse ہو جائے یہ موشن میں تین دن پہلے پڑھ چکا ہوں اس دن آپ نے اسے ملتوی کیا، اتوار تک، اور سومرو صاحب نے اتوار تک کے لئے ملتوی کرنے کا کہا تھا۔ وہ آج تشریف نہیں لائے۔ ان کی ایڈجرنمنٹ موشن آپ کب take up کرتے ہیں مجھے اس میں بحث نہیں۔ سوال یہ ہے کہ میں یہ پڑھ چکا ہوں تین دن پہلے اور یہ بات طے ہو چکی تھی clear cut کہ اتوار کو یہ زیر بحث آئے گی۔ کل رات نائب وزیر داخلہ یہاں موجود تھے اور انہیں یہ علم تھا کہ آج یہ زیر بحث آنے والی ہے۔ بڑے وزیر صاحب ممکن ہے بیمار ہوں مگر چھوٹے وزیر صاحب کو کیا ہوا وہ تو ماشاءاللہ صحت مند ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ اس طرح آپ ہماری ایڈجرنمنٹ موشنز ملتوی کرتے جائیں گے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت ہاؤس کو seriously لیتی ہی نہیں، یا آپ خود ہی اس موشن کا جواب دے دیں۔

جناب اقبال احمد خان : جناب چیئرمین ! گذارش یہ ہے کہ میں اس مسئلہ میں الجھنا نہیں چاہتا تھا کہ اس کی ٹیکنیکلٹی پر بات کروں۔ پھر

طور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ٹیکنیکلی سہارا لینے کے ساتھ اگر فیکٹس (facts) بھی سامنے آجائیں تو حکومت کو انہیں درست کرنے اور پالیسی مرتب کرنے میں کافی مدد ملتی ہے۔ میں نے اس لئے گذارش کی تھی کہ بجائے اس کے کہ میں یہ اعتراض کروں کہ یہ technicality in Order نہیں ہے میں اسے مناسب نہیں سمجھتا ہوں۔

**مولانا کوثر نیازی :** جناب چیئرمین! میری صرف اتنی گذارش ہے کہ آپ اپنے اختیارات کو استعمال کر کے وزراء صاحبان سے یہ کہیں کہ وہ ہاؤس کے کام کو seriously لیں۔ فائلوں سے زیادہ یہ کام اہم ہے۔ آپ انہیں کہیں کہ کل وہ ہر حال میں اجلاس میں موجود ہوں۔ آپ بھی تو ذرا اپنے اختیارات استعمال کر کے دیکھیں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** شکریہ۔ پھر اسے کل تک کے لئے ملتوی کر دیا جائے؟

**مولانا کوثر نیازی :** وزیر صاحب کو آپ کچھ نہیں کہیں گے؟

**جناب اقبال احمد خان :** میں آپ کی اجازت سے معزز سینیٹر کو یقین دلاتا ہوں کہ کل متعلقہ وزیر ضرور حاضر ہوں گے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** شکریہ، میرے خیال میں اب تو مولانا صاحب کافی یقین دہانی ہو گئی ہے۔ اب تحریک التوا نمبر ۲۹، کو لیتے ہیں۔ جو کہ عبدالرحیم میرداد خیل کے نام پر ہے۔

**مولانا کوثر نیازی :** جناب چیئرمین! کل ایک اور میری ایڈجرنمنٹ موشن زیر بحث آنے کو تھی وہ میں نے پڑھی تھی، اس پر میں اپنے خیالات کا اظہار نہیں کر سکا تھا۔ آپ نے فرمایا تھا کہ پڑھ دی جائے۔ وہ انٹرڈیوس ہو چکی ہے۔ اس کے بارے میں عرض کرتا ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** اگر ایسے ہے تو آپ پھر بے شک اس پر اظہار خیال فرمائیں۔

**جناب عبدالرحیم میرداد خیل :** اگر آپ ممبر وائز لیں تو مہربانی ہو گی۔

مولانا کوثر نیازی : میری پہلے انٹروڈیوس ہو چکی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرداد خیل صاحب کے بعد آپ کی آتی ہے پوزیشن یہ ہے۔

مولانا کوثر نیازی : جو جناب پڑھی جا چکی ہو۔ جو انٹروڈیوس ہو چکی ہو، جو چیز ٹیک اپ ہو چکی ہوتی ہے اسے پہلے لیا جاتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ۔ وہ آگے آرہی ہے۔ میرداد خیل صاحب، نمبر ۲۹،

## ADJOURNMENT MOTION *RE:* HOSTEL ACCOMMODATION IN EDUCATIONAL INSTITUTIONS IN QUETTA

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ یکم ستمبر ۱۹۸۵ء کو ...... (مداخلت)

مولانا کوثر نیازی : پوائنٹ آف آرڈر، جناب پاشا صاحب تشریف لے آئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : فرمائیے، عبدالرحیم میرداد خیل صاحب ؟

مولانا کوثر نیازی : جناب میں نے پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے کہ میری تحریک التوا اسی بنا پر ملتوی ہوئی تھی کہ وزیر صاحب موجود نہ تھے اب چونکہ انہوں نے قدم رنجہ فرما لیا ہے اس لئے مناسب ہوگا کہ اسے اب ٹیک اپ کر لیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں گزارش کروں گا کہ جب ایک دفعہ فیصلہ ہو گیا کہ کل اسے لیا جائے گا تو اس پر عمل کریں۔ کیونکہ اگر ہم اسی طرح چلتے رہے ........ (مداخلت)

مولانا کوثر نیازی : جناب میں گزارش کروں گا کہ میری تحریک اس بنا پر ملتوی ہوئی تھی کہ متعلقہ وزیر موجود نہ تھے اب صورت یہ ہے کہ شرط فوت ہوئی تو مشروط آپ سے آپ فوت ہو گیا۔ اب چونکہ وزیر صاحب تشریف لائے ہیں اس لئے وہ پہلے والی صورت حال بھی ختم ہو گئی ہے۔ اب آپ رولنگ دے چکے ہیں لیکن اس کے باوجود اسے ٹیک اپ

کرا سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اب یہ کل ہی پیش ہو گی میر داد خیل صاحب آپ پڑھیں۔

جناب عبدالرحیم میر داد خیل : نمایاں طور پر یہ خبر شائع ہوئی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ پہلے یہ پڑھ چکے ہیں ؟

جناب عبدالرحیم میر داد خیل : جی ہاں ۔

جناب چیئرمین : تو پھر اب منسٹر صاحب جواب دیں گے ۔

رائے منصب علی خان : جناب چیئرمین ! میں معزز رکن سے معذرت خواہ ہوں ، یہ مسئلہ صوبائی ہے اور یہ وفاقی حکومت کے دائرہ کار سے بالکل خارج ہے اس لیئے اس پر اس معزز ایوان میں بحث نہیں ہو سکتی ۔ یہ بالکل صوبائی مسئلہ ہے اور اسے صوبائی سطح پر ہی زیر بحث آنا چاہیئے ۔

جناب عبدالرحیم میر داد خیل : یہ ٹھیک ہے جناب چیئرمین کہ یہ صوبائی مسئلہ ہے یہ قوم کے بچے ہیں ، یہ نہیں دیتے ہیں ، ان کا رہائش کا مسئلہ ہے ۔ یہ اس لیئے فیس دیتے ہیں کہ ان کو ہاسٹلوں میں جگہ ملے ۔ بولان میڈیکل کالج ہے ، اسی طرح دوسرے کالج ہیں ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ ان میں ہر حالت میں ان کو جگہ ملنی چاہیئے ۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو ان کو آپس میں گروپوں کی شکل میں لڑانے کے لئے ایک صوبائی مسئلہ کھڑا ہو جائے گا اور امن و امان کا مسئلہ کھڑا ہو جائے گا ۔ پھر آپ نے یہ کہنا ہے کہ یہ فیڈرل گورنمنٹ کا کام ہے ۔ اس کے نتیجے میں جب یہ افراتفری پھیلے گی تو یہ صورت آپ کے لئے درد سر بنے گی ۔ اس کا کنٹرول آپ کو طلباء کے ہاتھ میں نہیں دینا چاہیئے اس کے لئے ایک ضابطہ کار ہو ، ایک طریقہ کار ہو جس کے مطابق وہ کام کریں تاکہ ہر ایک کے لئے سہولت ہو ، ایسا نہ ہو کہ جس نے سلام کیا اس کو تو جگہ مل گئی جس نے سلام نہ کیا اسے آپ کہیں کہ آپ اپنا بوریا بستر باندھیں ، آپ کو یہاں رہنے کا حق نہیں ہے ۔ میں اس صورت حال کے مخالف ہوں ۔ مہربانی فرما کر آپ ایک وضاحتی بیان

جاری کریں اور اس کی مکمل وضاحت کریں ۔

پروفیسر خورشید احمد : پیشتر اس کے کہ وزیر صاحب ارشاد فرمائیں۔ میں آپ کی توجہ رول ۷۱ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ رولز کے مطابق ایڈجرنمنٹ موشن کے لئے جو موضوعات ہیں ۔

Rule 71 (f) it shall relate to a matter which is primarily the concern of the Government or to a matter in which the Government has substantial financial interest.

میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ تعلیم، ہوسٹل اور خاص طور سے ایجوکیشن ٹیکس لگنے کے بعد جب تعلیم کے متعلق ۱۰۰ فیصدی فنانسنگ مرکزی حکومت کر رہی ہے تو کیا اس صورت میں تعلیم میں، مرکزی حکومت اور اس ایوان کی دلچسپی بڑھ نہیں جاتی ہے اور اسے محض اس بنا پر کہ یہ پراونشل سبجیکٹ ہے کیا رد کیا جا سکتا ہے ؟

راجہ منصب علی خان : گورنمنٹ سے مراد فیڈرل گورنمنٹ ہے جو اس کا بھی نوٹس لے لیں ۔ دوسری بات یہ ہے کہ Primarily جس بات کا فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ کنسرن نہ ہو وہ فیڈرل گورنمنٹ کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا۔ علاوہ ازیں واقعات کے بارے میں جو ہم نے معلوم کیا ہے ۔ طالب علموں کی طرف سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی کہ ان کا اکاموڈیشن نہیں مل رہی ہے ۔ بہرحال مزید صوبائی حکومت کو کہہ دیا جائے گا کہ طلبا کو کوئی شکایت پیدا نہ ہو ان کو اکاموڈیشن مہیا کی جائے اور ان کے مسائل کے حل کے لئے پوری توجہ دی جائے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جب میں آپ کو اس بات کا پورا ثبوت مہیا کر دوں تو پھر آپ اس کا اعتراف کریں گے۔ آپ مجھ سے اس بارے میں جتنا بھی مواد چاہتے ہیں وہ دینے کو تیار ہوں۔ میں ہمیشہ تیاری کے ساتھ ہر چیز کو یہاں پیش کرتا ہوں اور سوچ سمجھ کر پیش کرتا ہوں۔ یہ ایسے نہیں ہے کہ جو میری سمجھ میں آیا، اوٹ پٹانگ آپ کو بتا دیا۔

جناب حسن اے شیخ : یہ پٹھانوں کے خلاف کیا الزام لگا رہے ہیں ؟

ایک معزز رکن : یہ پٹھانوں کے بارے میں نہیں کہہ رہے ہیں بلکہ الفاظ "اوٹ پٹانگ" کہے ہیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : ان کو میرے خیال میں پشتو نہیں آتی اس لئے کہہ رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : وزیر صاحب نے یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ اس معاملے میں صوبائی حکومت کو لکھیں گے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : یہ بات ٹھیک ہے۔ آپ کا ارشاد درست ہے۔ لیکن جو چیز میں ایوان میں پیش کرتا ہوں اس کی میں پوری طرح سٹڈی کرتا ہوں میں اس طرح کی بات پیش نہیں کرتا ہوں۔ ایوان کا وقار مجھے زیادہ عزیز ہے اس لئے میں ہر چیز کی تیاری کر کے آتا ہوں اور اس کے لئے پورا مواد ہے آپ جتنا چاہیں میں آپ کے لئے مہیا کرنے کے لئے تیار ہوں۔ جتنے سٹوڈنٹ آپ کو چاہیئں وہ میں آپ کے سامنے لانے کے لئے تیار ہوں کہ ان کے ساتھ یہ زیادتی ہوئی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ۔ پریس نہیں کیا گیا۔ تحریک التوا نمبر ۷، جناب محترم مولانا کوثر نیازی صاحب۔

## ADJOURNMENT MOTION *RE*: ACTIVITIES OF MURDERS BY *HATHORA* GROUP

مولانا کوثر نیازی : حکومت پاکستان کے وزیر داخلہ محمد اسلم خان خٹک نے اسلام آباد ائرپورٹ پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے مختلف حصوں میں قتل کی پراسرار وارداتوں میں غیر ملکی ہاتھ کے امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ پاکستان کی مخالف قوتیں یہ نہیں چاہتیں کہ پاکستان ترقی کرے، نیز انہوں نے کہا ہے کہ وزیر اعظم سے اس موضوع پر بات کریں گے کہ کون سی ایجنسی اس کی تحقیقات پر مامور کی جائے۔

[Maulana Kausar Niazi]

وزیر داخلہ حیدرآباد میں ہونے والے معصوم افراد کے قتل پر اظہار خیال کر رہے تھے جو مبینہ طور پر چھوٹا گروپ کی کارگزاری ہے۔ قتل کی ان پراسرار وارداتوں نیز وزیر داخلہ کے اس بیان سے جو صورت حال ابھرتی ہے وہ پورے ملک کے لئے لائق توجہ ہے اس لئے میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے۔

جناب والا! ملک میں پے در پے قتل کی جو وارداتیں ایک مخصوص منصوبے کے تحت ہو رہی ہیں ان کے ضمن میں جب کبھی پارلیمنٹ کے دونوں ایوان میں بات کرنے کی کوشش کی گئی تو یہ کہہ کر اس کا راستہ روک دیا گیا کہ یہ صوبائی مسئلہ ہے۔ حالانکہ جناب چیئرمین! آپ اگر ملاحظہ فرمائیں تو آپ کو نظر آئے گا کہ کم و بیش سارے صوبے ان وارداتوں کی لپیٹ میں آچکے ہیں اور اب تک ان ہلاک شدہ افراد کی تعداد جو نام نہاد گروپ کے ہاتھوں موت کے گھاٹ اتر چکے ہیں ۵۲ تک پہنچ چکی ہے۔ اب اگر مسئلہ ایک صوبے سے بڑھ کر چاروں صوبوں تک پہنچ چکا ہے تو کیا خدانخواستہ اس ایوان میں اس مسئلے کو زیر بحث لانے کے لئے اس لئے حکومت رکی ہوئی ہے کہ اسلام آباد میں یہ مسئلہ نہیں اٹھا۔ اگر خدانخواستہ یہاں یہ واقعہ ہو گیا تو پھر ہمیں اجازت ملے گی کہ ہم اتنے اہم مسئلے کو یہاں زیر بحث لائیں۔ آپ یہ دیکھئے کہ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ اس میں غیر ملکی ہاتھ کا بھی امکان ہے۔ اس لئے جناب والا! یہ مسئلہ ملکی ہی نہیں بلکہ بین الملکی ہو جاتا ہے۔ انٹرنیشنل ہو جاتا ہے اور یہ اس قابل ہے کہ اس ایوان میں اس پر پوری طرح بحث کی جائے اور یہ تحریک آپ ایڈمٹ فرمائیں اور تمام ممبران کو اس کی اجازت ہو کہ وہ اس پر اظہار خیال کریں اور لوگوں کے بڑھتے ہوئے ان جذبات کو ہم کچھ سہارا دے سکیں جو اپنے عدم تحفظ کے سلسلے میں ان کے دلوں میں پیدا ہو چکا ہے۔

جناب چیئرمین! آپ یہ دیکھیں کہ ایک طرف وزیر داخلہ صاحب یہ

فرماتے ہیں کہ اس میں غیر ملکی ہاتھ کا بھی امکان ہے دوسری طرف ہتھوڑا استعمال کیا جاتا ہے جو ایک مخصوص نظریئے کا نشان ہے ان دونوں باتوں کو ملا کر جو تصویر لوگوں کے ذہن میں ابھرتی ہے وہ دہشت گردی پر مبنی ایک منظم سکیم کے تحت "قتل و غارت کی وارداتوں کی ہے اور اس سے عام آدمی جو ہے وہ اس غیر یقینی صورت حال میں مبتلا ہو گیا ہے کہ حکومت اس کی جان اور مال کا تحفظ نہیں کر سکتی یہ مسئلہ اس لئے بھی وزیر صاحب کے اس بیان کے بعد گمبھیر ہو جاتا ہے کہ یہ جو وارداتیں ہو رہی ہیں یہ ایک ہی انداز کی ہو رہی ہیں ایک مخصوص سمبل اس میں استعمال ہوتا ہے یہ وارداتیں اس لئے غریب آبادیوں میں ہوتی ہیں تا کہ panic زیادہ پھیل سکے۔ اس کے اندر کوئی چوری کی واردات نہیں کی جاتی تمام اشیاء اسی طرح محفوظ رکھی جاتی ہیں اس کے اندر جو خواتین اس کا شکار ہوتی ہیں ان کی عزت پر کوئی ہاتھ نہیں ڈالا جاتا البتہ ان کا لباس اتار دیا جاتا ہے۔ اس کے اندر معصوم بچے نشانہ بنتے ہیں ان علامتوں سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ایک منظم گروہ کی وارداتیں ہیں۔ اگر کسی جمہوری ملک میں پے درپے اس طرح کی وارداتیں ہوتیں تو یقیناً متعلقہ وزارتوں کے جو وزیر ہیں کم از کم اگر یہ صوبائی مسئلہ ہے تو وہ مستعفی ہو جاتے۔ میں کہتا ہوں کہ صوبائی وزراء ہوم ڈیپارٹمنٹ جن کے ماتحت ہے وہ اس پر مستعفی ہوں اور اس جرم میں ان سیکرٹریوں کو نکالا جائے کہ انہوں نے اس سلسلے میں اب تک کوئی کامیابی حاصل نہیں کی۔ جب تک حکومت اس طرح کا کوئی ایکشن نہیں لے گی اس وقت تک جناب یہ وارداتیں نہیں رکیں گی۔

میں حکومت کو متنبہ کرتا ہوں کہ اگر اس طرح کی ایک یا دو وارداتیں خدانخواستہ اور ہو گئیں تو لوگ سڑکوں پر نکل آئیں گے! اور پھر یہ حکومت جو ہے یہ عوام بپھرے ہوئے طوفان کا مقابلہ نہیں کر سکے گی۔ اس لئے جناب چیئرمین! میں آپ سے گذارش کرتا ہوں کہ ایک تحریک اپنے اس عہد معدلت میں آپ داخل فرمالیں تاکہ ہم آپ کی جان و مال کو دعا دے سکیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : مولانا مجھے بھی آپ کے اس ارشاد فرمانے پر ایک فقرہ یاد آیا۔

Virtuous motives trampled by inertia and timidity are no match to armed and resolute wickedness.

آپ کی بات بالکل صحیح ہے میں وزیر داخلہ کی خدمت میں، میں گزارش کروں گا کہ معاملہ واقعی ملک گیر ہے اور چاروں صوبوں میں انہوں نے نشاندہی کی ہے۔ تو اس بارے میں وزیر مملکت کچھ فرمائیں۔

**Mr. Shah Muhammad Pasha Khuro:** Mr. Chairman, Sir, the Government of Pakistan is very conscious and anxious that this "*Hathora* Group" should be traced and dealt with. We have co-ordinated all the agencies; all the law Enforcing Agencies *plus* Intelligence are on it and they are working very hard. The problem is that until and unless we find one clue, a chain in the link, then we can round up. I don't rule out the foreign hand in this and we are investigating and soon as we have any clue we will call for a session on the internal situation of Pakistan and thus take the honourable Members into confidence. Unfortunately, Sir, only one accident of "*Dharam Pani*" has been traced uptill now and infact it was a family dispute. We could not establish foreign hand in that. I assure the honourable Maulana sahib that as soon as we find any clue we will come to you; we have completely geared up the administration and as soon as we have any definite information we will call the session and take the Members into confidence.

Thank you Sir.

جناب شاد محمد خان : جناب چیئرمین صاحب! میں اس لئے نہیں اٹھا کہ مولانا صاحب کی اس ایڈجرنمنٹ موشن کی تردید کروں لیکن حقائق کا جہاں تک تعلق ہے، مجھے علم ہے کیونکہ میں اس علاقے سے تعلق رکھتا ہوں، harassment پیدا کرنے کے لئے اگر یہ سامنے لایا جائے اور اس کی تشہیر کی جائے کہ واقعی ایک خفیہ ہاتھ کام کر رہا ہے جس میں کچھ قانون سر دست بھی ملوث ہیں تو میں اس سے اتفاق نہیں کروں گا۔ "دھرم پانی" کے کیس میں جو لوگ ملوث ہیں وہ پکڑے گئے

ہیں اور اپنے کیفر کردار تک پہنچنے والے ہیں۔ وہ سانحہ خانگی تنازعہ کی بنا پر ہوا اس واردات کو وہ شکل دینے کے لئے وہاں ہتھوڑا رکھ دیا گیا تھا۔ تاکہ لوگوں کی توجہ دوسری طرف مبذول ہو جائے اس سے پہلے بھی بعض مقامات پر یہ واقعات ہوئے ہیں۔ انہیں بھی ہتھوڑا گروپ سے منسلک کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ وہ بھی غلط ثابت ہوئے ہیں۔ لہذا یہ panic نہیں ہونی چاہیے اس میں کوئی خاص پرابلم نہیں ہے۔ حکومت کوشش کر رہی ہے اور یہ ذاتی بناء اور ذاتی رنجش کی بناء پر ہو رہے ہیں لہذا اس کو قومی سانحہ نہیں کہنا چاہیئے۔ یہ صوبائی معاملہ ہے اور صوبائی حکومت بر سر پیکار ہے میں یہاں پولیس کی تعریف بھی کروں گا۔ انہوں نے نشاندہی کر کے ہم پر بڑا کرم کیا ہے۔

میر یوسف علی خان مگسی : پوائنٹ آف آرڈر، کچھ سال پہلے ہندوستان میں ایک ٹرین گر گئی تھی اچانک ایک حادثہ ہوا تھا۔ اگرچہ ریلوے وزیر صاحب اس کے ذمہ دار نہیں تھے، لیکن انہوں نے voluntarily استعفیٰ دیا کہ میری وزارت میں یہ حادثہ ہوا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

(مداخلت)

**Mir Yousaf Ali Khan Magsi:** I am on point of order, you can not disturb me.

اب یہاں لوگ مرتے جا رہے ہیں اور یہ یہاں رسم رہی ہے کہ جب تک کرسی ہمیں نہیں چھوڑتی ہم کرسی کو نہیں چھوڑتے that is a different point یہ نواں کی وزارت کے اندر انتظامیہ کے اندر بے گناہ لوگ مارے جاتے ہیں یا تو ان کی نشاندہی کریں یا کرسی چھوڑ دیں۔ کسی قابل آدمی کو دے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ، پیر عباس شاہ صاحب

سید عباس شاہ : میں مولانا نیازی صاحب کی اس تحریک کی پرزور حمایت کرتا ہوں اور یقیناً یہ بات اس حد تک پہنچ چکی ہے کہ قوم میں harassment پھیل چکی ہے اور تشویشناک حالات پیدا ہو چکے ہیں۔ حکومت اپنے آپ کو معذور بتا رہی ہے کہ ہم کچھ نہ کر سکے۔ دھرم پانی کا قصہ یقیناً فیصلہ

[Syed Abbas Shah]

کن نہیں ہے۔ وہاں پر تو یہ بات صاف ظاہر ہوتی ہے کہ پولیس نے اپنے اوپر سے کچھ الزامات دور کرنے کے لئے کچھ غلط لوگوں کو ملوث کرنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن چونکہ یہ انکوائری اسٹیج پر ہے۔ اس لئے اس پر میں بحث نہیں کرنا چاہتا۔ لیکن حالات اس کے بالکل برعکس ہیں۔ اور صرف لوگوں کے خیالات کو تبدیل کرنے کے لئے کہ یہ واقعہ ایک مخصوص گروپ کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا ایسا کہا گیا ہے اور دوسری بات یہ کہی گئی ہے کہ یہ صوبائی معاملہ ہے۔ چونکہ یہ ٹوٹلی بین الصوبائی ہو گیا ہے، اور صوبے میں بھی جو ہماری حکومتیں قائم کی گئیں ہیں ان کے کوئی اختیارات نہیں ہیں سنٹرل گورنمنٹ کے جو ایجنٹ ہیں اور وہی حکومت چلا رہے ہیں۔ تو یقیناً ایسا واقعہ جو ہے اس کو زیر غور لایا جائے۔ اور اس پر بحث کی جائے۔ یہ فیڈرل گورنمنٹ کا کیس ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب قاضی صاحب؟

قاضی عبداللطیف : گذارش یہ ہے کہ ہمارے معزز اور محترم وزیر صاحب نے اعتراف کر لیا ہے کہ واقعتاً ہم اس کے اندر ناکام ہوئے ہیں۔ راولپنڈی کے اندر جب پہلے پہلے یہ واقعہ ہوا تھا اسی وقت سے یہی بات کہی جا رہی ہے کہ ہم بڑی سرگرمی سے اس کا تدارک کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اور اس کی سراغ رسانی کے لئے ہم نے مختلف ایجنسیوں سے رابطہ قائم کیا ہوا ہے یہ تو وہی چیز ہے جو پہلے دن ہی انہوں نے کہی تھی اور اسی وقت ہم نے گذارش کی تھی اگر آپ کو یاد ہو، اسی ایوان کے اندر ہم نے کہا تھا، کہ یوں معلوم ہوتا ہے کہ دشمن نے یہاں بارودی سرنگیں بچھا دی ہیں۔ اور ملک کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک ایک قسم کی وارداتیں ہو رہی ہیں۔ اس کا تدارک کرنا چاہیئے اس وقت بھی ہمارے وزیر محترم نے یہ فرمایا کہ اگر امکان ہوا تو ہم داخلہ پالیسی پر بحث کے لئے کوئی وقت مقرر کریں گے۔ ہمیں معلوم نہیں کہ ان حالات کے ہوتے ہوئے بھی وہ وقت کب آئے گا جب داخلہ امور پر یہاں بحث کی جائے گی۔ بہرحال یہ اہم ترین مسئلہ ہے امن و امان

کا مسئلہ ہے اور اس سے آگ بھڑکنے کے بہت زیادہ امکانات ہیں ۔ لہذا ہم گذارش کریں گے کہ واقعتاً اس پر بحث کی جائے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : سید فضل آغا صاحب ؟

انجینئر سید محمد فضل آغا : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ، سر عرض یہ کرنا ہے کہ مولانا صاحب نے جو تحریک پیش کی ہے اس کا پاکستان کے عوام کی زندگیوں سے تعلق ہے اگر صوبے میں رہنے والے عوام پاکستانی نہیں ہیں تو یہ بات دوسری ہے جیسے ہمارے محترم وزیر صاحب نے یہ plea لی ہے کہ یہ صوبائی معاملہ ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ زندگی کا ایسا معاملہ ہے جو ہمارا قومی معاملہ ہے اور انسانوں کی زندگی کا معاملہ ہے اس معاملے میں شاید داخلی ہاتھ ہو ، یا خارجی ہاتھ ہو ، مطلب یہ ہے کہ معصوم انسانوں کی زندگیاں ضائع ہو رہی ہیں اور ان کی عزتیں لٹ رہی ہیں اور سارے پاکستان میں عوام میں بڑی بے چینی پائی جاتی ہے اور لوگ بڑے ہراساں ہیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے ۔ ہم اس میں interested نہیں ہیں کہ باہر کیا کر رہے ہیں یا اندر والے کیا کر رہے ۔ لیکن بات کرنے کا مطلب تو یہ ہے کہ اس کا سراغ ملنا چاہیئے کہ کون کر رہے ہیں ۔ پاشا صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم نے تمام ایجنسیوں کو اکٹھا کیا ہوا ہے اور وہ مل کر کام کر رہے ہیں ۔ بہت افسوس کی بات ہے کہ آٹھ نو مہینے سے یہ سلسلہ چل رہا ہے اور تمام ایجنسیاں اس کو معلوم کرنے میں فیل ہو گئیں ہیں اگر یہی صورت حال رہی تو مارشل لاء لفٹ ہونے کے بعد حالات ہمارے لئے زیادہ سنگین اور خطرناک ہو سکتے ہیں ۔ تو پھر ہم سب اس کو سنبھالنے میں فیل ہو جائیں گے ضروری تو یہ ہے کہ اس سلسلے میں فوراً اقدامات کئے جائیں اور اس پر بحث ہو ، اور جہاں پر کمزوری ہو جہاں پر لوپ ہول ہو اس کی نشاندہی کی جائے تاکہ اس معاملے کو کنٹرول کیا جا سکے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ ، جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب ؟

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ، جناب چیئرمین ! ہم سب آپ کے بڑے ممنون ہیں کہ اس نہایت اہم داخلی مسئلے پر آپ نے موقع دیا ہے

[Prof. Khurshid Ahmed]

کہ لوگ کم از کم مختصراً اپنی بات آپ کے سامنے رکھ دیں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ مسئلہ ایسا نہیں ہے کہ اس کو آئندہ کے لئے مؤخر کیا جائے۔ اس کی وجہ سے پورے ملک میں خوف و ہراس کی فضا جو ہے اس کا اندازہ شاید محترم وزراء کرام کو نہیں، لوگ پرائیویٹ چوکیدار رکھ رہے ہیں۔ لوگ vigient group بنا رہے ہیں۔ راتوں کو جاگ رہے ہیں۔ اس سے ایک ایسی فضا پیدا ہو گئی ہے کہ جس سے بے اطمینانی اور اضطراب بڑھ رہا ہے ہم مارشل لاء کے اٹھنے کے دور سعادت کی طرف ابھی جا رہے ہیں۔ اگر اس وقت لوگوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے مناسب انتظام نہیں ہو گا اور ایسے عناصر یہاں موجود ہیں جو حالات کو سنوارنے والے تجربے کو ناکام بنانے کی کوشش کریں گے۔ اس لئے حکومت کو سختی سے اس کا نوٹس لینا چاہیئے۔

حقیقت یہ ہے کہ گورنمنٹ کی سہل انگاری کا اس سے بڑا ثبوت اور کوئی نہیں ہو سکتا کہ ۵ سے زیادہ افراد مارے جا چکے ہیں لیکن ابھی تک اس معاملے کو ٹیکنیکل سہاروں پر لیا جا رہا ہے یا یہ کہا جا رہا ہے کہ ہتھوڑا گروپ تو کچھ ہے ہی نہیں، کچھ خاص عناصر ہیں جو اس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ یہ ساری باتیں کسی تحقیق کے بغیر اور کسی بات کو سائنٹیفکلی اسٹبلش کئے بغیر کی جا رہی ہیں۔ یہ تمام فضول بہانے ہیں۔ ان سے ہمیں بچنا چاہیئے اور میں سمجھتا ہوں کہ راستہ اس کا یہی ہے کہ حکومت سنجیدگی سے اس معاملے کو لے اور جو افسران ذمہ دار ہیں جب تک آپ اس کی بناء پر ان افراد کو سزا نہیں دیں گے پولیس اور تحقیقاتی ایجنسیاں اپنے فرائض ذمہ داری سے ادا نہیں کریں گی وہ اس تساہل کی عادی ہو چکی ہیں۔ اسے کسی بھی مقام پر آپ کو توڑنا ہو گا اور ہم خصوصیت سے وزیر اعظم سے اپیل کرتے ہیں وہ اس مسئلے کو قومی سطح کے اوپر اور اس اہمیت کی بناء پر جس کا یہ مستحق ہے ٹریٹ کریں اور اس ایوان کو اس بات کا موقع دیں کہ وہ اپنے جذبات کا اس پر بھرپور اظہار کرے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب احمد میاں سومرو؟

جناب احمد میاں سومرو: جناب! شاید میں نے منسٹر آف سٹیٹ کو

کہتے سنا کہ وہ سیشن بلائیں گے اور اس کے سامنے یہ پیش کریں گے۔ میں پوچھ سکتا ہوں کہ وہ کس سلسلے میں سیشن بلائیں گے۔ اور کیا ان کو سیشن بلانے کا اختیار ہے؟

جناب شاہ محمد پاشا کھوڑو : سیشن کا تو میں نے نہیں کہا۔

Not a question, I cannot call a Session. You are a Senior member you know that, So I wanted to say.....*(Interruption)*.

جناب ڈپٹی چیئرمین : ذرا مختصر کریں، انہوں نے فرما دیا، وہ درست ہے، اچھا حضرات اب اس کا فیصلہ فرمائیں۔۔۔۔۔ (مداخلت)

مولانا کوثر نیازی : جناب چیئرمین صاحب ابھی تو ممبر کھڑے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : نہیں میرا مقصد یہ ہے کہ اس پر کافی سیر حاصل بحث ہو چکی ہے۔ اب اس کا حل فرمائیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : حل یہ ہے کہ فوری طور پر داخلہ پالیسی پر بحث کی جائے۔ یہ حل ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : تو آج یہاں وزیر داخلہ تو تشریف نہیں رکھتے۔

سید عباس شاہ : یہ فوری نوعیت کا مسئلہ ہے اسے یہاں زیر بحث لانا چاہیئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں تو آپ کے ساتھ شامل ہوں۔ واقعی قومی اہمیت کا مسئلہ ہے مگر آج وزیر داخلہ موجود نہیں ہیں۔ تو مولانا اس کا کوئی راستہ بتائیں، اگر سیر حاصل بحث کرنی ہو تو پھر کوئی حل فرمائیں۔

مولانا کوثر نیازی : جناب چیئرمین! میں آپ کا بے حد ممنون ہوں کہ آپ اہم پارلیمانی روایات قائم کر رہے ہیں۔ بات یہ ہے کہ ایوان جو حل تجویز کر سکتا ہے وہ صرف اتنا ہے کہ ایڈجرنمنٹ موشن کو admit کر لیا جائے۔ اور اس کے بعد جو دو گھنٹے کی بحث ہو گی اس کے تحت اس میں انشاءاللہ کئی حضرات اس قابل ہونگے کہ وہ حل بھی دے سکیں۔

[Maulana Kausar Niazi]

آپ کوئی دن مقرر کر دیں جس میں مرکزی وزیر داخلہ بھی ہوں، آپ ایڈجرنمنٹ موشن کو ایڈمٹ کر لیں اور وزیر داخلہ کو حکم دیں کہ وہ اس دن یہاں تشریف فرما ہوں تاکہ ایوان کے خیالات سن سکیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس وقت وزیر داخلہ خود یہاں تشریف نہیں رکھتے۔

مولانا کوثر نیازی: آپ تو تشریف فرما ہیں جناب۔ آپ ایڈمٹ کر لیں۔

**Mr. Shah Muhammad Khuro :** It cannot be admitted, Sir, because I have already assured the Member that we have appointed a special DIG to look into the matter of *Dhoke Khabba,* Rawalpindi and he has been looking into it. As soon as we get any information we shall put the information before the House.

**Mr. Deputy Chairman:** But this is not a question of information. It is a question of result.

**Mr. Shah Muhammad Khuro :** Sir, crimes have been committed, and it is bad luck that we could not find out the clue.

**Mr. Deputy Chairman:** Jinab Kazi Hussain Ahmad Sahib.

قاضی حسین احمد: جناب والا! یہ حقیقت بہت افسوس ناک ہے کہ جب بھی امن و امان کی اندرونی حالت کی طرف یہ ایوان توجہ دلاتا ہے تو حکومت یہ بھی قبول کر لیتی ہے کہ امن و امان کی حالت ٹھیک نہیں ہے۔ رشوت، بدعنوانی اور ڈاکہ زنی اور چوری، قتل و غارت گری کے بارے میں حکومت نے یہ بات تسلیم کر لی ہے کہ حقیقت میں امن و امان کی صورت حال ٹھیک نہیں ہے۔ یہاں بارہا خود وزیر داخلہ نے امن و امان کی بحث میں اور آج وزیر مملکت برائے داخلہ امور نے اس سلسلے میں اپنی بے بسی کا اظہار کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ یہ تو خوش قسمتی ہوتی ہے کہ اگر کوئی مجرم پکڑا جائے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ایک حکومت کو ٹیکس لینے کا اس وقت تک اختیار ہے جب تک وہ لوگوں کی جان و مال، عزت و آبرو کی ضمانت دے سکے۔ جو حکومت برملا یہ اظہار

کر دے کہ ہم لوگوں کی جان و مال اور آبرو کی حفاظت نہیں کر سکتے اس حکومت کو باقی رہنے کا کوئی حق نہیں ہے اور اس اعتراف کے بعد کہ یہ سب کچھ ہو رہا ہے اور ہمارے پاس کوئی علاج نہیں ہے اور ہم لوگوں کی شکایات کا مداوا نہیں کر سکتے، حقیقت میں حکومت کا یہ حق بھی سلب ہو جاتا ہے کہ وہ لوگوں سے ٹیکس وصول کرے۔ اس لئے اس کو مستعفی ہو جانا چاہیئے یا اس صورتِ حال کی اصلاح کی کوشش کرنی چاہیئے۔ اس لئے اب اس تحریک التواء کو منظور کرنا ضروری ہو گیا ہے۔ کیونکہ حکومت نے اپنی بے بسی کا یہاں اظہار کر دیا ہے اور صورتِ حال بہت خراب ہے۔ اس لئے اسے بحث کے لئے منظور کریں تاکہ آپ سب کے سامنے آراء آ جائیں کہ لوگ اس کے بارے میں کیا چاہتے ہیں۔

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! آپ کا جیسا کہ دستور العمل رہا ہے آپ جمہوری ذہن کے مطابق ہر مسئلہ ایوان کو put کرتے ہیں آپ ایوان سے رائے لے لیں ووٹنگ کرا لیں آیا یہ ایوان اس کو admit کرنا چاہتا ہے یا نہیں؟

ایک معزز رکن: جناب یہ بالکل واضح ہو چکا ہے اور ہم اس ایڈجرنمنٹ موشن کے حق میں ہیں۔ ووٹ کرنے سے غلط طریقہ کار ہو جائے گا۔ آپ خود ہی فیصلہ کر لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: تو اس پر آپ کا مقصد ہے کہ ایوان سے leave لی جائے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: گذارش یہ ہے کہ اکثریت نے اس کے حق میں رائے دے دی ہے۔ یہ بڑا اہم معاملہ ہے یہ صرف لوکل چیز نہیں ہے یہ ہمہ گیر ہے۔ اس میں سینٹ، حکومت اور قوم نے حصہ لینا ہے۔ اس لئے تجویز ہے کہ اسے ایڈمٹ کر لیا جائے۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! از راہ کرم اپنے مشیران کی باتوں پر توجہ نہ فرمائیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ مشیر تو سارے ہاؤس کے مشترکہ ہیں پھر ٹھیک ہے اب میں قاعدہ ۷۲ کے مطابق ہاؤس سے پوچھتا ہوں کہ کیا موشن کو ایڈمٹ کیا جائے۔

*(The leave was granted)*

**Mr. Deputy Chairman:** The motion is admitted.

اب گزارش یہ ہے کہ بحث کے لئے جب متعلقہ وزیر تشریف لائیں گے تو اس کی تاریخ کا تعین کیا جائے گا۔ اس کے ساتھ ہی محترم ایوان! ایڈجرنمنٹ موشن کا ٹائم اب ختم ہو گیا ہے۔

THE POLITICAL PARTIES (AMENDMENT) BILL 1985

جناب ڈپٹی چیئرمین : حضرات اب لیجسلیٹو بزنس ہو گا۔ تقاریر کا سلسلہ شروع ہو گا۔ جن حضرات نے تقاریر کرنا ہوں وہ اپنے نام لکھوا دیں۔

جناب اقبال احمد خان : میں نے ۱۹۶۲ء کے پولیٹیکل پارٹی ایکٹ کی تیس پینتس کاپیاں ٹیبل پر رکھ دی ہیں جو معزز رکن چاہیں وہ کاپیاں لے لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : کاپیاں ٹیبل پر موجود ہیں جو حضرات لینا چاہیں وہ لے لیں۔

جناب احمد میاں سومرو : جناب چیئرمین! جناب لاء منسٹر صاحب کی بڑی مہربانی ہمیں ۸ صفحوں کا ایک ایکٹ ملا ہے جس کی انہوں نے میرے خیال میں پانچ منٹ کے اندر کاپیاں تیار کرائی ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں اور آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ لاء منسٹر صاحب مہربانی کر کے اسے پڑھنے کا وقت تو مہیا کریں۔ اس لئے اس وقت اس اجلاس کو ملتوی کر دیا جائے اور کل دوبارہ بلائیں تاکہ ہم صحیح طور پر اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ امید ہے کہ اس کے بعد جو کچھ ہم کہیں گے وہ خود بھی appreciate کریں گے۔ یہ ابھی ہمیں دے رہے ہیں اور ابھی ہم اس پر بات کریں یہ غیر مناسب چیز ہو گی۔ یہ سینیٹ ہے یہ کوئی لوکل اتھارٹی نہیں ہے، یونین کونسل نہیں ہے اسلئے گزارش ہے کہ ہمیں آج کے دن کا موقع دیں کہ ہم اسکی

سٹڈی کر سکیں۔ اجلاس کو ملتوی کر کے کل اس پر بحث کی جائے۔

جناب اقبال احمد خان : جناب والا! میں نے رات کو بھی گذارش کی تھی اور آپ کے حکم کی تعمیل میں یہ کاپیاں دی ہیں۔ اب آپ نے جو اعلان فرمایا ہے اس کے متعلق عرض کرنا ہوں کہ یہ کتابیں جس میں پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ اور تمام الیکشن لاز موجود ہیں، جولائی کے مہینے میں تقسیم کی گئی تھیں۔ اس کے باوجود میں نے دوستوں کی خواہش کے مطابق آج تیس پینتیس کاپیاں فوٹو کروا کر آپ کی خدمت میں پیش کر دی ہیں۔ یہ بات سب دوستوں کے علم میں ہے کہ اس پر بہت تفصیل کے ساتھ بحث ہو چکی ہے اب مجھے اس بات کی سمجھ نہیں آتی کہ اب کیسے یہ کہا جا رہا ہے کہ اجلاس کو ملتوی کیا جائے اور اسے کل پر رکھا جائے کیونکہ ہم نے اسے سٹڈی کرنا ہے۔ اس کی تین کلاز ہیں اور رپورٹ میں بھی وہی ہیں

Accounts giving, Dissolution, Registeration یہ تین کلاز ہیں۔ اور یہی رپورٹ کے اندر تھیں۔ اور ان پر کافی پہلے سے بحث ہو چکی ہے اس لئے میری التدعا ہو گی کہ اس کام کو آگے بڑھایا جائے۔ اس پر بحث جاری ہے اس کو مزید آگے بڑھایا جائے۔ جو معزز رکن سمجھتے ہیں کہ وہ اس وقت اظہار فرمانا پسند نہیں فرماتے یہ ان کا حق ہے، اس کے متعلق وہ خود فیصلہ کر لیں میری یہ گذارش ہو گی کہ اس کام کو آگے بڑھایا جائے۔ بہت سارے دوستوں نے ابھی اظہار خیال کے لئے کہا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ۔ پروفیسر خورشید صاحب، تقریر فرمائیں۔

پروفیسر خورشید احمد : میں نے جناب کل کے لئے کہا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آج نہیں کریں گے، ٹھیک ہے۔ محترم نوابزادہ محمد علی خان ہوتی۔

جناب محمد علی خان ہوتی : جناب چیئرمین! ہمیں قائداعظم نے تین سنہری اصول بتائے اور وہ ہیں Unity, Faith and Discipline

[Mr. Muhammad Ali Khan Hoti]

اب ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ ہم نے کہاں تک ان اصولوں کو اپنایا جائے۔

جناب والا جہاں تک Unity کا تعلق ہے اس کا جو حشر ہم نے کیا، یہ سب پر عیاں ہے۔ ایک وسیع و عریض مملکت کو ہم نے اپنی ذاتی عداوتوں کی بھینٹ چڑھا کر دولخت کیا۔ "ادھر ہم اُدھر تم"، کی جو سزا ہمیں ملی تھی، وہ مل چکی لیکن آج تک ہم نے اس سے عبرت حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی۔

جناب والا! جہاں تک Faith کا تعلق ہے۔ بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ دین حق کے علمبردار ہونے کے باوجود ہم اپنے اقدار کو پس پشت ڈال کر سوشلزم کے کھوکھلے نعرے کے پیچھے سرپٹ دوڑ پڑے "روٹی، کپڑا اور مکان" کے نعرے کو اپنی جان سے بھی عزیز جانا اور اس دوڑ میں ہر ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرتا تھا۔ اور یقین جانیئے کہ کوئی بھی بزعم خویش وہاں اکیلا نہیں گیا۔ ان میں کوئی پانچ ہزار کے ساتھ اور کوئی ۱۰ ہزار کے ساتھ۔ جو بھی اس میں شامل ہوتا، اس کے بارے میں دوسرے دن اخبارات میں شہ سرخی کے ساتھ خبر شائع ہوتی کہ فلاں نے، فلاں پارٹی کو چھوڑ کر، ۲۰ ہزار، تیس ہزار یا چالیس ہزار ورکرز کے ساتھ، فلاں پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی ہے۔ تو جناب والا! اس عمل میں کافی وقت گزر گیا اور بہت سے لوگوں نے بہتوں کو اس کی طرف ورغلانے کی کوششیں کیں بہتوں کو خداوند تعالیٰ نے اس سوشلزم کے دام سے بچا لیا۔

اب جناب والا! بات رہ گئی ڈسپلن کی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو بھی ہم نے بہت بری طرح پامال کیا قائداعظمؒ اور لیاقت علی خانؒ کے بعد ملک میں بھانت بھانت کی بولیاں شروع ہو گئیں۔ اس ڈسپلن کے فقدان کی وجہ سے حکومتیں بنتی گئیں، اور حکومتیں ٹوٹتی گئیں۔ ایک ایسا زمانہ آیا کہ جب یہ ملک مکمل طور پر سیاسی انتشار کا شکار ہو چکا تھا اس وقت ہندوستان کے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو سے ایک غیر ملکی صحافی نے سوال کیا کہ آپ پاکستان کے بارے میں شکایات کر رہے ہیں تو کیا

یہ اچھا نہیں ہوگا کہ پاکستان کے ساتھ جتنے بھی آپ کے متنازعہ امور ہیں ان کے بارے میں پاکستان سے گفت و شنید کریں تو پنڈت نہرو نے جواب میں کہا تھا۔

There is no stability in Pakistan so I do not know whom to talk in Pakistan.

ایسی صورت حال تھی جس نے پہلے مارشل لاء کو دعوت دی اور پھر اس مارشل لاء کے بعد جو کچھ ملک میں ہوا وہ آپ سب کے سامنے ہے یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے اب بھی اگر ہم اپنے آپ کو نہ سنبھالیں اور اسی ڈگر پر چلتے رہیں تو پھر اس ملک کا خدا حافظ ہے۔

جناب والا! جہاں تک اس بل کا تعلق ہے اس بل میں جو اہم ترین بات ہے وہ کراسنگ آف فلور ہے۔ یہ شق ۱۹۶۲ء کے پارٹی پولیٹیکل ایکٹ کا ایک حصہ تھی لیکن بعد میں حکومت وقت نے اپنے سیاسی عزائم کی تکمیل کی خاطر اسے پولیٹیکل پارٹی ایکٹ سے یکسر ختم کروا دیا اس کے خارج ہونے ہی اس ملک میں سیاسی استحکام باقی نہ رہا بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ سیاسی کرپشن کی راہیں کھل گئیں۔ اس کے بارے میں، میں صرف آپ کو ایک مثال دینا چاہتا ہوں وہ ہے صوبہ سرحد کی مثال، اور اس پارٹی اس جنرل الیکشن میں، فقط ایک ممبر کامیاب ہوا تھا اور جناب والا وہ بھی ہمارے خاندان میں رقابتوں کی وجہ سے ہوا جب ایک خاندان میں دو کھڑے ہو گئے تو لازمی نتیجہ اس کا یہ نکلنا تھا کہ تیسرا کامیاب ہوتا اور خود اسی پارٹی کے لیڈر کو ڈیرہ اسمٰعیل خان میں منہ کی کھانی پڑی لیکن جب اس جن کو بوتل سے نکالا تو مرکز میں بھی اس کو استحکام مل گیا اور اس کی پارٹی مستحکم ہو گئی اس میں لوگ آ گئے اور اسی طرح سنٹر میں بھی بلکہ میں یہاں تک کہنے کے لئے تیار ہوں کہ صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان میں چند گنتی ان کے بلکہ ورکرز تھے لیکن جب یہ چیز ختم ہو گئی تو ان دونوں صوبوں میں ان کی حکومتیں بن گئیں۔

جناب والا! اب ہمیں دیکھنا ہے کہ ہماری منزل کیا ہے ہم نے کرنا کیا

[Mr. Muhammad Ali Khan Hoti]

ہے ہمارا مقصد کیا ہے آیا اس ملک کو انتشار کا شکار کرنا ہے یا اس کو سیاسی طور پر مستحکم کرنا ہے ہمیں اپنا از سر نو سیاسی جائزہ لینا ہوگا کہ ہم نے کیا کھویا اور کیا پایا میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے کھویا بہت کچھ مگر پایا کچھ نہیں ۔ جناب والا! جب ہم اپنی قوم کو صداقت اور ڈسپلن کا سبق دوبارہ نہیں پڑھائیں گے ہم اپنی منزل کو نہیں پا سکتے۔ جہاں تک اس شق کا تعلق ہے یہ کوئی نئی بات نہیں ہے یہ نئی چیز نہیں ہے دنیا کے متعدد ممالک میں یہ سٹیچوٹ پر بھی موجود ہے اور کنونشنز میں بھی موجود ہے پھر اس میں دو اپیلوں کی گنجائش رکھی گئی ہے لہذا کسی کو اس سے خوف نہیں کھانا چاہیئے کہ میرے ساتھ ناانصافی ہو گی اور میں اس ناانصافی کا شکار ہو جاؤں گا ۔ بعض حضرات نے جناب والا یہ اعتراضات بھی اٹھائے ہیں کہ اس بل میں صرف ایک شق کا مسئلہ اٹھایا گیا ہے حالانکہ یہ ایک جامع بل تھا جس پر کہ اس ایوان میں بحث بھی ہو چکی ہے میں ان کی خدمت میں آپ کے توسط سے صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ وقت کم ہے اور مارشل لاء کے اٹھانے کے لئے دن بہت تھوڑے رہ گئے ہیں تو ہمیں چاہیئے کہ اس بل کو اسی صورت میں ہم پاس کریں اور مارشل لاء کے اٹھائے جانے کے بعد اگر کوئی ممبر اس میں تنسیخ اور ترمیم کرنا چاہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کو روکنے والا کوئی بھی نہیں ہے ۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم نے اس ملک کو سیاسی استحکام دینا ہے تو اس شق کے سوا اور کوئی چارہ کار نہیں ہے ۔ لہذا میں اس بل کی تائید کرتا ہوں کیونکہ اسی میں وطن عزیز کے سیاسی استحکام کا راز مضمر ہے ۔ آپ کا شکریہ جناب ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب محترم احمد میاں سومرو صاحب ۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sir, I had already thanked the Law Minister for supplying us this copy today and made a request to postpone the session but I am sorry he turned it down, I don't know what difference it would have made if this Bill would be passed another

24 hours later. However, whatever in this short time I could do, I would make an endeavour to place before the House.

Since, we are at the first reading of the Bill and it is general discussion on the provisions of the Bill, I would start to say that this Political Parties Act is, I think, the most important legislation that has come before this House, of course, excluding the Constitution (Eighth Amendment) Bill, 1985 and actually it requires an indepth study by this august House. However, I would like to point out from the beginning how this Act was amended. You are aware Sir, that on the 6th of July 1985 on a privilege motion of the honourable member Qazi Hussain Ahmed a Special Committee was announced on the 7th of July 1985, comprising of 13 members and its terms of reference were confined to the consideration of revival of political parties. The Committee initially decided to examine the provisions of the Political Parties Act 1962. It took into consideration 9 amendments that were brought in this Political Parties Act of 1962 namely; the amending Order of 1963, the amending Act XXI of 1965, the amending Act XXII of 1975, the amending Act IX of 1977, the amending Ordinance No. XLI of 1978, the amending Ordinance No. XLIII of 1979, the amending Ordinance VI of 1985. Now, Sir, the amending Ordinance of 1985 and the amending Ordinance of 1979 and 1978 *i.e.* XI of 1979, as you are aware, has been validated in the Constitution itself. These have been endorsed by the Parliament as the 8th amendment has been passed in the Constitution.

It firstly requires time to examine and I, myself, am not clear on account of the short time at my disposal whether we are competent by a mere law to make an amendment in the Constitution as amended by the Amending Act of 8th Amendment. As I said Sir, I could not give my opinion, this way or that way but this is not enough time for consideration. Had we been given sufficient time probably we would have been able to give our views on this. Sir, the Committee reached the conclusion that instead of proposing further amendments in the Act, a new law on political parties be enacted and the amendments required were so many that the political parties would be so much changed that it would be right to call it the Political Parties Act, 1985. The Committee had also consulted the 52nd Constitutional Amendment passed by the Indian Parliament in January, 1985 which mainly deals with the 'crossing of the floor' and which this Bill is mainly intended to

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

cover. They deliberated for a number of days as quickly as possible and completed the report. The proper thing was that the report should have been brought before this House and the proposals and the amendments suggested, with the labour undertaken by that Committee, should have considered by this House and whenever the House found that the recommendations were correct those should have been passed. Instead of that at that time Sir, as you are aware, the idea of introducing and bringing the Eighth Constitutional Amendment had not yet dawned. There was no idea that the Eighth constitutional Amendment was coming. We were told, political impression was given at that time that the lifting of Martial Law depended on the quick passing of this Political Parties Amendment Act. The National Assembly constituted a 29 Members Committee, known as the Aslam Khattak Committee. They give their report, they devoted a lot of time to go through this. Both the Special Committees were working simultaneoulsy and when they had almost reached at the conclusion, a joint meeting of both of them was also held. Both the Committees submitted their respective reports to the respective Houses. Thereafter, those reports which you had supposed to have been so urgent so immediate, were shelved in a cold storage. That was all as they say Sir, love's labour lost. Thereafter, a few months after came the Constitution (Eighth Amendment) Bill which, as I earlier said, endorsed and ratified three various amendments made in the Political Parties Act during the period of Martial Law. They were given Constitutional protection because all acts, laws, all actions done were ratified and endorsed. In that acts and repeal of acts both were ratified.

Now, we have this Bill, brought by the Government, as passed by the National Assembly. It is known as an open fact that it was not unanimously passed as in the case of the Constitutional Amendment. There was a walk out, by those who did not agree with the Bill and in quite a substantial number. So, with the brute majority, the Government steam-rolled the Bill in the National Assembly and as passed by them, it has been brought before us. Sir, the political parties functioning after the removal of Martial Law, is going to be a very important era in the history of this Country. Sir, we have to first of all protect the fundamental rights of the people of this nation, which they have been deprived of at present for almost 9 years. Apart from the fact that there have been repeated occasions also, although we are

signatories to the human rights, the way political prisoners have been dealt with I need not mention here as they may not be very relevant to the work before this House today. But, Sir, political parties being revived or restrictions being put on them, I think Sir, is clearly by a violation of the fundamental rights, the Constitution ensures freedom of association, freedom of movement; about freedom of movement, Sir, I will again not dwell at this stage because there are already adjournment motions in this respect, how in this country Visa System exists for going from one province to an other and whenever that question is raised, Government seeks shelter that it is a provincial subject, or order of the Provincial Government. Sir, Transports, or Visas are the functions of the Federal Government, not Provincial Government.

**Mr. Hasan A. Shaikh** : Sir, how it is relevant to the Bill........ *(Interruptions)*

**Mr. Deputy Chairman:** Please go on.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sir, this Act, as it has come before us is a negation of the freedom of the people, its main purpose is to bring about the question of defection. Sir, in principle I agree it is necessary to have party discipline but every action Sir, serves its purpose at the appropriate time. An action taken at an appropriate time may be good but if taken at inappropriate time it may have the opposite effects. These elections by which all of us have come in to this House including my very learned friend Mr. Hasan A. Shaikh; have come about in a system of non-party basis. Whether elections should have been on Non-party Basis or on party, basis, I will not deal with it now, but bringing in this Bill shows a realization that the elections should have been on Party basis. Holding election on non-party basis and again bringing an amendment about defection in the case of persons who have not been elected on any party basis who have not been elected as nominees of any party to tie them, down.

Now, Sir, bring them back on the rails to party system would be a negation of the mandate given by the people in the last elections. The proper courses if they want and feel that party system is the correct thing then the people should go back, all these representative, to the

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

electorals and seek their mandate and that would be the correct course. If the people want the 'Party System' then they should all come through that and not to come through the back door. In this way to come on 'non-party basis' and then after coming in, bring in the party basis system they should bring this into effect, after the general elections held on 'party basis' and then that would be the appropriate time. As I had earlier tried to point out in this Bill Sir, they have sought to amend defection clause to punish a person for defection or for withdrwing himself from a political party. Now Sir, as we know defection, as I said, Sir, is very vague term. Is this a way of un-seating persons? What exactly is the meaning of defection? It covers a very wide sense. Supporting someone or does not vote to a party on a particular issue, would be considered to be as defection. If he absents himself from voting would he then be considered to be within the mischief of this section? After all law is being made. Why we wanted time? Because we must give it a thorough consideration. After all, this is the Senate, the upper House. This is not a Union Council meeting here. We have to see that the law should not be ambigous. As far as possible, we should try to remove all the ambiguities from the law. If we see section 8B as is being put, it does not remove ambiguity. It makes things more ambiguous. It gives such a wide meaning to defection and leaves it at the mercy of the Election Commission to determine whether he has defected, or that act, which has been alleged against him, does amount to defection or not ? Again, it says if he withdraws himself from a political party, what happens then Sir, and if he does not withdraw and party removes him, what would be the result of it? Whether he continues? Actually, let them at least make it by closing all the loop-holes. As I pointed out, I may remain in the party and I do not withdraw from the party, but go on voting against the party then where is the discipline? Object of this section is to create discipline. This does not serve that purpose. This is brought in as 8-B and there is no 8-A in the section. In the Political Parties Act 1962 Section 8-A was omitted that is why we can now come to 8-B.

Then Sir, in the wording of the section here. It says, having been elected as such, otherwise, there is a candidate or a nominee of a political party and having become a member....proper word here would be but having 'come out'. We have to look into all these mistakes, Sir. There are buts, ands, commas or fullstops. That is what I have found. I think, this is not properly worded.

Then, Sir, we are seeking discipline in the parties. It is only when the leader of the Parliamentary Party concerned, supposing there are only two members in a party — one is a leader and other is a member, who is going to move for his disqualification? Party outside may be different but this says the leader of the Parliament Party. Then, a party may have only one member in Parliament, and he may not carry out the mandate of his party outside. So, what he is administering? Nothing. He continues because it is the only leader of theparliamentryparty that can move the Commission. He can do anything he likes against the mandate of the party outside. He will not come within the mischief of this law. Then Sir, they have tried to blow and hope a goal at the same time. On the one hand, they want to remove the explanation in clause 2 of the Bill, Sir.

They want to remove explanation to 3-A. Now, Sir, what is the explanation to 3-A. In this section and in section 3-B, Election Commission means 'The Election Commission' constituted under Article 218 of the Constitution or under the Election Commission Order, 1977 PPO No. 4 of 1977. This is sought to be deleted, and Sir, on the one hand, they delete this, on the other hand, they want to add new sections 11 & 12, Act III of 1962. In the said Act, after section 10, the following new sections shall be added, namely; exercise of powers etc. of Election Commission. During the period, when an Election Commission, does not stand constituted, the Election Commission constituted under Article 218 of the Constitution or under the Election Commission Order 1977, [P (PP)/O No. 4 of 1977] for the purpose of general election to the National Assembly and to a Provincial Assembly shall continue to exercise the powers and perform the functions conferred upon the Election Commission under this Act until the Constitution of an Election Commission for the purpose of succeeding general election to the National Assembly and to a Provincial Assembly.

Now, Sir, what they have sought to omit in clause 2 of the Bill. They are bringing back in section 11 of the Bill. Explanation to Section 3 says the same thing, that if an Election Commission has been constituted under Article 218 of the Constitution or under PPO 4 of 1977 that will be the Election Commission for the purpose, or other one is constituted for general elections. The same thing is being brought by a new section. That is why, I was trying to urge the Minister for-

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

Justice to take us into confidence. This does mean that if we are able to point out certain ambiguities or certain things which we do not feel correct and we are pointing out to them, we would like that they should be proud of it and the Senate should be proud of passing laws as far as possible being correct, appropriate and unambiguous.We should not leave it for everybody to approach the courts and burden them with more work just to keep interpreting what we have passed. Let us try to pass laws as unambiguous as we possibly can, Sir. I think, this is a very glaring example of how and when at one stage he wants to remove one thing and again bring it in at another stage. What difference have they made? This explanation was not omitted and, again, a new section in the very same Act, was brought in, that is why I wanted to point it out as far as the Act was concerned.

As far as the Political Situation is concerned, Sir, I would request the Government to take practical view; to look beyond the horizon. The country is passing through a great crisis. Please realize that. There is no law and order. Don't be proud of that there is a law and order in this country. We have been seeing how *Hathora* Group' or in the name of *Hathora* Group crimes are being committed. In a place, like Karachi,what is the state of law and order there? The police has just been let loose in this country. An S.H.O is more powerful than our Interior Minister is today here. He is more powerful then the Prime Minister is today here. This is what our country has been reduced to. Is this type of Government, is this the security for which this nation sacrificed lacs of women, lacs of children and lacs of lives for. Let them come forward, let the man on the street feel that he has some security. Question of "*Chader* and *Chardewari*" has to be forgotton. Police goes and searches houses without any search warrants. The law is there, but the question of proper implementation always arises. Laws are made, at least attempts are made to make them, perfect as far as possible, but the real objective lies in its implementation and it is here where the duty and responsibility of the Government of the day comes in, be it the Federal Government, be it the Provincial Government. The police can raid any house it likes now a days.

**Mr. Hasan A. Shaikh**: I will intervene him. How this all is relevant for this Bill. This is a Political Act.

**Mr. Ahmed Mian Soomro**: So, Sir what was the point of order? Please ask him not to disturb unless it is a point of order.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Sir, the Bill before us does not relate to law and order position. He has talked of '*Hathora* Group' and we have tolerated him for some time. He has talked of brute majority. I think the brute and the majority both are on his side. As far as this position is concerned he is not talking relevant to the issue before us.

**Mir Yousaf Ali Khan Magsi:** Point of order Sir. I would request that a part which any political party, when it comes to power, plays for the protection of the people, for the protection of the country, for the welfare of the country, when anything comes in that list, is relevent. Shaikh Sahib is in the wrong.

جناب اقبال احمد خان: جناب چیئرمین! میرا یہ ذاتی نظریہ ہے کہ ہر معزز رکن کو اس معزز ایوان کے اندر اپنی بات کہنے کا مکمل حق ہے اور آپ نے یہ ملاحظہ فرمایا ہے کہ میں نے بہت کم معزز اراکین کو interrupt کیا ہے۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ بہر طور معزز اراکین مجھ سے زیادہ عقل و دانش کے مالک بھی ہیں اور تجربہ بھی مجھ سے زیادہ رکھتے ہیں۔ اب چونکہ ایک مسئلہ پیدا ہو گیا ہے اس لئے میں آپ کی توجہ رولز ۱۰۵ کی طرف مینڈول کرانا ضروری سمجھتا ہوں تاکہ جس طرح سے ابھی دو تین معزز اراکین نے اظہار خیال فرمایا ہے وہ اس ایوان کی روایت ہی نہ بن جائے۔

> "Rule 105. On the day on which such motion is made or on any subsequent day to which the discussion, is postponed, the principles of the Bill and its general provisions may be discussed but the details of the Bill shall not be discussed further than is necessary to explain its principles".

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس بل کے پرنسپلز پر تو ڈسکشن ہو سکتی ہے اور کوئی چیز بھی آؤٹ سائیڈ دی بل ہو وہ اس ڈسکشن سے باہر ہے۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** That with all due respect to Minister for Justice let me remind him that the scope of discussion on political parties Bill, is very wide. In other Bills which were not relevant

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

we did not waste his time. Here you are dealing with something which is going to be the basis for running this country. What is the position of this county, what is likely to be in this country and the Minister thinks that I am outside the principles of the Bill. I am pointing out mistakes in the Bill and he thinks I am outside the scope of the Bill. If he likes I would sit down, I will resume my seat and not say anything which is not palatable to him.

**Mr. Iqbal Ahmad Khan:** I have not said that.

میں نے یہ عرض نہیں کیا، میں نے یہ گزارش کی ہے کہ یہاں چونکہ ایک "ہتھوڑا گروپ" کا ذکر آ گیا تھا میں نے اس ضمن میں گزارش کی تھی ورنہ۔

I am not interrupting.

مجھے تو خوشی ہوگی بلکہ مجھے ان سے اور دیگر معزز اراکین سے رہنمائی ملے گی اور اگر کہیں ہم سے غلطی ہوئی ہے تو اسے درست کرنے کا موقع ملے گا۔

**جناب احمد میاں سومرو:** جناب! یہ تو ایسے ہی کہتے ہیں کہ "نماز نہ پڑھو" پورے طور پر نہیں کہتے ہیں کہ نماز نہ پڑھو جب نشے میں ہو۔ جب ہم اس کا پچھلا حصہ نہیں پڑھیں گے تو اس کے معنی اور نکلتے ہیں۔ میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ کسی چیز کو ایکسپلین کے لئے اس کے بیک گراؤنڈ کی وضاحت کرنا ضروری ہوتی ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** آپ ارشاد فرمائیں۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** I was trying to explain to the Government that we have to realise what are going to be the implications of this Bill. We know that they have already before passing this Bill taken signatures from members, to join a particular party. The Bill is not changed, the parties are still suspended, Martial Law is in existence and my learned friends are taking signatures to join so and so party. Has he also clarified here that these are valid and that after passing of this Act those who signed their pledges come within the purview of this Act? I do not think they can deny that they have not taken signatures from members for joining a particular political party, when the parties are banned. Do they want to avail of those, after

passing of the Act, to bring them within the purview of the defection clause if they do not want to join it again. Let them clarify, let them say that after these parties start functioning then those who join the party will be considered members of the party and not in the form that they have brought in, in this Bills. That is why, I am trying to point out that let them try to appreciate all that is brought to their notice, and do not unnecessarily try to say that people should not talk like that and should just be relevant to two clauses in the Bill.

We are in the first reading and we have to discuss the principles of the entire Bill in the context of what is happening in the country, what is likely to be the repercussion of this Bill and therefore, as I was pointing out that the repercussions, with these ambiguities, would certainly be not going to be favourable either to Government or to the nation. Do not try to strangulate the nation, try to observe the principles of democracy ; of course with proper discipline as I have earlier said, and at the appropriate time, hold an other general election on party basis. If you are confident that you have the majority, then go to the people. In democracy it is the right of the people. Let us go and get a mandate from the people. Put this will to the public opinion. Why they shun it ? The honourable members of the National Assembly had moved it but it was not accepted. Right, we bow to the wishes of the National Assembly but Government itself should respect public opinion and should try to know what is public opinion on such an important issue. Whereas every day probably, in the papers, in Bar Associations, in various bodies, you find resolutions being passed against this Political Parties Act as is being sought to be brought for approval by the Senate also. You cannot close your eyes to that. It is in your interest, it is in the interest of the whole House, it is in the interest of the nation; let us take the nation along, also. Don't try to take only a section of the House alongwith yourself. Yesterday, as you know, we, very painfully, had no alternative but to walk out on something which they have done today. Had they done it yesterday probably that occasion would not have arisen. I would appeal to them, Sir, please be cool, take every thing lightly and coolly ; study it. You are a patriot, every member of this House is a patriot. In this country a great disadvantage has been that whoever does not agree with the Government or has a different opinion about certain issues he is dubbed as a traitor. Traitor is the worst word that you can use about an individual. A traitor is worse

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

that a murdrer, a robber or the biggest criminal that you can come across because he commits crime against the whole nation. Don't think any body to be a traitor; they are all sincere to the country, there may be a difference of opinion which is the essence of democracy.

Therefore, Sir, I would appeal to them to please view the thing in that perspective, coolly think over it and see whether with this Bill you can face the nation. Bringing in the defection clause at this stage when you have held elections inspite of the repeated requests from the political parties to have it on party basis it was thought proper by the relevant authority to hold the elections on non-party basis. If you have done the correct thing then stick to it, abide by it and do not come through the back door in this manner. If you think elections on non-party basis should be held whereas I think elections should be held on party basis and this section should be there because you must have discipline in the Party as every day change in the Government is not a desireable thing but do it in a proper method and do it in a proper and appropriate manner at an appropriate time.

جناب ڈپٹی چیئرمین : میر یوسف علی خان مگسی ۔

میر یوسف علی خان مگسی : جناب والا! مسودہ قانون کا نام ہے سیاسی پارٹیوں کا مسودہ قانون، اب پہلے تو یہ فیصلہ کیا جائے کہ سیاسی پارٹی کی تشریح کیا ہے میں کوئی قانون دان نہیں ہوں کہ اس کی کلیات اور جزیات میں جاؤں مجھ سے قابل لوگ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں میں تو ریگستان کے اونٹ چرانے والا ہوں ۔ میرے نظریئے میں سیاسی پارٹی وہ ہوتی ہے کہ کچھ لوگ جمع ہوتے ہیں اور وہ فیصلہ کرتے ہیں کہ ملک کی فلاح و بہبود کے لئے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کیا کام کرنا چاہیئے اور جیسے رواج رہا ہے جیسے دنیا میں رسمیں رہی ہیں کہ وہ لوگ پھر عوام سے جا کر فیصلہ کرا لیتے ہیں کہ میاں ہمارا یہ آئیڈیا ہے ہمیں تم اپنی نمائندگی دیتے ہو یا نہیں دیتے اب انگلش میں ایک بات کہی جاتی ہے کہ to put cart before the horse میں تو حیران ہوں مجھے اس پر غالب کا ایک شعر بڑا یاد آتا ہے ۔

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالب ۔ شرم تم کو مگر نہیں آتی

وہ گورنمنٹ جو پہلے غیر جماعتی بنیادوں پر انتخابات کراتی ہے اس کے بعد پھر پارٹی بناتی ہے وہ کیسے یہ بل پیش کر سکتی ہے۔

اب یہ صحیح ہے کہ ہم بڑے جیالے لوگ ہیں ہر قوم کی کوئی قومی گیم ہوتی ہے فٹ بال، ہاکی کرکٹ، ہماری جناب تین قومی گیمیں ہیں ایک وہ جو individual ممبران قومی اسمبلی اپنی سیاسی پارٹیوں سے کھیلتے آئے ہیں ۱۹۴۷ سے لے کر اب تک یہاں سے ڈیفیکٹ کیا وہاں، وہاں سے ڈیفیکٹ کیا یہاں، دوسرا وہ ٹورنامنٹ ہوتا ہے جو سیاسی پارٹیاں جو عوام سے کھیلتی ہیں۔ منشور بتاتے ہی نہیں ہیں سندھی میں ایک مثال ہے کہ بلی بن کر گھسا، شیر بن کر نکلا میں اس پارٹی کا نہیں کہتا جو بھی آئی ہے جب عوام سے ووٹ لینے ہوتے ہیں تو ایک بات کرتی ہے جب حکومت بنا لیتی ہے تو سب بھول جاتی ہے اور تیسری وہ چیز اس لائن میں نہیں آئی اس ضمن میں وہ گیم جو کھیلتے آئے ہیں اور میرے خیال میں آئندہ بھی کھیلتے رہیں گے یہ گیم فوج سیاسی پارٹی یا منتخب حکومت سے کھیلتی رہی ہے۔ اب میں پہلی گیم پر آؤں گا یہ صحیح ہے کہ ایک آدمی جب کسی پارٹی کے ٹکٹ پر آتا ہے پارٹی کے خرچے پر آتا ہے پارٹی کے منشور کو سمجھ کر آتا ہے اگر وہ کسی لالچ کی وجہ سے ڈیفیکٹ کرتا ہے اسے پارٹی کو چھوڑ دینا چاہیئے۔ وہ پارٹی چھوڑ دے یا پارٹی اس کو نکال دے، وہ ممبرشپ سے جائے۔ ٹھیک ہے لیکن انگلش میں ایک کہاوت ہے۔

Sauce for the goose is sauce for the gander.

ایک آدمی اس فلور کو کراس کر کے اس سائیڈ پر جاتا ہے وہ تو دس سال کے لئے نکلتا ہے اور جو سیاسی پارٹی حکومت بنا کے مکران کے ساحل سے لے کر خیبر کے درے تک ملک اور آئین کو لتاڑ جاتی ہے کیا اس کے لئے اس میں کوئی جواز ہے، ۱۹۵۶ میں سکندر مرزا

[Mr. Yousaf Ali Khan Magsi]

کے زمانے میں ایک آئین بنا۔ مرحوم ایوب خان زور سے پہلے صدر منتخب ہوئے۔ خدا ان کو بخشے اس کے بعد پارٹی بنی، نیا آئین بنا، جناب پھر عبوری دور آیا، پھر خدا جنت میں جگہ دے بھٹو مرحوم کو ۱۹۷۳ میں آئین بنا، اب یہ کوئی گیم ہے کوئی چیز ہے۔

درخواست یہ ہے کہ میں اس کی حمایت کرنے کیلئے تیار ہوں لیکن اس شرط پر کہ کوئی پارٹی جب الیکشن لڑتی ہے وہ اپنا پورا منشور عوام کو بتائے کہ جناب یہ ہمارا منشور ہے ہم یہ کریں گے یہ نہیں کریں گے یہ ترمیم کریں گے یہ ترمیم نہیں کریں گے جو پارٹی یہ نہ کرے اس پارٹی کو الیکشن میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہو۔ اس کے بعد اگر کوئی پارٹی منشور میں کوئی چیز بتا کر یا بغیر بتائے ہوئے بعد میں آئین میں ترمیمیں کر ڈالے تو یہ درست نہیں ہماری یہ نیشنل گیم ہے کہ آئین میں قینچیاں چلانا اور اتنا غضب کر دیتا کہ رفو کی جگہ بھی نہ رہے۔ اب اس کے بعد اگر وہ پارٹی اپنے منشور پر عمل درآمد کرنے میں فیل ہو جائے تو اس پارٹی کو بھی الیکشن لڑنے کے لئے دس سال تک اجازت نہ ہو۔ اب میں آپ کو ایک مثال دوں کہ سکندر مرزا صاحب کے زمانے میں انہوں نے مارشل لاء لگایا تیسرے دن کے بعد وہ آؤٹ ہو گئے آپ مجھ سے توقع رکھیں گے اگر میں ایوب خان صاحب کی پارٹی میں ہوتا، خدا ان کو بخشے اور وہ مجھ سے ووٹ کہ جناب میں بلوچستان میں تمہارے باپ کو بھی جیل میں ڈال رہا ہوں تمہارے بھائی کو بھی جیل میں ڈال رہا ہوں آدھے بلوچستان کو پھانسی دے رہا ہوں مجھ سے کوئی توقع رکھے گا کہ میں ہاں کہوں گا۔ یا خدا بخشے مرحوم بھٹو کو کہ مریوں پر جو گولیاں چلیں اور بطور بلوچ مجھ سے کوئی توقع رکھے گا کہ میں ہاں کہوں گا اگر میں نہ کہوں تو پارٹی سے نکالا جاتا ہوں۔

جناب! اب کیا ہے جہاں تک میں سمجھتا ہوں یا دی النظر میں عوام کو تو یہ احساس دلایا جا رہا ہے کہ جی پاکستان میں سیاسی استحکام ہوا اس

لئے ہم یہ مسودہ بنا رہے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں میری ناچیز رائے میں کیونکہ حکومت اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھتی ہے اپنے ہاتھ مضبوط کرنے کے لئے یہ، یہ مسودہ لائے ہیں۔ بات چل رہی تھی ہتھوڑا گروپ کی ارے صاحب کیا ہتھوڑے گروپ کی بات کر رہے ہو۔ پوری قوم پر ہتھوڑے چلتے آئے ہیں تو کسی کو فکر نہیں ہے۔ مارشل لاء کے ہتھوڑے چلتے ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اس کی حمایت کرنے کے لئے مکمل طور پر تیار رہوں لیکن اس طریقے پر کہ یہی قدغن جو ہم پر لگ رہی ہے ممبروں پر لگ رہی ہے۔ یہی قدغن سیاسی پارٹیوں پر بھی لگے لیکن کیا عرض کریں۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
یہ سرکاری پنچوں والے قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

جناب ڈپٹی چیئرمین : سردار خضر حیات صاحب،

سردار خضر حیات خان : جناب چیئرمین! بہت بہت مہربانی، آپ نے مجھے عزت بخشی کہ میں اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کر دوں۔ پیشتر اس اس کے کہ میں مکمل طور پر بحث کروں میں سمجھتا ہوں کہ پچھلے چار پانچ مہینے سے یہ بات ہو رہی تھی کہ سیاسی پارٹیوں کے متعلق بل آئے گا اور سیاسی پارٹیوں کے لائحہ عمل کے بارے میں بات ہو گی۔ پہلے سپیشل کمیٹی بنی اور اس کے بعد یہ بل آیا ہم یہ سمجھتے تھے کہ سیاسی پارٹیوں کی بحالی کے بارے میں واضح طور پر کوئی بات ہو گی، لیکن میرے ایک دوست اور بزرگ نے پرسوں کل کہا تھا، "کھودا پہاڑ نکلا چوہا"، ہم نے یہاں بھی اور نیشنل اسمبلی میں ایک سپیشل پارٹی بنائی اور صرف دو کلاز کا بل آیا اور اس میں بھی ایک ایک ممبروں کے متعلق، اگر پولیٹیکل پارٹیاں صرف ممبروں کی defection پر ہی منحصر ہوتیں تو تب وہ بات تھی لیکن میں جناب وزیر انصاف کو بتا دینا چاہتا ہوں پولیٹیکل پارٹیز ممبروں سے نہیں ہوتیں پروگراموں سے ہوتی ہیں۔ اور لیڈرشپ سے ہوتی ہیں اور اسی سے استحکام بخشا جاتا ہے اگر استحکام کی بات صرف اس طریقے سے ہو کہ ممبر نہ جائیں ہم جانتے ہیں اور ہم نے ۶۲ء سے ۶۹ء تک دیکھا کہ فیلڈ مارشل

[Sardar Khizar Hayat Khan]

محمد ایوب خان کی پارٹی سے ایک ممبر نے بھی ڈیفیکٹ نہیں کیا تھا اور سارے ممبر ساتھ رہے تھے لیکن وہ پارٹی قائم نہ رہ سکی، اور اسی طریقے سے جناب بھٹو صاحب کی پارٹی سے ایک ممبر بھی باہر نہیں نکلا تھا اور نہ کسی کی ممبر شپ گئی تھی لیکن وہ پارٹی بھی استحکام حاصل نہ کر سکی اور نہ مارشل لاء آگیا اس لئے یہ آرگومنٹ کہ اس پروشن سے استحکام آئے گا میں اس سے اتفاق نہیں کرتا۔ استحکام تو پولیٹیکل پارٹی کے پروگرام سے اور لیڈرشپ سے آئے گا۔ اگر وہ پروگرام عوام کو منظور رہو گا اور عوام اس کے ساتھ رہیں گے تو پھر استحکام ہو گا۔

اصولی طور پر اس ڈیفیکشن کلاز سے مجھے اتفاق ہے اس لئے کہ اخلاقی طور پر بھی اور اسلامی طور پر بھی اگر ہم ایک عہد کرتے ہیں تو ہمیں اسے نبھانا چاہیئے اور اسلام بھی یہ کہتا ہے کہ اگر آپ کسی کے ہاتھ میں ہاتھ دیتے ہیں تو اس ہاتھ کا پاس کریں اور اس کے ساتھ رہیں۔ اس لئے یہ کہنا کہ یہ ڈیفیکشن کی کلاز غلط ہے یہ بھی غلط ہے اس لئے کہ یہ ڈیفیکشن کلاز ہونی چاہیئے اور اسلام بھی یہ حکم دیتا ہے کہ ہم جو عہد کرتے ہیں اس پر پورے اتریں۔ اور جو عہد کو پورا نہیں کرتے ان کو سزا یہاں بھی ملے اور وہاں بھی ملے گی۔ اس لئے اصولی طور پر یہ کلاز بالکل مناسب ہے اس پر عمل درآمد ہونا چاہیئے جیسا کہ سومرو صاحب نے بھی کہا کہ وہ یہ بات in principle مانتے ہیں لیکن وہ اختلاف برائے اختلاف ضروری سمجھتے تھے۔

میں سمجھتا ہوں یہ بہت مختصر سا بل ہے۔ اس پر ہمیں اتنا وقت نہیں لینا چاہیئے۔ اور اسے من وعن پاس کر دینا چاہیئے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ مارشل لاء سے اس کا تعلق ہے میں اس چیز سے بھی اتفاق نہیں کرتا۔ مارشل لاء کا صرف ان دو کلازز کے پاس ہونے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ نہ پولیٹیکل پارٹیز سے اس سے کوئی تعلق ہے۔ سیاسی جماعتوں کی بحالی ان دو کلازز کے بغیر بھی ہو سکتی ہے اور یہ پارٹیز کو کوئی مستحکم نہیں بنا سکتیں

ہیں اور نہ بتائیں گی۔ اس لئے ہمیں پولیٹیکل پارٹیز کی آرگنائزیشن اور ڈی آرگنائزیشن کے متعلق آئندہ بھی کچھ سوچنا پڑے گا۔ کہ وہ کس طریقے سے عوام تک پہنچیں اور عوام میں اپنا مقام بحال رکھیں۔ وہ حضرات جو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ آئین کے بھی خلاف ہے ان کی رائے سے بھی میں اتفاق نہیں کرتا کیونکہ یہ بنیادی حقوق کے بالکل خلاف نہیں ہے۔ اس لئے میں ان الفاظ کے ساتھ تمام حضرات سے یہ درخواست کروں گا کہ اس بل کو قبول فرمائیں اور اس کو منظور فرماتے میں دیر نہ لگائیں۔ کیونکہ اصولی طور پر سب مانتے ہیں کہ یہ ٹھیک پروویژن ہے۔ کہ جو ڈس کوالیفکیشن کی کلاز ہے وہ ہونی چاہیئے لیکن میں اس سے اتفاق نہیں کرتا کہ اس سے پولیٹیکل پارٹی میں استحکام آئے گا یا ملک میں استحکام آئے گا لوگ اگر پارٹیز کے ساتھ رہتے ہیں تو ڈر کی وجہ سے نہیں، بلکہ وہ سمجھتے ہیں کہ پولیٹیکل پارٹیز کے ساتھ رہنا مناسب ہے تو وہ اس پولیٹیکل پارٹی کے ساتھ رہیں گے ڈر کی وجہ سے نہیں یہ بل تو صرف ممبروں کو جکڑنے کے لئے بنایا گیا ہے نہ کہ پولیٹیکل پارٹیز کے لئے بنایا گیا ہے اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی قباحت نہیں ہے جس سے ہمیں گھبرانے کی ضرورت ہو۔ کیونکہ ہم اخلاقی، مذہبی اور اصولی طور پر مانتے ہیں کہ جس کے ساتھ ہوں اس کا ساتھ دینا چاہیئے اور ساتھ دیں گے۔ اس بل کی وجہ سے نہیں، اس ڈس کوالیفکیشن کلاز کی وجہ سے نہیں، بلکہ ہم اصولی طور پر اس کو مناسب سمجھتے ہیں اور مناسب سمجھیں گے۔ تو میں ممبران سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ اس بل کو جلد سے جلد منظور فرما کر اس چیز کو بھی ختم کریں تا کہ مارشل لاء کی بھی جو باقیات بنی ہوئی ہے وہ بھی ختم ہو، اور یہ جلد سے جلد پاس ہو جائے اور عوام اور قوم یہ توقع رکھتی ہے کہ ہم اس بل کو جلد سے جلد پاس کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، جناب محترم بریگیڈیئر محمد حیات خان صاحب۔

بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد حیات خان: شکریہ، جناب چیئرمین! میں صرف چند ایک باتیں ماضی کی دہرا کر پھر اس بل کی طرف آؤں گا یہاں اس

[Brig. (Retd) Muhammad Hyat Khan]

ہاؤس میں اور دوسرے ہاؤس میں اور ملک کے باہر بھی تینوں مارشل لاء کے خلاف بہت چرچا ہوا اور وہ کسی حد تک درست بھی ہے۔ لیکن آپ پہلے مارشل لاء پر جائیں تو اس کی وجہ صرف یہی تھی کہ سیاسی استحکام ختم ہو گیا تھا، اور ہر روز پارٹیاں بدلی جاتی تھیں۔ مجھے یاد ہے ۱۹۵۶ء میں جب ریپبلکن پارٹی بن گئی مسلم لیگ کی اکثریت تھی، اور گورنر وقت نے کہا کہ اس اسمبلی میں شور مچا دو، تاکہ کل میٹنگ ہو جائے اور دو آدمی رات کو خرید لو، اور یہی واقعہ ہوا، کہ چند آدمی خرید لئے گئے اور ریپبلکن حکومت بن گئی۔ اس کے بعد جو ہوا وہ سب لوگوں کو یاد ہے۔ پرائم منسٹر بھی بدلے، چیف منسٹر بھی بدلے، اور اس کی صرف یہی وجہ تھی کہ سیاسی استحکام نہیں تھا یہ کیوں نہیں تھا، پارٹیز بدلنے کی وجہ سے نہیں تھا۔ اس کے بعد مارشل لاء آ گیا وہ کچھ عرصہ چلتا رہا، اور تین سال کے بعد ختم ہو گیا، گو سیاسی پارٹیاں جو تھیں وہ کچھ مستحکم ہو گئیں لیکن الیکشن چونکہ broad based نہیں تھا اور وہ الیکشن صرف elite کا تھا اس لئے وہ regime کامیاب نہ ہو سکی، اس کے بعد ایک جمہوری دور آیا، الیکشن بڑا اچھا ہوا لیکن کچھ لوگوں کی نا اہلی کی وجہ سے یا ان کے زیادہ لالچ کی وجہ سے ملک دو ٹکڑے ہو گیا پھر اس جمہوری پارٹی نے اس میں ترمیم شامل کی کہ پارٹیاں بدلی جا سکتی ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ میرے علاقے کا جو نمائندہ تھا اس کو بلیک میل کیا گیا، کہ تم اس طرف نہیں آؤ گے تو تمہاری لاش بھی نہیں ملے گی، وہ بے چارہ ڈر کر پیپلز پارٹی میں شامل ہو گیا۔ اب اگر آپ یہ کلاز رکھیں گے تو کسی کو ڈرایا دھمکایا نہیں جائے گا۔ اور اگر وہ پارٹی میں شامل نہیں ہے اور حکومتی پارٹی شامل کرنا چاہتی ہے تو نہیں کر سکے گی۔

اس کے علاوہ سردار صاحب نے جو کہا ہے کہ ہم مسلمان ہیں اگر ایک طرف جاتے ہیں اور وعدہ کرتے ہیں۔ تو اس وعدے کو پورا کرنا ہوتا ہے اور یہ غیر جماعتی جو ہاؤسز ہیں ان کے لئے یہ ایک بڑی سود مند چیز ہے کہ وہ جس طرف جانا چاہیں اس طرف جا سکتے ہیں۔ رائٹ کو جائیں یا لیفٹ کو جائیں۔

یہ راستہ ان کے لئے کھلا ہے تاکہ وہ اپنے ضمیر کی آواز کے مطابق جائیں۔ لیکن پھر وہاں کے ہو رہیں اور روز روز پارٹیاں نہ بدلتے رہیں۔ اور یہ جو بل ہے بڑا چھوٹا سا بل ہے اور اس کی ایک کلاز یہی ہے کہ پارٹیاں روز روز نہ بدلی جائیں۔ میں اس سے متفق ہوں کہ اسے جلد سے جلد پاس کر دیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: محترم جناب سرتاج عزیز صاحب۔

**Mr. Sartaj Aziz :** Mr. Chairman , Sir, we are discussing today the principles which are underlying this Bill and I would, therefore, like to clarify the political context in which we are discussing these amendments. No one can of course deny the importance of healthy and democratic political activity for viable democratic process which we as a nation have failed to evolve in the last 38 years and without this kind of a viable process, which ensures orderly succession and permits healthy political activity we would not be able to secure our future. It is also absolutely true that the subject of regulating political activity is a very complex one, even for countries which have well established democratic systems like the United States when they consider issues like restrictions on election expenditures or require presidential candidates to declare their assets and liabilities. For a country, like Pakistan, to what extent the political activities should be free or regulated is even a more difficult issue. In fact, we face a virtual dilema on this subject. We have on the one hand lost the ideals of democracy in which we would all like to see the human rights fully protected; a very free process of political opinion in which every party conducts itself in a dignity and order, presents his programmes to the electorates and then bows to the decision of the electorates.

On the other hand, we have the sad reality of our political life in which every conceivable norm of democratic tradition has been violated and we have not allowed the political process to function and it is the break down of that political process which has repeatedly led to martial law. Should we, therefore, prepare a set of laws

[Mr. Sartaj Aziz]

which will correspond to our lofty ideals and allow everything free or should we frame laws which will correspond to the reality of our situation in which traditions had not been established, wireless systems are not protected; and self-seekers still nominate a large segment of the political processes. The Constitution does require freedom of association but at the same time it says subject to any reasonable restrictions imposed by law. So, the whole effort is what are reasonable restrictions with the laws to impose on this political process. It is recognizing the importance of this subject that the Prime Minister instituted two committees one in the National Assembly and the other in the Senate with the hope that reports of these committees will enable the Parliament as a whole to prepare either a fresh set of laws or amend laws which will somehow find the right balance with these two requirements of the right democratic traditions as in our political situation some restrictions are unavoidable.

The debates on these two reports, however, showed that there was a very very wide gap of opinion in the members of the Senate whether the registration should be only for the purpose of election or unregistered parties should be subject to total restriction in terms of political activity and they should be punishable if they don't register and get indulged in political activites. Who should have the power to dissolve? What should happen to office bearers of dissolved political parties? What should be the degree of control on accounts and manifestos and elections if parties have to register and finally, whether the mushroom Parties' can be eliminated by prescribing a certain percentage of votes. These are all the issues that we debated in the House of Senate and in the House of National Assembly.

As Prime Minister said in his winding up statement in the National Assembly that he would have very much preferred if this whole exercise which lasted for several weeks in both the Houses had really led to a consensus on which a new set of laws could have been formulated for the regulation of the political activities. Unfortunately,

that did not prove possible to evolve either a totally new law or to agree on all the sets of amendments that were necessary in this Partie's Act, and therefore, the decision is, at the moment, to allow the Act as inherited from 1962 as amended from time to time and to introduce one essential amendment which is necessary for the stage of our political life and a provision concerning the formulation of rules. Now, therefore, to conclude that this brief Bill which has come before the House, the Government really wants to manipulate the political process and from this to conclude that the Constitution is being subverted or the nation is being strangulated, in my view, is not justifiable. These conclusions cannot be drawn from the Bill that is before us.

The Government should be judged by actions and not by what it has inherited in the past. The inheritance, at this point in political terms, is full of many other black laws ; it is full of many other imperfections ; it is full of many inadequacies. Because the political process has not functioned and this stage in which the political process is now being evolved is very delicate phase of our life and has to be nurtured to carry the criticism to a point where the credibility of this minimal process is beginning to cause doubts on it is not serving the cause of democracy or our future. I think, the Government should be judged by its actions which are going to be followed because if one has to conclude that since in the past these laws were misused, therefore, it would happen in future also is not very logical conclusion to draw. And as the Prime Minister said that in the coming months and years the opportunity would be available to imporve these laws if a consensus or some kind of sense of direction can be found in which laws can be improved, because as I mentioned at the outset that there would be always differences among these people who would like to take us to our ideals and those who would like to make sure that the process did not break down.

So, the Bill before us is relatively simple. It does not introduce any new law which tries to do all the things that it is being accused of ; it is relatively simple clause as far as defection is concerned, the need for which has been accepted here by almost all members and, in fact, those who have not said it openly if they really look at our history they will see the paramount importance of this particular clause. I also feel, Mr. Chairman, that the political process that is going to be evolved in

[Mr. Sartaj Aziz]

the months ahead will not depend so much on the kind of legislation they have but on the way political leaders and political parties discharge their responsibilities. Even the best of laws can be misused by parties or leaders who do not have political responsibility and if our traditions are healthy and correct I think even with this law we can evolve a healthy system. And if the system comes under the pressure, and the democratic process which has begun is not allowed to establish itself, then the restricted part of our requirements will increase and those who are moving towards our ideals will naturally have even more to criticise. So, I hope that the context in which this Bill is being presented will be clearly recognized and the democratic process that is started will be protected and hopefully, in the coming months, there will be other efforts to improve this legislation which, obviously, needs some improvement here and there but I hope that the criticism of this will not be carried beyond legitimate limits and the Government will be judged by the actions and not by its inheritance in the months ahead. Thank you very much.

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you.

Mr. Javed jabbar, not present.

Qazi Hussain Ahmed.

__قاضی حسین احمد__ : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب والا! موجودہ جو بل لایا گیا ہے یہ ۱۹۶۲ء کے ایکٹ میں ترمیم کے نام سے پیش کیا گیا ہے ۔ ۱۹۶۲ء کا پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کیا تھا اور کن حالات میں بنا تھا یہ بات اس وقت برمحل ہے کہ اس صورتِ حال کا بھی جائزہ لیا جائے کہ ۱۹۶۲ء میں کیوں یہ پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ اور کن حالات میں لایا گیا تھا۔

جناب والا! ۱۹۶۲ء کے دستور کے آرٹیکل ۱۷۳ کے مطابق جب تک سیاسی جماعتوں کی باقاعدگی کے لئے کوئی قانون نہیں آئے گا اس وقت تک پولیٹیکل پارٹیز نہیں بن سکیں، پولیٹیکل پارٹیز کی باقاعدگی کے لئے قانون لایا گیا اور وہاں بھی مارشل لاء اور اس کے نظام سے سیاسی جماعتوں پر مبنی ایک نظام کی طرف ہم جا رہے تھے ۔ ان حالات میں آج سے

۲۳ سال پہلے جو قانون دیا گیا تھا وہ بنیادی حقوق کے لحاظ سے بھی اور سیاسی جماعتوں کا جو مروجہ اصطلاحی تصور ہے اس کے لحاظ سے بھی موجودہ مسخ شدہ قانون سے بدرجہا بہتر تھا۔

۱۹۶۲ء کے قانون میں ایک یہ بات رکھی گئی تھی کہ اسلامی نظریئے کے خلاف کوئی پارٹی نہیں بن سکے گی بیرونی مدد سے کوئی پارٹی نہیں بن سکے گی اور یہ بات بھی رکھی گئی تھی کہ کسی پارٹی پر پابندی لگانے سے پہلے سپریم کورٹ میں ریفرنس پیش کیا جائے گا۔ پارٹی پر پابندی لگانا حکومت کا اختیار نہیں تھا بلکہ کسی پارٹی پر پابندی لگانے سے پہلے سپریم کورٹ میں ریفرنس بھیجنا ضروری تھا۔ یہ فیصلہ ایک فوجی حکومت نے، مارشل لاء کی حکومت نے، جسے آپ ڈکٹیٹر کہتے ہیں، اور جو جمہوری حلقوں میں پسندیدگی کی نظر سے دیکھا نہیں جاتا، جسے سیاسی لحاظ سے اچھی شہرت حاصل نہیں تھی اس حکومت کی طرف سے، اس کے لیڈر کی طرف سے مطلق العنان حاکم کی طرف سے یہ کیا گیا تھا کہ حکومت کسی پارٹی پر پابندی نہیں لگائے گی اس مقصد کے لئے سپریم کورٹ میں ریفرنس پیش کرے گی اس میں فلور کراسنگ کا سیکشن بھی موجود تھا۔ ۱۹۶۲ء کے قانون میں پھر وقتی ضروریات کے مطابق ترامیم کی گئی ہیں جناب! یہ حکمرانوں کی اپنی وقتی ضرورت تھی۔ اس میں کوئی Principles involved نہیں تھے، کوئی اصولی بات اور کوئی قاعدے کی بحث نہیں تھی۔ صرف اپنی وقتی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے، وقتاً فوقتاً اس میں ترامیم کی گئی ہیں۔ ان ترامیم کے بعد اس کی پھر شکل ہی بدل گئی ہے۔

جناب والا! اس میں پہلی ترمیم ۷ جنوری ۱۹۶۳ء کو کی گئی۔ دوسری ۱۸ فروری ۱۹۷۵ء کو کی گئی تیسری ترمیم ۹ جنوری ۱۹۷۷ء کو کی گئی۔ چوتھی ترمیم ۱۷ اکتوبر ۱۹۷۸ء کو کی گئی۔ پانچویں ترمیم ۳۰ اگست ۱۹۷۹ء کو کی گئی۔ چھٹی ترمیم ۲۷ ستمبر ۱۹۷۹ء کو کی گئی۔ ساتویں ترمیم ۸ اکتوبر ۱۹۷۹ء کو کی گئی۔ آٹھویں ترمیم ۱۲ جنوری ۱۹۸۵ء کو۔ نویں ترمیم ۱۷ جنوری ۱۹۸۵ء کو کی

[Qazi Hussain Ahmed]

گئی۔ ان ترامیم کے ذریعے سے ۱۹۶۲ء کے (اصلی قانون) کا حلیہ بگڑ چکا ہے یہ اب ایک مسخ شدہ قانون ہے اور اب اس میں بہت سارے تضادات موجود ہیں۔ ان تضادات کے بارے میں صرف ایک کی طرف آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ اس کے سیکشن ۳بی میں کچھ پابندیاں لگادی گئیں۔ اور ۳۔سی میں ان کو پھر اٹھانے کا اختیار دے دیا گیا یعنی ۳۔سی کے ذریعے سے صدر کو اختیار دے دیا گیا ہے کہ ۳۔بی کے ذریعے سے جو لوگ نا اہل ہو گئے ہیں، ان کی نا اہلیت کو بغیر کسی وجہ کے وہ ختم کر سکتے ہیں، یہ ان کی صوابدید ہے، اس کا انہیں اختیار ہے۔ اسی طرح سے اس میں اور بھی بہت سارے تضادات ہیں۔

جناب والا! ۱۹۷۹ء میں اس ایکٹ میں بہت زیادہ ترامیم کی گئیں جس کی وجہ سے یہ ایک قانون نہیں رہا بلکہ ایک مارشل لاء آرڈیننس بن گیا ہے اور اب اس مارشل لاء آرڈیننس کو یہاں سے پاس کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اب اس کو کیوں لایا گیا ہے اس کی وجہ کیا تھی۔ خود سرتاج عزیز صاحب نے گورنمنٹ کی طرف اس کا پس منظر پیش کر دیا ہے۔ انہوں نے خود کہا ہے کہ اتفاق رائے نہیں ہو سکا۔ اس پر اسمبلی میں بھی بحث کی گئی، سینٹ میں بھی بحث کی گئی اس پر اتفاق رائے نہیں ہو سکا اور جو مسائل اٹھائے گئے ان سے پہلو بچانے کے لئے یہی مناسب سمجھا گیا کہ ویلڈیشن کا فائدہ اٹھایا جائے۔ آٹھویں ترمیم کے ذریعے سے validation حاصل کر کے حکومت نے دراصل قومی اسمبلی اور سینٹ کے ہاتھ باندھ دئے ہیں۔ مارشل لاء کے آٹھ سالہ دور کے اقدامات کی انہوں نے توثیق کر دی ہے۔ اب ان کو قوانین کا درجہ دے دیا گیا ہے اس میں ۱۹۷۹ء کا زیر بحث آرڈیننس بھی قانون کا درجہ حاصل کر چکا ہے۔

جناب والا! آٹھویں ترمیم کے وقت یہ بار بار یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ اس validation کا کوئی ناجائز فائدہ نہیں اٹھایا جائے گا، اس

validation کے باوجود ہم ان سارے قوانین کا جائزہ لیں گے ان میں سے اچھے قوانین اور برے قوانین کو علیحدہ علیحدہ کریں گے۔ چند کو چھوڑ کر باقی سب کو ختم کر دیں گے اس کی بار بار یقین دہانی کرائی گئی لیکن اب موجودہ زیر بحث بل سے یہ نیت ظاہر ہو رہی ہے کہ مارشل لاء کے دور میں جو آرڈیننس جاری کر دئے گئے تھے ان کو اب ویلیڈیٹ کر دیا گیا ہے، جو کہ اب قانون کا درجہ رکھتے ہیں۔ اب یہ سول حکومت اسی مارشل لاء کے دور کو ایک سویلین فارم میں جاری رکھے گی۔ انہی اختیارات کے ساتھ حکومت جاری رہے گی۔ یہ بات پارلیمنٹ سے باہر کے سیاسی عناصر کی اس بات کو تقویت پہنچاتی ہے کہ مارشل لاء نہیں اٹھے گا صرف ایک سویلین شکل اختیار کرے گا۔ اس حکومت کا جو رویہ ہے اور جس طریقے سے وزارت قانون نے یہ بل ہمارے سامنے پیش کیا ہے اس سے اس ویلیڈیشن کا فائدہ اٹھایا گیا ہے یہ ایسے لوگوں کے خدشات کو تقویت پہنچاتا ہے جو کہتے ہیں کہ مارشل لاء نہیں اٹھے گا بلکہ اسے سویلین حیثیت دے دی جائے گی۔

جناب والا! سیاسی جماعتوں کے مسئلہ پر جو کمیٹیاں بنائی گئی تھیں ان میں اس مسئلہ پر کافی غور و خوض کیا گیا۔ بڑے بڑے زیر غور مباحث میں ایک بحث رجسٹریشن کی تھی، پارٹیوں کی رجسٹریشن ہونی چاہیئے یا نہیں ہونی چاہیئے؟ اگر ہونی چاہیئے تو اس کے لئے حدود کیا ہونی چاہئیں کن پارٹیوں کو رجسٹرڈ کرنا چاہیئے اور کن کو نہیں کرنا چاہیئے اور اس کے لئے کیا طریقہ کار اختیار کیا جائے۔ اس پر کافی لمبی چوڑی بحث کمیٹیوں میں بھی ہوئی ہے، عوام میں بھی ہوئی ہے۔ بلکہ اس حکومت کے دور میں، مجلس شوریٰ میں ایک مسئلہ یہ اٹھایا گیا کہ کیا سیاسی جماعتیں ہونی بھی چاہئیں یا نہیں ہونی چاہئیں۔ شکر ہے کہ حکومت نے یہ بل پیش کر کے یہ تو تسلیم کر لیا ہے کہ پارٹیاں ہونی چاہئیں جو کہ اسلام کے خلاف نہیں ہیں، ورنہ یہاں لو یہی بات متنازعہ بنا دی گئی تھی کہ کیا

[Qazi Hussain Ahmed]

اسلام میں پارٹیوں کی اجازت ہے یا نہیں۔ حالانکہ اسلام کے نام سے پارٹیاں بنتی رہی ہیں۔ جمعیت العلماء اسلام ہے۔ جمعیت العلماء پاکستان ہے۔ جماعت اسلامی ہے۔ مسلم لیگ ہے۔ ان میں سے کوئی بھی یہ نہیں کہتی کہ ہم اسلام کے خلاف ہیں اور اس کے ضابطوں کے خلاف ہم نے ایک پارٹی بنائی ہے لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ اس مسئلہ کو ایک متنازعہ مسئلہ بنا کر کافی عرصہ تک زیر بحث رکھا گیا کہ اسلام میں پارٹیوں کی گنجائش ہے یا نہیں۔ یہ بل لا کر پارٹیوں کی افادیت اور اسلام میں پارٹیوں کی موجودگی، اور اس کا جواز تو حکومت نے تسلیم کر لیا ہے، لیکن اس کے ساتھ ہی رجسٹریشن کی جو پابندیاں ۱۹۷۹ء میں لگائی گئی تھیں یہ ناروا ہیں کیونکہ ۱۹۶۲ء کے اوریجنل ایکٹ میں رجسٹریشن کی کوئی پابندی نہیں لگائی گئی تھی۔ یہ دو پابندیاں، ایک رجسٹریشن کی اور ایک اکاؤنٹس کے پیش کرنے کی، یہ ۱۹۷۹ء کے ترمیمی بل کے ذریعے سے لگائی گئی ہیں۔ یہ ایک بنیادی تبدیلی ہے جو ۱۹۶۲ء کے اصل ایکٹ میں کی گئی ہے۔

جناب والا! ہندوستان کے آئین کا حوالہ دیا گیا ہے کہ وہاں بھی رجسٹریشن ضروری ہے میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ ہندوستان میں رجسٹریشن صرف اس حد تک ہے کہ جو بھی پولیٹیکل پارٹی بن جاتی ہے وہ جب الیکشن میں حصہ لیتی ہے تو صرف ایک انتخابی نشان الاٹ کرنے کے لئے اپنے آپ کو رجسٹر کراتی ہے جس کے ذریعے سے اُسے ایک رجسٹرڈ انتخابی نشان مل جاتا ہے اگر ان کو انتخابی نشان کی ضرورت نہ ہو، اور وہ الیکشن میں حصہ نہ لیں تو پھر ایسی جماعت پر ہندوستان کے آئین کے تحت کوئی پابندی نہیں۔ وہاں صرف انتخابی نشان الاٹ کرانے کے لئے ضابطے کی کارروائی پوری کرنی پڑتی ہے رجسٹریشن کی کڑی شرائط کے ساتھ مشروط نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی کوئی ایسی پابندی رکھی گئی ہے کہ وہ حسابات پیش

کریں اور حسابات اس طرح ہوں اُس طرح نہ ہوں کہ فلاں فلاں شرائط پوری کرنے کے بعد الیکشن کمیشن اُسے رجسٹرڈ کر سکتا ہے۔ اس طرح کی پابندیاں وہاں نہیں ہیں۔

جناب والا! ہم رجسٹریشن پر کیوں معترض ہیں۔ ہم اس وجہ سے رجسٹریشن پر معترض ہیں کہ اس طریقے سے پولٹیکل پارٹیاں سوسائیٹیز کے لیول پر آجائیں گی۔ یہ معمولی سوسائیٹیز بن جائیں گی اور ان کے تمام امور میں حکومت مداخلت کر سکے گی مداخلت کا راستہ حکومت کو مل جائے گا۔ جس طرح سوسائٹیز کے امور میں حکومت مداخلت کرتی ہے۔ یعنی ایک طرف تو آپ سیاسی جماعتوں کو ڈسپلن کا پابند بنانے کے لئے قواعد لا رہے ہیں لیکن دوسری طرف آپ دیکھئے کہ رجسٹریشن کے اس اصول کے ماتحت کوئی ایک آدمی باغی ہو جائے کوئی ایک عہدہ دار باغی ہو جائے اور وہ چلا جائے الیکشن کمیشن میں یا کورٹ میں اور درخواست دے دے کہ پارٹی الیکشن ٹھیک طریقے سے نہیں ہوئے اور پارٹی کا صدر ٹھیک طریقے سے منتخب نہیں ہوا تو اس کے بعد عدالت کو، حکومت کو الیکشن کمیشن کو اختیار مل جاتا ہے موقع مل جاتا ہے کہ ان متعلقہ لوگوں کو بلائیں ان کے تمام کام کو (معطل) کر دیں اور اس کے بعد پھر ان کو اس بات کا پابند کر دیں کہ وہ اپنی سرگرمیاں اس وقت تک جاری نہیں رکھ سکتے جب تک کہ اس کا فیصلہ نہ ہو جائے۔ اس طریقے سے پارٹیوں کے اندر اور زیادہ خلفشار پیدا ہوگا اور پارٹیاں ٹھیک طریقے سے کام نہیں کر سکیں گی۔ اس لئے ہم یہ چاہتے ہیں کہ ایسی پابندیاں عائد نہ کی جائیں جو کہ سیاسی جماعتوں میں مزید انتشار کا باعث بن جائیں۔

۱۹۷۹ء کی ایک ترمیم کے ذریعے سے رجسٹریشن اور اکاؤنٹس پیش کرنے کی پابندی لگائی گئی اور لوگوں کو کہا گیا کہ اکاؤنٹس لاؤ، اکاؤنٹس آپ نہیں لائیں گے تو اس کے بعد آپ کو رجسٹریشن نہیں دی جائے گی۔ لیکن سیاسی حقائق سے مجبور ہو کر پھر ایک دوسرے آرڈیننس کے

[Qazi Hussain Ahmed]

ذریعے سے ایک دوسری ترمیم کے ذریعے سے خود حکومت مجبور ہوئی کہ ان کو مہلت دے چنانچہ ایک نیا آرڈیننس جاری کیا گیا کہ جن لوگوں نے اپنے حسابات پیش نہیں کئے جن لوگوں نے رجسٹریشن کے لئے وہ تمام شرائط پورے نہیں کیں ان کو مہلت دی جاتی ہے اور اس کے لئے حکومت نے ایک نیا آرڈیننس جاری کر دیا کہ جو لوگ بھی ایک سوالنامے کو پر کر دیں گے اور الیکشن کمیشن اس سوالنامے پر مطمئن ہو جائے تو ان جماعتوں کو بھی انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت دے دی جائے گی۔ اس طریقے سے حکومت سیاسی حقائق ماننے اور تسلیم کرنے پر مجبور ہوئی آج بھی صورت حال اس طرح کی ہے اگر آپ ایک ایسی پابندی لگائیں گے جو اس کے لئے سیاسی جماعتیں تیار نہیں ہیں تو یہاں پر سیاسی عمل شروع نہیں ہو سکے گا۔ ضرورت اس بات کی نہیں ہے کہ آپ بہت زیادہ لوگوں کو سیاسی عمل سے باہر کر دیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ لوگوں کو سیاسی عمل میں شرکت پر آمادہ کریں۔ اگر آپ مختلف قسم کی پابندیاں لگا کر لوگوں کو اس عمل سے باہر رہنے پر مجبور کر دیں گے تو لوگ تخریب کاری کی طرف جائیں گے' لوگ سیاسی جدوجہد کی بجائے' پرامن اور آئینی اور قانونی جدوجہد کی بجائے تخریب کاری پر آمادہ ہوں گے۔ اس لئے ایک تعمیری سیاسی عمل کی ضرورت ہے کہ آپ ایسی پابندیاں نہ لگائیں جن کے لئے سیاسی جماعتیں تیار نہیں ہیں۔

سیاسی جماعتوں کے بہترین جج عوام ہیں۔ عوام ہی ان کے بارے میں فیصلہ کرتے ہیں کہ یہ محب وطن ہیں یا نہیں ہیں یہ اسلام دوست ہیں یا نہیں ہیں یہ ملک کو ٹھیک طریقے سے چلا سکتے ہیں یا نہیں چلا سکتے اور رائے عامہ کی تیاری کے لئے رائے عامہ کی تعلیم کے لئے ان کی تربیت کے لئے اصل کوشش ہونی چاہیئے جس کے نتیجے میں اچھی اور منظم سیاسی جماعتیں ابھریں گی اور اچھی اور منظم سیاسی جماعتیں رائے عامہ پر اثر انداز ہوں گی رائے عامہ سیاسی جماعتوں پر اثر انداز ہو گی اس طریقے سے سیاسی

جماعتوں کے اندر اصلاح ہو گی اور بہتر سیاسی جماعتیں وجود میں آ سکیں گی۔ اس لئے ہم اس رجسٹریشن کے مخالف ہیں۔ ہم رجسٹریشن کو ایک ناروا قدغن سمجھتے ہیں سیاسی جماعتوں پر اور سیاسی عمل پر اور جس طریقے سے یہ رجسٹریشن کی شق لائی گئی ہے آٹھویں ترمیمی بل اور ویلیڈیشن کا فائدہ اٹھا کر ۱۹۷۹ء کے مارشل لاء آرڈیننس کو مستقل قانون کا درجہ دے دیا گیا ہے تاکہ اس پر بحث بھی نہ ہو اور اس میں ترامیم بھی پیش کی جا سکیں بل کی تمام خامیوں کو بالکل محفوظ رکھا گیا ہے، ان کو برقرار رکھا گیا ہے اور جو بل لایا گیا ہے اس میں اتنے اہم مسائل کا ذکر ہی نہیں ہے مارشل لاء کے دور میں پیپلز پارٹی کے دور کے سارے عہدہ دار اور سارے وزراء ڈسکوالیفیکیشن کی زد میں آ رہے تھے۔ لیکن جس نے بھی آ کر صدر صاحب سے یا متعلقہ حکام سے مارشل لاء اتھارٹیز سے معافی مانگ لی یا ان کی خوشنودی حاصل کر لی یا ان کے ساتھ مل کر کام کرنے پر آمادگی کا اظہار کیا تو ان لوگوں کی ڈسکوالیفیکیشن کو ختم کیا گیا ان کو وزیر بنا دیا گیا ان کو اپنا مقرب بنا دیا گیا اب اس تاریخ کے ساتھ اور اس ریکارڈ کے ساتھ ہم کس طرح سرتاج عزیز صاحب کی یہ بات مان لیں کہ ماضی کا جو ریکارڈ ہے اور ماضی میں جو کچھ ہوا اور اس بل کو جس غلط طریقے سے استعمال کیا گیا ہے آپ یہ نہ سمجھیں کہ مستقبل میں بھی اس طرح کیا جائے گا جب موجودہ regime نے خود ماضی میں اس طریقے سے اپنے اختیارات کو استعمال کیا ہے کہ اس کو اختیارات کا غلط استعمال کہا جاتا ہے تو حکومت کو جب آئندہ اختیارات ملیں گے تو وہ ان کا غلط استعمال کیوں نہیں کرے گی۔

فلور کراسنگ ایک اہم مسئلہ ہے ٹھیک ہے ۱۹۶۲ء والے ایکٹ میں بھی یہ فلور کراسنگ والی بات موجود تھی اور اصولی لحاظ سے ہم اس کی مخالفت بھی نہیں کر سکتے لیکن میں عرض کروں گا کہ سابقہ حکومتوں نے بھی فلور کراسنگ کی شق کو رکھ کر اپنی مطلب برآری کرنے کی کوشش کی ہے انہوں نے بھی سیاسی جماعتوں کو بگاڑنے کے لئے فلور کراسنگ کو

[Qazi Hussain Ahmed]

ہٹا دیا کہ ہمارا کوئی آدمی باہر نہ جا سکے اور باہر کے آدمی کو ہم کھینچ سکیں دوسرے لوگوں کو اپنی پارٹی میں شامل کر سکیں انہوں نے اس لئے کیا اور موجودہ حکومت نے اس خاطر کہ لوگ تو غیر جماعتی طور پر منتخب ہوئے ہیں اب یہ بھی لوگوں کو کھینچنے کے لئے فلور کراسنگ کی دفعہ اس طریقے سے ڈال رہے ہیں کہ ایک دفعہ اندر آ جائیں تو باہر نہ جا سکیں انہوں نے ایک ایسا پنجرہ بنایا ہے کہ ابھی لوگ اس میں ہیں نہیں لیکن جب اس کے اندر ڈال دئے جائیں گے تو باہر نہ نکل سکیں گے لوگ سیاسی جماعتوں کی بنیاد پر منتخب نہیں ہوئے لوگ آزادانہ طور پر مختلف طریقوں سے منتخب ہوئے ہیں اور ان لوگوں کو قابو میں رکھنے کا اس کے علاوہ اور کوئی طریقہ ان کو نظر نہیں آتا حکومت کے ساتھ رہنا تو جاگیرداروں اور سرمایہ داروں اور اس طبقے کی جو اکثریت سے منتخب ہو کر آئے ہیں مجبوری ہے یہ ہر وقت حکومت وقت کا ساتھ دیتے ہیں اور حکومت وقت کی خوشنودی حاصل کرنا ان کے لئے ضروری ہے یہ ہمیں اپنی پرائیویٹ مجالس میں کہتے ہیں ٹھیک ہے بات تو آپ کی ٹھیک ہے لیکن ہماری مجبوری ہے ہم حکومت سے باہر نہیں جا سکتے ان کے خلاف نہیں جا سکتے اب ان لوگوں کو قابو میں رکھنے کا یہ طریقہ ہے کہ ان کے لئے ایک ایسی کھڑکی بنائی جائے ایک ایسا پنجرہ بنایا جائے کہ اس میں جو ہے وہ ان کے اندر آنا ممکن ہو اس سے باہر جانا ناممکن ہو اسی غرض کے لئے فلور کراسنگ کی شق کو استعمال کیا جا رہا ہے جس غرض کے لئے سابقہ حکومتوں نے اس کو استعمال کیا تھا لوگوں کو کھینچنے کے لئے تاکہ آنے کے بعد پھر باہر نہ نکل سکیں ۔

جناب والا ! سابقہ ریکارڈ کو دیکھ کر مجھے یہ بھی خدشہ ہے کہ اس دفعہ کے تحت یہ اس کے اندر لوگوں کو کھینچ لیں گے اور اس کے بعد پھر ان کو اپنے ہاتھ میں رکھیں گے باہر نہیں جانے دیں گے اور جب بھی ان کی ضرورت ہو گی سابقہ حکمرانوں کی طرح اس قانون میں دوبارہ ترمیم کر کے اس فلور کراسنگ کی شق کو ہٹا بھی سکتے ہیں وقتی ضروریات کے مطابق ہمارے حکمران ہمیشہ

ترمیمیں کرتے رہے ہیں۔ اس ۱۹۶۲ء کے قانون میں ۹، ترمیمیں کی گئی ہیں اور ہر حکمران نے اپنی وقتی ضروریات کو مدِنظر رکھ کر یہ ترمیمیں کی ہیں آئندہ کے لئے ہم کیسے اعتماد کریں کہ وقتی ضروریات کے مطابق یہ اس میں ترمیم نہیں کریں گے، میں جناب وزیر قانون کو چیلنج کرتا ہوں کہ ۱۹۶۲ء کا جو اوریجنل ایکٹ ہے اسی کو لے آئیں۔ وہ بھی ایک ایسے حکمران نے دیا ہے جو حکمران مارشل لاء کا حکمران تھا۔ اس کے بعد وہ پھر سیاسی جماعتوں کی طرف جا رہا تھا۔ درمیان میں انہوں نے جتنی بھی ترامیم کی ہیں ان کو ہٹا دیں۔ جو ۱۹۶۲ء کا اوریجنل ایکٹ ہے اس کو لے آئیں۔ اس پر ہم اتفاق کر سکتے ہیں۔ لیکن وقتی ضروریات کے مطابق یا وقتی مصلحتوں کے مطابق جتنی بھی ترامیم ہوئی ہیں ان کی وجہ سے یہ ایک مسخ شدہ قانون ہے اور اس کے پاس کروانے میں ہم حصہ دار نہیں بن سکتے۔

جناب والا! میں ان گذارشات کے ساتھ میں اس بل کی شدید مخالفت کرتا ہوں اور اس کو اس ملک کے لئے، اس قوم کی ضروریات کے لئے نامکمل اور ایک ایسا قانون سمجھتا ہوں جو سیاسی جماعتوں کی تشکیل اور ریگولیشن کے لئے نقصان دہ ہے۔ اور ان کے لئے مفید نہیں ہے۔ شکریہ،

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب محمد علی صاحب، (موجود نہیں ہیں)

جناب حمزہ خان پلیجو صاحب! (موجود نہیں ہیں) جناب محترم وسیم سجاد صاحب (موجود نہیں ہیں) جناب محترم فضل آغا صاحب!

انجینئر سید محمد فضل آغا: شکریہ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب! اس پولیٹیکل پارٹی ایکٹ پر کافی بحث ہو چکی ہے۔ جو ہاؤس میں آیا ہے اور مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ پچھلے دو مہینے کی سینٹ اور نیشنل اسمبلی کی جو ایکسرسائز تھی اُسے سوائے مذاق قرار دے کر اس بل سے کچھ بھی ثابت نہ ہو سکا۔ کیونکہ کمیٹی کی جو تجاویز تھیں وہ اسی ۱۹۶۲ء کے ایکٹ کی بنیاد پر تھیں۔ اس پر دونوں ہاؤسز کے مختلف ساتھیوں نے

[Engineer Syed Muhammad Fazal Agha]

اپنی تجاویز دی تھیں۔ ہم یہ توقع کر رہے تھے کہ اب جو نیا بل ملے گا اس میں کچھ نہ کچھ لوگوں کی رائے کو شامل کر دیا جائے گا۔ لیکن افسوس ہے کہ لاء منسٹری نے کسی کی بھی رائے لینا مناسب نہیں سمجھا۔ یہ بل ۱۹۶۲ء کے بل کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ جب سے ہم ان فورسز پر آئے ہیں ہم ماضی کو کوستے ہی رہے ہیں۔ اور ان کو کہتے رہے ہیں کہ ان کا کوئی بھی کام نیک نیتی پر مبنی نہیں تھا۔ یہ ایکٹ جس کو ہم base بنا رہے ہیں یہ بھی ماضی کا ایک ایکٹ ہے جس میں وقت کے ساتھ ساتھ بہت ساری امنڈمنٹ بھی ہوتی رہی ہیں۔ اور میں سمجھتا ہوں چونکہ ماضی کو ہم ہمیشہ تنقید کی نگاہ سے دیکھتے رہے ہیں اور عوام کو صحیح نمائندگی کے قابل نہیں سمجھا مگر یہ ایکٹ عوام کی نمائندگی نہیں کرتا اور ۱۹۶۲ء کا اوریجنل ایکٹ بھی عوام کی صحیح نمائندگی نہیں کرتا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم سے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جو ہم ہاؤسز میں آئے ہیں چونکہ مارشل لاء اٹھانا ہے اس لئے آپ اس بل کو بھی پاس کر دیں اور اس بل کو بھی پاس کر دیں۔ ہمارے بہت سے معزز ساتھی اس کی حمایت میں یہ کہتے ہیں کہ بعد میں ہم اس کو ٹھیک کرتے رہیں گے میں یہ نہیں سمجھتا کہ ہماری ڈیوٹی صرف یہی ہے کہ ہم فلاں کام کریں اور پھر اس کو درست کرتے رہیں۔ کیا یہ دونوں فورمز اسی لئے بنی ہیں کہ ہم پہلے تماشا بنتے رہیں اور پھر اپنی ان خرابیوں کو دور کرتے رہیں۔ میں سمجھتا ہوں ہماری بہت بڑی بڑی ذمہ داریاں ہیں۔ اس قوم کو بہت کچھ دینا ہے جو ۳۸ سال سے نہیں دیا ہے لہذا اس طریقہ کار سے پرہیز کیا جائے۔ کہ یہ غلطی جانے دیں چونکہ مارشل لاء اٹھانا ہے ہم بعد میں ٹھیک کر لیں گے، یہ مناسب رویہ نہیں ہوگا اور اسی میں ہمارے ان تمام فورمز کا وقت ضائع ہوگا اور ہم جو فورمز کے ممبر ہیں یہ قوم کے لئے ایک تماشا بن جائیں گے۔ ہم پبلک میں جا کر یہ نہیں کہہ سکتے کہ چونکہ مارشل لاء اٹھانا ہے اس لئے یہ کر دیا ہے۔

اب یہ جو بل آیا ہے مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری پچھلی جو گذارشات تھیں ان پر نظر نہیں رکھی گئی اور اب چونکہ یہ plea لی جاتی ہے کہ مارشل لاء لفٹ کرنا ہے پولیٹیکل پارٹیز کو بحال کرنا ہے اور ان کے لئے کوئی لائحہ عمل ہونا ضروری ہے میں سمجھتا ہوں یہ بالکل صحیح بات ہے۔ جب سیاسی سرگرمیاں بحال ہوں تو ان کے لئے کوئی فریم ورک ہونا ضروری ہے۔ تاکہ اس فریم ورک کے اندر رہ کر اس عرصے میں وہ کام کر سکیں۔ میرے ساتھی بل کی مختلف شقوں پر بہت کچھ عرض کر چکے ہیں۔ میں اس وقت صرف یہ کہوں گا کہ اس میں جو ڈیفیکشن کلاز ہے بذات خود میں ڈیفیکشن کلاز کی حمایت میں ہوں۔ کیونکہ ماضی میں، میں نے دیکھا ہے کہ ہماری پارٹیوں کے نمائندے، ہمارے سیاست دان اور نام نہاد لیڈر اپنے ذاتی اغراض و مقاصد کے لئے اپنی پارٹیز کو چھوڑ کر دوسری پارٹیز میں جاتے رہے ہیں۔ اس کا میں یہ نتیجہ اخذ کرتا ہوں کہ وہ نہ تو سیاست دان تھے نہ ہمارے نمائندے تھے، اور نہ ہی انہوں نے پارٹی کے کسی منشور سے تعلق رکھا ہے اور نہ سمجھنے کی کوشش کی، بلکہ اپنے آپ کو ایک پروٹیکشن مہیا کرنے کے لئے اور اپنی ذاتی مفادات کے لئے جو پارٹی برسر اقتدار آتی، اس میں جوق در جوق چلے جاتے اور جب وہ پارٹی ڈاؤن ہوتی تو کسی اور پارٹی میں جا کر شامل ہو جاتے اس شق کی میں حمایت میں ہوں کہ ان ہاؤسز کے ممبران پر ایسی پابندیاں ہونی چاہئیں کہ وہ کسی پارٹی میں شامل ہونے سے پہلے اس کا منشور سمجھ لیں اور سوچ لیں اور اس کے بعد کسی پارٹی میں شامل ہوں۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتے ہیں اور اپنی مرضی سے کسی پارٹی میں جاتے ہیں اور اپنے ذاتی اغراض و مقاصد کے تحت اس سے نکلتے ہیں تو ان پر اس شق کا لاگو ہونا بہت ضروری ہے۔ اس سے شاید ہم ملک و قوم

[Engineer syed Muhamamd Fazal Agha]

کو کوئی مستحکم سیاسی نظام دے سکیں اور یہ تماشا جو ہے اس کو ہم ختم کر سکیں۔ لیکن ایک بات یہ ہے کہ بعض اوقات کوئی سیاسی پارٹی اپنے منشور کا ہی پاس نہیں کرتی، وہ عوام میں کچھ اور کہہ کر آتی ہے اور جب گورنمنٹ میں یا ہاؤس میں آتی ہے تو کچھ اور کہتی ہے۔ اس کے لئے اس بل میں کوئی پروویژن ایسی نہیں ہے کہ کوئی پارٹی اپنے منشور سے اختلاف کرے تو ان حالات میں اگر اس پارٹی کے کچھ الیکٹڈ ممبران اس بناء پر اس پارٹی سے لڑنا چاہیں کہ جناب آپ منشور سے اختلاف کرتے ہیں جو آپ کا ہمارا agreement تھا، کسی معاملے کے تحت ہم مل کر کام کر رہے تھے۔ آپ اپنے معاہدے سے پیچھے ہٹ رہے ہیں اور اپنی ذاتی اغراض کو پورا کر رہے ہیں۔ تو اس صورت میں پارٹی کے لئے اس ایکٹ میں کوئی پروویژن نہیں ہے جو ہونی چاہیئے۔

اس کے علاوہ میں پچھلی کمیٹی والی رپورٹ میں بھی عرض کر چکا ہوں کہ ہمیں یہ شکوہ رہا ہے کہ الیکشن کمیشن جو ہے یہ گورنمنٹ کی ایگزیکٹو پارٹی ہے اور چونکہ الیکشن کمیشن ایک ایسا ادارہ ہے جو ملک کی تمام پارٹیوں سے ڈیل کرتا ہے لہذا اس کو انڈیپنڈنٹ ہونا چاہیئے تھا اور without prejudice ہونا چاہیئے تھا۔ naturally اس ملک میں کوئی نہ کوئی پارٹی rule کرتی رہے گی اگر ڈیموکریسی ہم بحال کرتے ہیں تو الیکشن کمیشن اس پارٹی کی مرضی سے constitute ہوتا ہوگا، لہذا اس کا without prejudice ہونا مشکل ہے۔ یقیناً prejudice ہوگا اور وقتاً فوقتاً اسے گورنمنٹ کی کچھ باتیں ماننی پڑیں گی۔ لہذا میری تجویز یہ ہے کہ الیکشن کمیشن کا جو آئین ہے یہ بالکل ایک خودمختار ادارے کی طرح ہونا چاہیئے۔ سپریم کورٹ کی طرح یا وفاقی محتسب کی طرح وہ جو بھی اپنا دائرہ کار مقرر کرے اور کسی پارٹی کے متعلق جو بھی لائحہ عمل اختیار کرے

وہ without prejudice ہو،
ان کے علاوہ اسمیں بہت ضروری بات فریمنگ آف رولز کی ہے اس بل میں ہے کہ the rules will be framed by the Govt. تو یہ بھی میں سمجھتا ہوں انصاف نہیں ہے۔ اس سے شکوک اور شبہات ابھر سکتے ہیں۔ مخالفین اسے کو اچھال سکتے ہیں اور بظاہر یہ لگتا بھی ایسے ہی ہے۔ جب گورنمنٹ تمام الیکشن رولز فریم کرے گی، تو ماضی میں جیسا ہوتا رہا ہے اپنی حمایت میں ہی فریم کرتی رہی ہے اور اپنے آپ کو بچانے کے لئے رولز فریم ہوتے رہے ہیں۔ اس لئے میں یہ تجویز کروں گا کہ الیکشن کمیشن خود مختار ادارہ ہونا چاہیئے۔ رولز فریم کرنے کا کام الیکشن کمیشن کے دائرہ کار میں ہونا چاہیئے بجائے اس کے کہ گورنمنٹ کے دائرہ اختیار میں ہو، ہمارے لاء منسٹر جو ہمارے ایک بزرگ سیاست دان ہیں اور ان کو ہم اس ہاؤس میں ایک بزرگ کی حیثیت سے دیکھتے ہیں۔ اس بل کے سلسلے میں ان کا رویہ سخت ہے کیونکہ ہمارے ممبران وقتاً فوقتاً جو تجاویز دیتے ہیں اور request کرتے ہیں ان کو one sidedly اور rigidly کسی فیصلے پر نہیں اڑنا چاہیئے ان کو ہاؤس کے ساتھ کوآپریٹ کرنا چاہیئے۔ یہی بل تین یا چار دن کے لئے جناب چیئرمین! کمیٹی میں چلا جاتا تو شاید اس سے زیادہ پالش ہو کر اور بہتر طریقے سے آتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، اجلاس آج شام کو سوا پانچ بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

---

*(The House adjourned to meet again at quarter past five of the clock in the evening today).*

---

*[The House re-assembled after interval with Mr. Deputy Chairman (Makhdoom Muhammad Sajjad Hussain Qureshi) in the Chair].*

---

جناب ڈپٹی چیئرمین: حضرات کارروائی شروع کی جاتی ہے۔

محترم جناب مولانا کوثر نیازی صاحب!

مولانا کوثر نیازی: الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین من یوماً ھذا وعلی یوم الدین۔

جناب چیئرمین! حکومتیں منصوبہ بندی کے بل پر چلتی ہیں ان کے سامنے واضح نظریات ہوتے ہیں اس لحاظ سے ہر حکومت نظریاتی حکومت ہوتی ہے وہ باقاعدہ ایک منشور رکھتی ہیں، ایک پروگرام رکھتی ہیں، ان کے کچھ مختصر المعیاد منصوبے ہوتے ہیں کچھ طویل المعیاد، مگر ہماری موجودہ حکومت شاید روئے ارض پر وہ پہلی حکومت ہے اور اپنی نوعیت کی حکومت ہے اور اسے اس پہلو میں درجہ امتیاز حاصل ہے جو کسی منصوبے پر کام نہیں کرتی بلکہ day to day working کے مطابق چلتی ہے جو کوئی ایکشن نہیں کرتی تاکہ ری ایکشن نہ ہو جو متضاد متصادم اور منتشر اذہان کا مجموعہ ہے۔ نظریہ کچھ ہے عمل کچھ، جو اقتدار اعلیٰ اس حکومت کے پس پردہ کارفرما ہے اس کے ذہن کے مطابق جناب چیئرمین! اسلام میں سیاسی جماعتوں کا سرے سے کوئی وجود ہی نہیں ہے۔ اور اسلام انہیں جائز ہی قرار نہیں دیتا اسی کے لئے ۸، ۹ سال وعظ کئے جاتے رہے اسی کے لئے لٹریچر بانٹا جاتا رہا اور حد یہ ہے جناب چیئرمین! کہ ابھی چند روز پیشتر میں نے اس موضوع پر ایک تحریک استحقاق دی کہ اب جب کہ باقاعدہ جمہوری ادارے قائم ہو چکے ہیں اور جبکہ سیاسی جماعتوں کے بل کی آمد آمد ہے اس سے پہلے ہی پارلیمنٹ کے اراکین کو ذہنی غسل دینے کی تیاری کی جا رہی ہے کہ وہ یہ سمجھیں کہ سیاسی جماعتوں کا اسلام میں کوئی وجود نہیں ہے ایسی حکومت جناب چیئرمین! جب کوئی سیاسی بل پیش کرے گی اور سیاسی جماعتوں کے بارے میں بل پیش کرے گی تو آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ وہ آدھا تیتر آدھا بٹیر کے

مصداق ہوگا۔ اس لئے کہ وہ نیم دلانہ کوشش ہے اس لئے کہ وہ یکسوئی کے ساتھ پیش نہیں کیا جا رہا۔ اس لئے کہ اس میں نظریہ کچھ اور کارفرما ہے اور عمل کچھ اور۔

جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں اس مسئلے پر گفتگو کرنا چاہتا ہوں کہ اسلام میں سیاسی جماعتوں کے بارے میں کیا ہدایت پائی جاتی ہے۔ جناب چیئرمین! حضور خاتم انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت انسانی شعور کے بلوغ کا اعلان تھا یہ دو زمانوں کے درمیان ایک حد فاصل تھا۔ آپؐ کی بعثت سے پہلے کا انسان ہر مسئلے کے لئے وحی کا محتاج تھا، اسے انگلی پکڑ کر چلانا پڑتا تھا لیکن جب آپؐ تشریف لے آئے، اور آپ کی بعثت ہو گئی تو گویا یہ اس امر کا اعلان تھا کہ انسانیت اب اپنے بچپن سے نکل کر جوانی میں داخل ہو رہی ہے اور اب وہ وحی الہٰی کی روشنی میں زندگی کے نت نئے مسائل کو عقل کی روشنی میں حل کرنے کے لائق ہے مولانا محمد علی جوہر نے اسی بات کو بہت اچھے انداز میں کہا ہے،

جب اپنی پوری جوانی پر آگئی دنیا
تو زندگی کے لئے آخری نظام آیا

اس کا مقصد جناب چیئرمین! یہی ہے کہ انسانیت کو آپ کی بعثت کے بعد ایک ایسا نظام مل گیا جس کے اندر بنیادی اصولوں کا ایک ایسا فریم ورک عطا کر دیا گیا ہے جو تغیر و ثبات کا بڑا حسین مجموعہ ہے۔ اس میں زندگی کے بنیادی مسائل کے ضمن میں محکم اصول دئیے گئے ہیں اور جزئیات اور تفصیلات میں زمانے کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ چلنے کے لئے تغیر کا سلیقہ بھی انسان کو عطا کیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام میں اخلاق و عبادات کے بڑے واضح احکام دئیے گئے لیکن معاشرت میں چند بنیادی اصول دے کر انسان کو آزاد چھوڑ

[Maulana Kausar Niazi]

دیا گیا ہے کہ وہ زمانے کے ارتقاء کے مطابق چلے اور ہر ایسے سے
بینا وہ اپنی عقل کو استعمال کر کے کوئی سی روش اختیار کرے بشرطیکہ
وہ وحی الٰہی سے متصادم نہ ہو آپ قرآن پاک کو دیکھیں اس میں
نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، تیمم، وضو، قرض، لین دین، پاکی، ناپاکی
ان سارے معاملات کے بارے میں بہت تفصیل سے احکام دئے
گئے ہیں۔ لیکن نظام سیاست کے بارے میں پورے قرآن پاک
میں آیاتِ قرآنی کے صرف تین ٹکڑے پائے جاتے ہیں۔ ایک یہ
”نحن حکم اللہ للہ“ حکومت اللہ کی ہے، سروری زیبا صرف
اس ذات بے ہمتا کو ہے۔ دوسرا ” وشاورھم فی الامر“
اور ان سے معاملات و مسائل میں مشورہ کیجئے اور تیسرا ” وامرھم
شوریٰ بینھم“ اور اہل ایمان کا طریقہ یہ ہے کہ یہ باہم مشاورت
کرتے ہیں۔ ان آیات میں مشاورت کی کوئی معینہ صورت طے نہیں
کی گئی اس لئے طے نہیں کی گئی، تاکہ انسان آگے چل کر مشاورت کی
جتنی ارتقائی شکلیں زمانہ ایجاد کرے، طے کرے، ان کا ساتھ دے
سکے۔ ہر وہ نظام جس میں روح مشاورت کارفرما ہو، وہ اسلام
ہے، وہ اسلام کے مزاج کے مطابق ہے اور مسلمان اسے بے دھڑک
قبول کر سکتا ہے۔

دوسری وجہ مشاورت معینہ طریقے پر بیان نہ کرنے کی جناب ڈپٹی
چیئرمین! یہ تھی کہ جس سوسائٹی میں اور جس معاشرے میں یہ احکام
دئے جا رہے تھے وہ مشاورت کے عمل سے آشنا تھا اور اس
کے ہاں مشاورت باقاعدہ ایک نظام کی صورت میں قائم تھی۔
مجھے ان اہلِ قلم سے گلہ ہے جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی
بعثت کا تذکرہ کرتے ہوئے عرب کے رہنے والوں کے کھاتے
میں دنیا جہاں کی خرابیاں ڈال دیتے ہیں اور یہ ثابت کرنے کی کوشش
کرتے ہیں کہ وہ خامیوں اور برائیوں کا مجموعہ تھے۔ ان کے اندر کوئی

درخشندہ پہلو نہ تھا۔ حالانکہ بات جناب والا! اس طرح نہیں ہے۔ عرب وہ سوسائٹی تھی جس میں کبھی بادشاہت نہیں آئی تھی۔ اس میں کبھی کوئی بادشاہ نہ ہوا تھا، اور آپ اتفاق کریں گے کہ جہاں بادشاہ ہوتے ہیں وہاں اہل وطن کو، اہل ملک کو ذلتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لئے کہ یہ ملوکیت کا منطقی تقاضا اور نتیجہ ہے اس سے ایک مخصوص ذہن پرورش پاتا ہے اس سے ایک مخصوص ضمیر پنپتا ہے، ایک مخصوص مزاج بنتا ہے اور ایک مخصوص طبیعت نشو و نما پاتی ہے دوسرا پہلو عرب معاشرے کا یہ تھا کہ وہ آزاد معاشرہ تھا، کبھی غلامی نے وہاں اپنے ڈیرے نہیں ڈالے تھے، اور وہ تمام خرابیاں جو غلامی کی وجہ سے کسی قوم میں پیدا ہوتی ہیں، یہ معاشرہ ان خرابیوں سے پاک صاف تھا۔ علامہ اقبال نے بہت اچھا کہا جب یہ کہا

ع فطرت کے مقاصد کی کرتا ہے نگہبانی
یا بندہ صحرائی، یا مرد کوہستانی

تو یہ بندگانِ صحرائی تھے" یہ مردانِ صحرا تھے، آزاد منش، ان کا سینہ صحراؤں کی مانند فراخ تھا، انہی خوبیوں میں ایک خوبی انکی سرشت میں یہ شامل تھی کہ وہ اپنے معاملات باہمی مشاورت سے طے کرتے تھے۔ عربی زبان کی مشہور کتاب "الاشتقاق" آپ ملاحظہ فرمائیں اس میں اس نظام مشاورت پر روشنی ڈالی گئی ہے، ہر قبیلے کا شیخ، ہر مسئلے میں اپنے قبیلے کے تمام ممتاز افراد کو بلاتا تھا اور باہمی اجتماع میں اس مسئلے پر کوئی متفقہ فیصلہ کر دیتا تھا پھر تمام قبائل کے شیوخ پر مشتمل "الملا" کے نام سے ایک مجلس شیوخ قائم تھی، جسے میں آج کی سینیٹ کا ایک اعلیٰ نمونہ قرار دے سکتا ہوں، اس ہاؤس آف لارڈز کے ممبرشپ کے لئے جناب چیئرمین شرط تھی کہ چالیس سال سے کم عمر کا کوئی شخص اس کے اندر نہیں بلایا جائے گا سینیٹ کی ممبری کی شرط ۳۵ سال ہے اور اس کی ممبری کی شرط چالیس سال تھی، شاید اس دور کے

[Maulana Kausar Niazi]

قانون ہماروں نے یہ روشنی وہیں سے حاصل کی ہے۔ پھر یہ شیوخ جب کبھی کوئی اہم مسئلہ درپیش ہوتا تھا تو دارالندوہ کے نام سے جمع ہوتے تھے۔ اور اس کے اندر وہ آزادانہ ڈسکشن کرتے تھے۔ یہ ایک مجلس اور بھی جسے نادی القوم کہا جاتا تھا۔ کہ جس میں ہر بالغ فرد حاضر ہو کر مسئلہ زیر بحث پر اپنی رائے کا اظہار کر سکتا تھا۔ اور جب اسلام آیا تو اس مشاورت کے نظام کو جوں کا توں برقرار رکھا۔ صرف دارالندوہ کو مجلس شوریٰ کا رنگ دے دیا اور قوم کے اجتماعات کو مسجد نبویؐ کے اجتماعات میں ڈھال دیا اس لئے آپ دیکھیں گے کہ اسلام میں پہلے خلیفے کا انتخاب اسی طرح کی ایک جنرل کونسل میں ہوا جسے ثقیفہ بن سعدہ کہتے ہیں۔

جناب چیئرمین! اسی دور میں سیاسی جماعتیں تھیں یا نہیں یا اسلام نے انہیں ختم کر دیا یا برقرار رکھا اس کے لئے جو بنیادی نقطہ ذہن میں رکھنے کی ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ اسلام میں ہر وہ چیز کتاب و سنت نے حرام اور ناجائز قرار نہیں دی جو مباح ہے اور جو جائز ہے اُسے اختیار کرنے کا ہرگز ہرگز کوئی مضائقہ نہیں۔ مثال کے طور پر یہ باقاعدہ سیکرٹریٹ جو آج ہمارے ہاں کام کر رہے ہیں یہ اسلام کے اُس دور میں موجود نہ تھے۔ یہ محکمے جو آج کام کر رہے ہیں یہ اس دور میں نہ تھے یہ paid Army کا تصور بھی اس دور میں موجود نہ تھا یہ پاسپورٹ اور ویزے کی پابندیاں بھی نہ تھیں ہر ملک میں الگ الگ مسلمانوں کی حکومتیں قائم نہ تھیں لیکن ان ساری چیزوں کو اس لئے بیک قلم ناجائز اور حرام قرار نہیں دے دیا جائے گا کہ یہ اس زمانے میں موجود نہ تھیں اس لئے جائز نہیں ہیں۔ اسی طرح انتخابات اُس زمانے میں نہیں ہوتے تھے۔ لوکل باڈیز نہ تھیں یہ ساری چیزیں اگر اختیار کی جا سکتی ہیں۔ تو سیاسی جماعتوں کو بھی اس لئے مسترد نہیں کیا جا سکتا کہ چونکہ اسلام کے اُس دور میں ان کا وجود نہ تھا اس لئے آج انہیں ہم اختیار نہیں کر سکتے۔

جناب چیئرمین! جہاں تک سیاسی جماعتوں کی موجودہ شکل صورت
کا تعلق ہے کہ ماضی قریب کی پیداوار ہیں ڈیڑھ پونے دو صدی کا عرصہ
گزرا ہے کہ ان کا رواج شروع ہوا اور زمانہ جمہوریت کی ارتقائی شکل
طے کرتے کرتے اس منزل پر پہنچا۔ اس لئے بعینہٖ ان سیاسی جماعتوں
کو آج سے چودہ سو سال پہلے ڈھونڈنا صحیح نہیں البتہ تاریخ اسلام میں احکام
قرآنی میں احادیث نبویؐ میں ایسے واضح اشارات ضرور ملتے ہیں جن سے
اجتماعیت کی اور سیاسی جماعتوں کی گنجائش پوری طرح ہمارے سامنے
کھل کر آتی ہے۔ آپ اس زمانے کی تاریخ کا مطالعہ فرمائیں تو آپ کو نظر
آئے گا کہ اس زمانے میں موجود قبائل حقیقت میں سیاسی جماعتوں کا
درجہ رکھتے تھے اسی لئے شعب ابی طالب میں جب آنحضور صلی اللہ علیہ
وسلم کو محصور کیا گیا تو صرف مسلمانوں کا بائیکاٹ کفار نے نہیں کیا
انہوں نے صرف بنو ہاشم کا بائیکاٹ کیا اور بنو ہاشم کو ایک جماعت
قرار دے کر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جماعت قرار دے کر انہوں
نے بائیکاٹ کیا وہ مسلمان جو بنو ہاشم سے تعلق نہیں رکھتے تھے ان کا
بائیکاٹ نہیں کیا۔ اس میں نکتہ یہ تھا کہ وہ اگر حضرت عمر فاروق رضؓ کا بائیکاٹ
کرتے تو بنو عدی جو ان کا قبیلہ تھا وہ بھی ان کے مقابلے میں آ
جاتا اگر وہ حضرت عثمان ابن عفان کا بائیکاٹ کرتے تو بنو امیہ جو
ان کا قبیلہ تھا ان سے بھی مخالفت مول لیتے اس لئے انہوں نے
ایک قبیلے کا بائیکاٹ کیا۔ تمام مسلمانوں کا نہیں صرف بنو ہاشم کا
بائیکاٹ کیا۔ اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس زمانے میں
قبائل کی پوزیشن کیا تھی۔ وہ باقاعدہ جماعتوں کا درجہ رکھتے تھے
منظم جماعتوں کا درجہ رکھتے تھے۔ اور سیاسی جماعتوں کا درجہ رکھتے
تھے۔ قرآن نے ان جماعتوں کو تسلیم کیا۔ ایک سورہ باقاعدہ الاحزاب
کے نام سے قرآن پاک میں موجود ہے۔ جس کا ترجمہ جماعتیں ہیں یہ
جنگ خندق کے متعلق نازل ہوئی جنگ خندق یا جسے غزوہ احزاب کہتے ہیں۔ جماعتوں کی جنگ اسمیں

[Maulana Kausar Niazi]

قبیلوں نے حصہ لیا۔ اور ان قبیلوں کو قرآن پاک نے احزاب کہہ کر recognise کیا۔ قرآن پاک کی ایک باقاعدہ ایک سورہ کا ٹائیٹل جو ہے وہ اتارنا پڑا یہ جماعتوں کی پہچان نہیں ہے تو اور کیا ہے؟

تاریخ شاہد ہے کہ فتح مکہ کے وقت جب لشکر اسلام مکے میں داخل ہو رہا تھا تو لشکر اسلام کا یہ عالم تھا کہ تمام قبیلوں کے الگ الگ پرچم تھے مہاجرین کا الگ پرچم تھا، انصار کا الگ پرچم تھا، دوسرے تمام قبیلوں کے الگ الگ پرچم تھے۔ گویا آپ نے انہیں recognize کیا۔ ان کی الگ identity کو مانا ان کے الگ تشخص کو قبول کیا۔ اور اس طرح یہ واضح کیا کہ مسلمانوں کے درمیان مختلف جماعتوں کے وجود کا جواز پایا جاتا ہے۔ قرآن پاک آپ اٹھائیں سورہ حجرات کی آیت پر غور کریں۔ اس کے اندر مسلمانوں کی دو جماعتوں کا ذکر ہے جو آپس میں اختلاف ہی نہیں کر رہی ہیں جو حزب اقتدار یا حزب اختلاف ہی نہیں ہیں بلکہ آپس میں باقاعدہ برسرجنگ و قتال ہیں جو آپس میں لڑ رہی ہیں۔ قرآن پاک کہتا ہے۔

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا۔

اگر اہل ایمان میں دو جماعتیں آپس میں لڑیں تو تم ان کے درمیان صلح کرا دو۔ اس سے کیا ثابت ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے معاشرے میں گروہ اور جماعتیں ہوں گی جو برسرجنگ بھی ہو سکتی ہیں۔ اور ہمارا فرض یہ ہے کہ ہم ان کے درمیان صلح کرا دیں۔ یہی نہیں قرآن پاک میں باقاعدہ حزب اقتدار اور حزب اختلاف کا تصور بھی پایا جاتا ہے۔ وہ مشہور آیت قرآنی ہے۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ۔ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ۔

"اے اہلِ ایمان! اطاعت کرو اللہ کی اور رسول کی اور اپنے میں سے حاکم کی اور جب تم میں کوئی تنازعہ پیدا ہو جائے کوئی جھگڑا پیدا ہو جائے تو اسے اللہ اور رسول کی طرف لوٹا دو"۔ صاف ظاہر ہے۔ کہ لوگوں کا جھگڑا حاکم سے ہوگا۔ نہ صرف یہ کہ تنقید کی گنجائش نکلتی ہے نہ صرف یہ کہ اس سے اختلاف کی گنجائش نکلتی ہے بلکہ صاف واضح ہے با اختیار اور بے اختیار جماعتوں کے درمیان جھگڑا ہو سکتا ہے مگر آخری فیصلہ کتاب و سنت کے مطابق ہوگا۔ گویا حزب اقتدار اور حزب اختلاف بن سکتی ہیں مگر ان دونوں کے سامنے اصل الاصول کی حیثیت کتاب و سنت کو حاصل ہو گی۔

جناب چیئرمین! سیاسی جماعتوں پر ایک بڑا اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ ان سے تفرقہ پیدا ہوتا ہے اور قرآن پاک نے تفرقے سے روکا ہے۔ اور تفرقے کے خلاف قرآن پاک نے بڑی وعیدیں سنائی ہیں۔ میں تفرقے کو قابل مذمت سمجھتا ہوں لیکن قرآن پاک نے جس تفرقے کی مذمت کی ہے وہ تفرقہ وہ ہے جو دین میں پیدا کیا جاتا ہے جسے ہم فرقہ واریت کہتے ہیں۔ اس میں دین میں فرقے بنانے سے روکا گیا ہے۔ فرقوں کے نام پر الگ الگ امتیں بنانے سے روکا گیا ہے۔ اس کا مصداق وہ سیاسی جماعتیں نہیں ہیں۔ جن کا کام عوام میں سیاسی شعور پیدا کرنا ہے اور ان کی تنظیم اور تربیت کرنی ہے اور ان کے اندر اپنے حقوق کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ وہ سیاسی جماعتیں اس حکم کا مصداق نہیں ہیں بلکہ وہ گروہ اور فرقے اس کا مصداق ہیں جو دین میں تفرقہ پیدا کرتے ہیں۔ قرآن پاک نے کہا۔

وَأَقِيمُوا الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا۔ "دین کو قائم کرو اور اس میں تفرقہ مت ڈالو اس میں متفرق مت ہو۔" کیا المیہ ہے آج دین کے نام پر فرقے بنانا تو جائز ہے آج دین کے نام پر الگ الگ امتیں بنانا تو جائز ہے آج ہم فرقوں کو تو آئینی تحفظ دیتے ہیں جنہیں قرآن نے

[Maulana Kausar Niazi]

شرک کہا ہے۔ اس لئے کہ توحید کا منطقی نتیجہ ایک رسالت ہے اور ایک رسالت کا منطقی نتیجہ توحید مسلمین ہے اور توحید مسلمین کا منطقی نتیجہ توحید انسانیت ہے۔ وہ قرآن جو وحدت انسانیت کا علمبردار ہے وہ کبھی یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ خود اس وحدت انسانیت کی علمبردار امت کے اندر کئی فرقے امتیں۔ بن جائیں ۔

میں Schools of thought کو تسلیم کرتا ہوں میں مکاتب فکر کو تسلیم کرتا ہوں۔ اس لئے کہ جتنا کوئی نظریہ مضبوط ہوتا ہے، پائیدار ہوتا ہے، طاقتور ہوتا ہے اتنے ہی اس کے بطن سے سکولز آف تھاٹ جنم لیتے ہیں لیکن الگ الگ فرقے بنانے کی الگ الگ امتیں بنانے کی اسلام میں قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اور ہمارا تضاد یہی ہے کہ ہم سیاسی جماعتوں کو بند کرتے ہیں اور فرقوں کے آگے جھکتے ہیں۔ اور ان کے آگے سجدہ ریز ہوتے ہیں ۔

جناب چیئرمین! اس کے بعد آپ تاریخ اسلام اٹھا کر دیکھیں میں ثقیفہ بنی سعدہ میں مہاجرین اور انصار کو اگر الگ الگ جماعتوں سے تعبیر کروں تو ممکن ہے کہ بعض ہمارے اہل دین اس پر خفا ہوں میں شیعہ حضرات کو عہد خلافت راشدہ میں پیدا ہوتے والی ایک حزب اختلاف کا نام دوں تو ممکن ہے کہ اس پر کچھ حضرات چیں بجبیں ہوں میں حضرت علیؓ اور حضرت معاویہؓ کے گروہ کو اور امام حسینؓ اور یزید کے گروہ ہوں کو دو الگ الگ جماعتوں سے تعبیر کروں تو ممکن ہے کہ اس پر کچھ نگاہیں خشمگین ہوں۔ لیکن جناب چیئرمین! اس بات کا کیا جواب ہے کہ امیر المومنین سیدنا علی مرتضیٰؓ کے زمانے میں ایک باقاعدہ سیاسی جماعت بنی جس کا نام خوارج ہے۔ یہ باقاعدہ کشمکش اقتدار میں ملوث تھی۔ یہ اقتدار چھیننا چاہتی تھی۔ یہ ایک سیاسی جماعت تھی لیکن سیدنا علی مرتضیٰؓ جیسے مزاج شناس شریعت

نے اس کے ساتھ باغی کا سلوک نہیں کیا۔ ان کے سامنے تین راستے تھے۔ جناب چیئرمین! ایک راستہ یہ تھا کہ وہ انہیں مرتد قرار دیتے۔ دوسرا راستہ یہ تھا کہ وہ انہیں باغی قرار دیتے۔ تیسرا راستہ یہ تھا کہ انہیں متحارب یا برسرِ جنگ قرار دیتے اور شمشیر بدست ہو کر ان کے مقابلے میں آ جاتے جیسا کہ جنگ جمل میں خود شمشیر بدست ہو کر میدان جنگ میں اترے۔ لیکن اس کے برعکس تاریخ کیا بتاتی ہے" تاریخ کی مستند کتابیں کیا بتاتی ہیں کہ خوارج سے سیدنا علی مرتضیٰ رضؓ نے باقاعدہ معاہدہ کیا اور معاہدہ یہ تھا کہ ان کا داخلہ مسجدوں میں ban نہیں کیا جائے گا اور ان کے خلاف جنگ میں پہل نہیں کی جائے گی اور انہیں مال غنیمت میں حصہ نہیں دیا جائے گا۔ کیا یہ اس بات کا واضح ثبوت نہیں ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ رضؓ جیسے خلیفہ راشد اور ان جیسے عالم نے اسلام میں سیاسی جماعتوں کے وجود کو اور خوارج جیسی سیاسی جماعت کے وجود کو برداشت کیا اور اس کی گنجائش تسلیم کی۔

جناب والا! بعض لوگ ان خرابیوں کا تذکرہ کرتے ہیں جو سیاسی جماعتوں میں پائی جاتی ہیں یا جن کا اظہار ان کے زمانہ اقتدار میں ہوتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ انتخابات کو دیکھو جو سیاسی جماعتوں کے دور میں ہوتے ہیں ان کے اندر دھاندلی چلتی ہے۔ ان کے اندر ضمیروں کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔ ان کے اندر تعصبات ابھارے جاتے ہیں۔ دنیا جہاں کی خرابیاں سیاسی جماعتوں کے کھاتے میں ڈالی جاتی ہیں۔ مگر جناب چیئرمین! آپ تو خود شاہد و عادل ہیں آپ نے تو ان انتخابات کو دیکھا ہے جو غیر جماعتی بنیادوں پر منتخب ہوئے ہیں کیا ان میں برادریوں کے تعصبات نہیں ابھارے گئے کیا ان کے اندر روپے کی لین دین نہیں ہوئی۔ کیا ان کے اندر ووٹوں کی خرید و فروخت نہیں ہوئی، کیا ان کے اندر امیدوار پر نہیں آئے

[Maulana Kausar Niazi]

کیا ان کے اندر عربیت نے شکست نہیں کھائی اور امارت سرخرو نہیں ہوئی کیا ان کے اندر قتل و غارت نہیں ہوئی۔ کیا ان کے اندر فسادات نہیں ہوئے۔ تو اس کا نتیجہ کیا نکلا، نتیجہ جناب یہ نکلا، کہ خرابی سیاسی جماعتوں میں نہیں ہے۔ خرابی ہمارے معاشرے میں ہے۔ ہمارا معاشرہ corrupt ہو گیا ہے اور اس کرپشن کا اظہار سیاسی جماعتوں کے عمل میں نظر آتا ہے۔ سیاسی جماعتیں نہ بھی ہوں تب بھی یہ کرپشن ظاہر ہو کر رہے گی۔

آپ نے دیکھا کہ ان آٹھ نو سالوں میں اسلام کے مقدس نام کو ایکسپلائٹ کیا گیا۔ اس دور میں بھی کرپشن بڑھی ہے اور اتنی بڑھی کہ صدر مملکت کو کہنا پڑا کہ مجھے معلوم ہے کہ رشوت کے ریٹ بڑھ گئے ہیں انہوں نے کہا کہ جو کام پہلے ۵۰ روپے ہوتا تھا اب ۵۰۰ روپے میں ہوتا ہے۔ کیوں جناب؟ اس دور میں سیاسی جماعتیں تو نہ تھیں کیا سبب ہے کہ یہ خرابی بڑھی۔ کیوں رشوت کو فروغ حاصل ہوا۔ کیوں ایسا ہوا کہ بیوروکریسی بے لگام ہو گئی۔ کیوں ایسا ہوا کہ غریب کو دفتر میں داخل ہونے سے روک دیا گیا کیوں ایسا ہوا کہ اسلام پر عمل نہیں۔ کیا یہ ساری خرابیاں سیاسی جماعتوں کی وجہ سے پیدا ہوئیں یا اس لئے پیدا ہوئیں کہ معاشرہ corrupt تھا اگر سیاسی جماعتیں ہوں تو پھر بیوروکریسی کو لگام ڈالی جا سکتی ہے۔ اس لئے کہ ان کو احتساب کا خطرہ ہوتا ہے کیونکہ ایک حزب اختلاف ہوتی ہے جب کوئی سیاسی جماعت نہیں ہوتی جب کوئی آواز بلند کرنے والا نہیں ہوتا جب احتساب کرنے والا کوئی نہیں ہوتا تو بیوروکریسی کھیل کھیلتی ہے اور اس وقت معاشرے کی کرپشن اور کھل کر سامنے آ جاتی ہے۔ کسی بقراط نے جناب چیئرمین! ان خرابیوں کا یہ حل تجویز کیا ہے، کہ چونکہ کرپشن ہے اس لئے سیاسی جماعتیں ہی ختم کر دی جائیں یہ ایسے ہی ہے جیسے کسی کے ہاتھ پاؤں پہ پھوڑے نکل آئیں اور کوئی

ارسطوئے زمانہ یہ نسخہ تجویز کرے کہ اس کے ہاتھ پاؤں ہی کاٹ دو تاکہ پھوڑے ہی نہ نکلیں یا کسی کو دردسر ہو اور کوئی حکیم یہ تجویز کرے کہ اس کا سر ہی کاٹ دو تاکہ درد ہی نہ اٹھے۔ جناب والا! یہ باتیں جو لوگ کرتے ہیں یہ اناڑی لوگ ہیں اور میں برملا کہتا ہوں کہ وہ اسلام کی ابجد سے واقف نہیں ہیں جو اس طرح کی باتیں کرتے ہیں اور اسلام کے مقدس نام پر اپنے نظریات مسلط کرکے لوگوں کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جناب چیئرمین! بجائے اس کے کہ ان آٹھ نو سالوں میں پولیٹیکل پارٹیز کے ضمن میں ایک جامع بل تیار کیا جاتا تاکہ خرابیاں پیدا نہ ہوں تاکہ ان حالات کا اعادہ نہ ہو۔ جو حالات پاکستان کے قیام سے لے کر اب تک اس بدنصیب وطن پر سایہ فگن رہے تاکہ کبھی مارشل لاء نہ لگے۔

جناب چیئرمین! کہا جاتا ہے کہ مارشل لاء اس لئے لگتا ہے کہ جو سیاسی جماعتیں ہیں یہ خراب ہوتی ہیں مگر یہ کوئی نہیں کہتا کہ کوئی ambitious ہو جاتا ہے تو تب بھی مارشل لاء لگتا ہے۔ وہ مذاکرات جو اس مارشل لاء سے پہلے منعقد ہوئے جناب چیئرمین! آپ جانتے ہیں کہ اس مذاکراتی ٹیم کا میں ایک ممبر تھا۔ وہ قائدین جو ان ٹیموں کی قیادت کر رہے تھے وہ اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں۔ ہم چار آدمی باقی ہیں ان میں سے ایک صاحب باہر بیٹھے ہوئے ہیں۔ تین ہم اس ملک میں موجود ہیں۔ آپ ان سب سے پوچھئے، آپ ان کا دامن پکڑ کر پوچھئے کہ کیا ہمارے درمیان ساری باتیں طے نہیں پا گئی تھیں۔ کیا معاہدہ نہیں ہو گیا تھا پھر معاہدہ طے پا جانے کے بعد اگر فوج آئی اور مارشل لاء یہاں نافذ ہوا تو اس کو بھی جناب آپ سیاسی جماعتوں کی خرابیوں کا ہی نتیجہ قرار دیں گے۔ کیا یہ نہیں کہیں گے کہ کوئی کمین گاہ میں تھا، کوئی گھات میں تھا، کہ موقع ملے تو وہ اس ملک میں اپنا تسلط قائم کرلے۔

[Maulana Kausar Niazi]

جناب چیئرمین! باتیں تلخ ہیں مگر میں اس لئے کر رہا ہوں کہ آج پھر ہم ایک ٹرمینل پوائنٹ پر کھڑے ہیں۔ آج پھر ہم تاریخ کے ایک نازک موڑ پر کھڑے ہیں۔ ہمارا ملک مارشل لاء سے نکل کر پھر جمہوریت کی فضا میں آنکھیں کھولنے والا ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ مارشل لاء پھر قائم ہو جائے، پھر لگ جائے۔ اس لئے ہمیں سوچ سمجھ کر قانون سازی کر لی چاہیئے۔ یہ کیا طریقہ ہے کہ مارشل لاء کے زمانے میں جو سیاسی جماعتوں کے لئے ضابطے بنے آپ نے آٹھویں ترمیمی بل کے ذریعے سے ان کی توہم سے پیشگی منظوری لے لی آپ ہوا کے گھوڑے پر سوار آئے کہا کہ یہ کر دو اس لئے کہ اس کے بغیر مارشل نہیں اٹھے گا۔ آپ نے وہ سارے ضابطے منظور کرا لئے جو مارشل لاء کے ضابطوں میں سیاسی جماعتوں کے بارے میں وقتاً فوقتاً دئے گئے اور بظاہر بے ضرر سی تین معصوم سی ننھی منی شقیں لے کر آ گئے اور کہا کہ یہ تو بڑی بے ضرر اور بے خطا اور معصوم قسم کی شقیں ہیں ان کو تو پاس کر دیجئے۔ اس بل کے اندر آپ رجسٹریشن نہیں لائے کیوں نہیں لائے اس لئے کہ رجسٹریشن پر آپ ہم سے انگوٹھا لگوا چکے، ہماری غفلت سے فائدہ اٹھا کر ہماری نادانستگی کی بناء پر اور معاف کیجئے ہمیں آپ نے مارشل لا اٹھنے کا ایسا ایک سہانا خواب دکھایا کہ اس میں ہم بہہ گئے مگر کیا انگریز کے زمانے میں بھی سیاسی جماعتوں کے لئے رجسٹریشن کی شرط تھی ایک غیر قوم جب اس ملک پر مسلط تھی جب سنگینوں سے راج کر رہی تھی اور جس کے بارے میں اس زمانے کے سیاست دان یہ کہتے تھے کہ ہم نے اس وقت سیاست میں قدم رکھا تھا جب سیاست کا صلہ آہنی زنجیریں تھیں۔ ان کے دور میں بھی جناب چیئرمین! کیا کبھی رجسٹریشن تھی کیا سیاست کرنے کی خاطر کبھی لائسنس لینے کی ضرورت تھی کہ درخواست دی جائے کہ حکومت لائسنس دے تو لائسنس ہولڈر قسم کے لوگ جو ہیں وہ سیاست کر سکیں۔ نہیں انگریزوں کے زمانے میں بھی اس طرح کی کوئی پابندی نہیں تھی تو کیا آزاد فضا میں آزاد ملک میں ایک آزاد

قوم کو یہ دن دیکھنے تھے کہ آج اس کو قومی سیاست کے لئے اجتماعی سیاست کے لئے لائسنس کی ضرورت پڑ رہی ہے، رجسٹریشن کی ضرورت پڑ رہی ہے آپ انگریزوں کے دور سے بھی گرا کر ہم کو بدترین قسم کے غلامی کے دور میں دھکیلنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! انگریزوں کے زمانے میں بھی سیاسی جماعتوں پر یہ قید نہ تھی یہ قدغن نہ تھی کہ وہ اکاؤنٹس چیک کرائیں۔ کیا یہ کوئی لمیٹڈ کمپنیاں ہیں کیا یہ کوئی تجارت کے ادارے ہیں۔ کیا یہ کوئی ٹریڈنگ سوسائیٹیز ہیں کہ جن کے اکاؤنٹس آپ چیک فرماتے ہیں۔ ان کے اکاؤنٹس وہ چیک کرتا ہے جو فنڈز ان کو دیتا ہے۔ سیاسی جماعتوں کو اعتماد کی وجہ سے فنڈ ملتا ہے اور جو ان پر اعتماد کرتا ہے وہ ان کو فنڈ دیتا ہے۔ جب تک اعتماد قائم رہتا ہے وہ فنڈ دیتا ہے جب اعتماد نہیں ~~نہیں~~ رہتا وہ فنڈ دینے سے انکار کر دیتا ہے۔ جماعتوں کی رجسٹریشن انتخابات کے وقت ہوتی ہے کس کو قوم مسترد کرتی ہے کس کو عوام قبول کرتے ہیں کس کو قبول نہیں کرتے کس کو لائسنس دیتے ہیں کس کو لائسنس نہیں دیتے آپ نے اکاؤنٹس چیک کرانے کی پابندی پہلے در پردہ منظور کرالی، رجسٹریشن کی پابندی آپ نے پہلے منظور کرا لی۔ اب آپ وہ تین چھوٹی موٹی شقیں لے کر آ گئے۔ اب آپ پھر ہم سے یہ چاہتے ہیں کہ انگوٹھا لگائیں اس بات پر کہ رولز بنانے کی ہم آپ کو اجازت دے دیں۔ جو رولز آپ چاہیں مستقبل میں جب چاہیں جو چاہیں جیسے چاہیں بنا دیں ہمارے سامنے رولز نہیں ہیں، ہمیں خبر نہیں ہے کہ آپ کیا رولز بنانے والے ہیں آپ کتنا عرصہ سیاسی سرگرمیوں کو معطل رکھنا چاہتے ہیں۔ کتنا عرصہ آپ سیاست کے گلے پر چھری برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ آپ کیا کیا پابندیاں لگانا چاہتے ہیں۔ ابھی وہ قواعد در بطن شاعر ہیں اور آپ ہم سے یہ چاہتے ہیں کہ ہم انگوٹھا لگا دیں سادے کاغذ پر کہ آپ جو بھی چاہیں رولز بنا دیں اور ہم اس

[Maulana Kausar Niazi]

سلسلے میں آپ سے کوئی فریاد نہ کریں ہم آپ کو ایک بلینک چیک دے دیں اور ہم آپ کو کھلی چھٹی دے دیں کہ آپ جیسے رولز چاہیں بنا لیں۔

ابھی تو یہی مسئلہ متنازعہ ہے کہ وہ حکومت جو ایک ایسے مفکر کے عمل کا نتیجہ ہے جو سیاسی جماعتوں کو مخالف اسلام سمجھتا ہے وہ حکومت آیا یہ پابندی بھی لگا رہی ہے کہ نہیں کہ جو لیجسلیٹرز ہیں وہ جماعت کے خلاف اپنی ضمیر کی آزادی کے مطابق ووٹ بھی دے سکتے ہیں کہ نہیں۔ یہی بات ابھی واضح اور صاف نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ایک شخص ایک جماعت میں ہو لیکن ایک قومی مسئلے پر اس کا ضمیر اس کو اجازت نہیں دیتا کہ وہ اپنی جماعت کے موقف کی تائید کرے آپ جو اسلام کے چیمپئن ہیں آپ کو تو خوش آمدید کہنا چاہیئے کہ وہ آزادی ضمیر کا مظاہرہ کرتے ہوئے ووٹ کی آزادی کا قائل رہے۔ آپ نے جو لٹریچر اس ہاؤس میں تقسیم کیا ہے اسلامی ریاست کے نام پر اور جس میں آپ نے بڑے بڑے مفکرین کے نام ہم کو بتائے ہیں کہ یہ ان کا لکھا ہوا ہے حضرت مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی مرحوم، مولانا امین حسن اصلاحی، مولانا سید سلیمان ندوی مرحوم، آپ اسی لٹریچر کو پڑھ لیں اس کے اندر کیا یہ نہیں لکھا ہوا ہے کہ ایک اسلامی پارلیمنٹ میں ممبر پر یہ پابندی نہیں لگائی جا سکتی کہ وہ ووٹ سیاسی جماعت کے ماتحت دے۔ لیکن آپ کے سامنے ایک مجبوری ہے آپ ایک غیر جماعتی انتخاب کے نتیجے میں پیدا ہوئے ہیں آپ اب دوسرا جنم لینے والے ہیں۔ آپ اس بھیڑ کو اکٹھا رکھنا چاہتے ہیں آپ کے سامنے مسئلہ یہ ہے کہ اس خوف کی اس ڈر کی تلوار ان کے سر پر لٹکی رہے کہ اگر ووٹ ہم نے اپنے اس گروہ کے ساتھ نہ دیا تو ہماری سیٹ ختم ہو جائے گی آپ کو ڈر ہے کہ اگر یہ بات آپ نے ختم کر دی تو یہ لوگ آپ کا ساتھ نہیں دیں گے اصل بات یہ ہے جس کی وجہ

سے آپ یہ شق لکھنے پر مجبور ہیں لیکن وہ آپ کا اسلام کہاں گیا وہ آپ کی آزادی ضمیر کہاں گئی وہ کتاب و سنت کی تعلیمات کہاں گئیں۔ وہ مجالس وعظ کہاں گئیں جو گھنٹوں آپ نے ٹی وی پر منعقد کیں اور اسلام اسلام کے نعرے لگا کر آپ نے ہمارے کانوں کے پردے پھاڑ دئیے۔

جناب چیئرمین! میں یہ باتیں اس لئے کر رہا ہوں کہ جیسے کہ میں نے عرض کیا اب ہم جمہوریت کے دور میں داخل ہو رہے ہیں لیکن یہ یاد رہے کہ مارشل لاء ۳۱ دسمبر کو اٹھے گا یا نہیں اٹھے گا میں کہتا ہوں نہیں اٹھے گا۔ یہ صرف معطل ہوگا اور معلق ہوگا یہ اسی فضا میں رہے گا یہ صرف کرسی سے اٹھ جائے گا لیکن فضا میں معلق ہو جائے گا یہ معطل ہو جائے گا۔ یہ کچھ وقت کے لئے پھر گھات میں چلا جائے گا۔ یہ کچھ وقت کے لئے پھر کمین گاہ میں چلا جائے گا۔ یہ پھر اپنے دندان آز تیز کرنے کے لئے کچھ معبادہم سے لے لے گا اگر ہم نے سیاسی جماعتوں کو کھل کر کام کرنے کا موقع نہ دیا۔ اگر ہم نے یہاں قومی سیاسی جماعتیں قائم نہ کیں اگر ہم نے کیڈر نہ قائم نہ کئے اگر ہم نے سیاسی کارکنوں کو اس ملک کی خدمت کرنے کا آزادانہ موقع نہ دیا تو پھر وہ مارشل لاء جو کمین گاہ میں چھپ جائے گا جو گھات لگا کر بیٹھے گا وہ پھر اس گھات سے نکلے گا پھر اسی کمین گاہ سے نکلے گا اور پھر ہم پر مسلط ہو جائے گا۔ آپ نے آٹھ نو سالوں میں سیاست کو تہس نہس کر دیا۔ آپ نے سیاست کی اینٹ سے اینٹ بجا دی ہے آپ نے قومی سیاست دانوں کی کردار کشی کی ہے۔ آپ نے ان پر اتنا کیچڑ پھینکا ہے کہ وہ سالہا سال تک اس کیچڑ کے ملبے سے نکل نہیں سکتے۔ آپ کے ذرائع ابلاغ قومی ہیرو کی حیثیت میں کھلاڑیوں کو تو پروجیکٹ کرتے ہیں فن کاروں کو تو پروجیکٹ کرتے

[Maulana Kausar Niazi]

ہیں لیکن قومی سیاست والوں پر ذرائع ابلاغ کے دروازے بند ہیں۔ وہ علمائے دین آپ کے ٹی وی میں نہیں آ سکتے ریڈیو میں نہیں آ سکتے کہ جو قومی سیاست میں بھی حصہ لیتے ہیں، وہ قرآنی اور اسلامی پروگراموں میں نہیں آ سکتے۔ اس لئے کہ وہ قومی سیاست میں حصہ لینے کے مجرم ہیں۔ آپ قومی سیاست کو جرم سمجھتے ہیں آپ نے سیاست کو ایک قومی خدمت کا درجہ نہیں ایک قومی جرم کا درجہ دے رکھا ہے۔ واللہ آپ نے قومی سیاست کو ذبح کیا۔ اب خدا کے لئے ایسا قانون بنائیے، جس میں کھلی فضا میں سیاسی جماعتیں کام کر سکیں، جس میں قومی سیاسی جماعت بن سکے جو اب تک نہیں ہے۔

اس ملک کا المیہ یہ ہے کہ کوئی قومی سیاسی جماعت ملک میں موجود نہیں ہے۔ ایک قومی سیاسی جماعت بننے دیجئے، آپ میں تو اللہ کے فضل سے بنانے کی ہمت، استطاعت اور توفیق ہے ہی نہیں؟ لیکن آپ باہر لوگوں کو بنانے دیجئے، اور ان کو آزادانہ کام کرنے دیجئے، اگر آپ نے یہ نہ کیا، تو پھر میں Warn کرتا ہوں، انتباہ کرتا ہوں، اور درویش کی صدا کیا ہے یہی کہہ سکتا ہوں کہ اب اگر پھر مارشل لاء آیا، تو اس کے ذمہ دار آپ ہوں گے۔ اس لئے کہ آپ یہ قانون اپنی مخصوص مصلحتوں کے تحت بنا رہے ہیں اور جناب چیئرمین! میں آخری بات اس شعر پر ختم کرتے ہوئے عرض کرتا ہوں کہ یہ قانون کسی اور استبداد کو جنم نہ دے، مگر آپ خلق و خالق کی بارگاہ میں کھڑے ہیں، آپ اکثریت کے بل پر یہ قانون منظور کرا سکتے ہیں۔ لیکن ہم اس میں پارٹی بننے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ آپ نے خلق کو جواب دیجئے گا، آپ خالق کو جواب دیجئے گا اور یاد رکھئے، یہ بات کہہ کر میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

؎ عدل و انصاف قیامت پہ نہیں ہے موقوف
زندگی خود بھی گناہوں کی سزا دیتی ہے

جناب ڈپٹی چیئرمین: محترم جناب قاضی عبداللطیف صاحب،

قاضی عبداللطیف : جناب والا! میں نے تو کل کے لئے درخواست کی تھی - میں انشاء اللہ کل ۱۶ تاریخ کو گذارش کروں گا -

جناب ڈپٹی چیئرمین : کل شاید وقت نہ مل سکے -

قاضی عبداللطیف : تو اس کا مقصد یہ ہے کہ مجھے تقریر نہیں کرنے دی جائے گی -

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب محترم وسیم سجاد صاحب؟

**Mr. Wasim Sajjad :** Mr. Chairman, I am very grateful to you for giving me this opportunity to express my views on the Political Parties (Amendment) Bill. Sir, Pakistan inherited a democratic, parliamentary system of government and from 1947 upto 1958 function under a parliamentary system. During this period we saw seven Prime Ministers one after an other being brought to that office. I am delibrately not using the word's elected to that Office, I have used the words 'brought to that Office' and during this period our neighbour India had only one Prime Minister and the main reason for this frequent change in government was stated to be one and rightly that is the floor crossing by members who for minor advantages were quite keen to change their parties. It was because of this back ground that a need was felt to frame an Act of Parliament in 1962 which placed restrictions on members from changing their parties. This principle Sir, is part of the parliamentary conventions in England which is the source of this kind of Government. It is a convention that if a person is elected as a candidate of a party and for some reason, he no longer wants to continue with that party, the reason may be political, reason may be moral, reason may be any, yet it is a convention that he will resign from his seat as a member of the parliament and seek re-election. After 38 years of experimentation with this kind of Government and this system of democracy, India has not felt the need to bring in this provision into their legal frame work. The principle underlying is that in this system where political parties exist and which put up candidates for election, the public votes for the party and not for the individual. The people vote for the party's manifesto for party is programme and it is for this reason, it is felt that if a person has been elected on the basis of a manifesto given by a party and he wants to change that party. He

[Mr. Wasim Sajjad]

must resign and seek re-election. It is a breach of trust with the people who need representation.

